ڈرامے کا بغور مطالعہ کیا جائے تو یہ ڈرامافن کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا۔کیونکہ کئی بار ایک ہی منظر کو ایک سے زیادہ حصے میں تقسیم کر دیا گیا ہے تو ایک حصے میں کئی مناظر بیان کر دیے گئے ہیں۔مکالمے میں ہدایت اور ہدایت میں مکالمہ کی آمیزش ہے۔اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ڈرامانگار کو اسٹیج پر ڈراما پیش کرنے یا ہونے کا علم کم ہے۔ڈرامے کو منظر کے بجائے حصے میں جس طرح سے تقسیم کیا گیا ہے وہ اسٹیج کے بجائے واقعات کو مد نظر رکھ کر کیا گیا ہے۔حالانکہ اس تحریر سے کم و بیش 26 برس قبل اردو میں 'اندر سبھا' کی شکل میں مکمل ڈرامانہ صرف ضابطۂ تحریر میں آچکا تھا بلکہ اسے کامیابی سے کھیلا بھی جا چکا تھا اور اس کی مقبولیت اس قدر تھی کہ اس زمانے میں ڈراما کو اندر سبھا کہا جانے لگا۔دوسری جانب 'نوابی دربار' سے قبل بنگال کے شہر ڈھاکہ میں کمپنیاں قائم ہو چکی تھیں اور یہاں 'ناگر سبھا' اور 'صولت عالم گیر' جیسے ڈرامے لکھے جا چکے تھے۔بنگال کے شہر کلکتہ میں اس سے کم و بیش ایک سو برس قبل ڈراما کھیلے جانے کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا۔اس کے باوجود سید محمد آزاد کا اسٹیج سے ناواقف ہو کر ڈراما لکھنا چہ معنی دارد۔

سید محمد آزاد کو فارسی زبان و ادب کا خاصا علم تھا جس کی عکاسی اس ڈرامے میں بھی ہوتی ہے۔اکثر مقام پر فارسی کے قول، مصرعے یا اشعار ملتے ہیں جو زیادہ تر مقامات پر با معنی لگتے ہیں تو کہیں کہیں پر کھٹکتے ہیں۔'نوابی دربار' کا خاتمہ ڈرامے کی مانند نہ ہو کر ناول یا افسانے کی طرز پر ہوتا ہے۔ڈرامے کا خاتمہ یا تو مکالمے پر ہوتا ہے یا پھر حرکات و سکنات اور چہرے کے تاثرات کی پیش کش پر۔خاتمے میں اس کی تلخیص یا نتیجہ نہیں بیان کیا جاتا لیکن 'نوابی دربار کا خاتمہ میر جانی کے آخری مکالمے کے بعد نتیجہ سخن پر کیا گیا ہے:

''نتیجہ سخن یہ ہے کہ خان صاحب اپنی بے ایمانی، خود غرضی، ہر ایک کے ساتھ چالاکی کرنے سے ذلیل و خوار، بدنام ہو کر نکالے گئے۔نواب صاحب نے اپنی حماقت سے بلا دریافت اصل حال۔اگرچہ خان کو نکالا مگر سب موذیوں کا پورا استیصال نہ کیا۔میر و مرزا وغیرہ اپنی چالاکی سے جو لکے توں خیر خواہ بنے رہے اور آخر اس گھر کو تباہ کر کے رہے۔

سگ وزیر و گربہ مرح و موش دربانی کند

ایں چنیں ارکان دولت خانہ ویرانی کند

اس روشنی میں اگر سید محمد آزاد کے 'نوابی دربار' پر گفتگو کو سمیٹتے ہوئے یہ کہا جائے کہ یہ مکالمے کی شکل میں لکھی ہوئی ایک ایسی تحریر ہے جسے ایک اچھا اور ماہر ہدایت کار ترمیم و اضافے کے ساتھ اسٹیج پر پیش کر سکتا ہے تو اسے ڈرامے کے زمرے میں رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔حالانکہ اس کی موجودہ شکل پر کئی لوگوں کو ناول کا شائبہ نظر آیا ہے تو کئی نے اسے فسانہ کہا ہے اور اس کا احساس اس کے مطالعے کے دوران بھی ہوتا ہے۔لیکن چونکہ اس میں ڈرامے کا عنصر غالب ہے اس لیے ہم اس کا شمار ڈرامے کے طور پر کر سکتے ہیں اور اسی نقطۂ نظر سے اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔اس تحریر کو اہمیت اس لیے

بھی حاصل ہے کہ لکھنؤ میں 'اندر سبھا' کے بعد 'نوابی دربار' لکھنؤ کے 'اودھ پنچ' میں ڈرامائی صورت میں شائع ہونے والی مختلف تحریر تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اس ڈرامے نے اس زمانے کے لوگوں کو زیادہ متاثر کیا لیکن فن کی کسوٹی پر ڈرامے کچھ کمیاں نظر آتی ہیں۔

سید محمد آزاد نے طنز و مزاح کے پیرائے میں جو تحریر سپرد قلم کی ہیں وہ نہ صرف اپنے زمانے کی نمائندگی کرتی ہیں بلکہ بعد کے قلم کاروں کے لیے بھی مشعل راہ ثابت ہوتی ہیں۔ انھوں نے ڈکشنری لکھی تو نہ صرف یہ کہ انگریز اور برطانوی تہذیب کا خاکہ اڑایا بلکہ اپنے ہم وطنوں کو تلقین کی کہ اس کی نقل میں اپنی مثبت تہذیب و ثقافت کو نہ چھوڑیں۔ جو خطوط لکھے ان میں اپنے ملک اور مشرقی خواتین کی عفت و عظمت کا پاس رکھتے ہوئے مغربی تہذیب کی دلدادہ عورتوں کی ذہنیت اور ترقی کے نام پر تنزلی کو نہایت پر لطف انداز میں پیش کیا ہے۔ خود نوشت کے انداز میں ہندوستان میں مختلف پیشے سے وابستہ لوگوں کی قلعی کھول کے رکھ دی ہے۔ اور ڈرامے کے پیرائے میں پیش کی گئی تحریر کے ذریعے زوال آمادہ معاشرے اور فریب میں مبتلا رؤسا و امرا کے حالات بیان کر دئے ہیں۔ آزاد کا انداز بیان اس قدر دلچسپ ہے کہ ان میں موجود زہر بھی قند معلوم ہوتا ہے اور قارئین کو اپنی جانب متوجہ کر لیتا ہے۔ ان میں سے بیشتر نگارشات 'اودھ پنچ' میں شائع ہوئیں اس لیے اس کا علم ہوتا ہے کہ 'اودھ پنچ' کے قارئین کو سید محمد آزاد کی تحریر کا بے صبری سے انتظار رہتا تھا۔ اس کے باوجود سید محمد آزاد پر جس طرح کام ہونا چاہیے ابھی تک نہیں ہو سکا ہے۔ اس لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ ان کی تمام تحریروں کا از سر نو محاسبہ کر کے ان کا مقام متعین کیا جانا چاہیے۔

☆☆☆

اردو ناولوں میں نسائیت: آزادی سے قبل اردو ادب کا ایک سماجیاتی مطالعہ

پروفیسر عذرا عابدی،

صدر شعبۂ سماجیات،

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

تلخیص 1857 سے پہلے تک اردو ادب میں کہانیوں کا دور رہا۔ اردو کا یہ داستانوی ادب نسائیت (فیمینزم) کے اس تصور کو پیش کرتا ہے جو کسی نہ کسی طرح اس دور کی خواتین کی سماجی آواز کو ظاہر کرتا ہے۔ ان کہانیوں میں صرف عورت کی منفی شبیہہ ہی نہیں بلکہ اس کے مثبت کردار کو بھی مصنفین نے بیان کیا ہے۔ کہیں یہ حقیقت کے قریب ہیں، تو کہیں تخیلاتی۔ یہاں تک کہ 1857 کے آتے ہی تخیل کی جگہ حقیقت نے لے لی اور کہانیوں کا دور ختم ہو گیا۔ سائنسی اور صنعتی دور میں کہانیاں ایک بھولی بسری یاد بن کر رہ گئیں، اور ناول اور جدید کہانی نے اردو ادب میں اپنی جگہ بنانا شروع کر دی۔

پیش کردہ مضمون میں آزادی سے قبل اردو ناول میں نسائیت کے موضوع کو بنیاد بنایا گیا ہے۔ اس ضمن میں کچھ اہم مصنفین جیسے نذیر احمد، سرشار، ہادی روسوا اور پریم چند کی نمایاں تخلیقات کے ذریعے بھارتی سماج میں نسائیت کا سماجیاتی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔

کلیدی الفاظ: نسائی، سماجی حقیق ،اردو ناول ،خواتین کی نمائندگی، سماجی تشکیل، پدر شاہی

تعارف اگرچہ کہانیاں اور قصے اپنی ادبی حیثیت سے خامیوں سے پاک نہیں رہے، لیکن سماج میں ان کی اہمیت اور خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، اور نہ ہی مفکرین اور مصنفین اس سے منہ موڑ سکتے ہیں۔ قدیم زمانے سے ہی بھارتی سماج میں کہانیاں سنانے اور سننے کی اہمیت کو تسلیم کیا گیا ہے۔ اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں کہ کہانی سنانے کی مہارت انسان کی قدیم ترین فنون میں سے ایک ہے جو سماج میں رائج رہی ہے۔ یہ فن تقریباً ہر سماج، برادری اور ملک میں رائج رہا ہے۔ اردو میں اس فن کی پیدائش دیگر ادبی فنون کی طرح ایران میں ہوئی۔

1857 سے پہلے تک اردو ادب میں کہانیوں کا دور رہا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ادب کو بادشاہوں اور راجاؤں کے درباروں میں پناہ لینی پڑتی تھی، اور ان کی خواہش کے مطابق کہانیاں اور داستانیں لکھی جاتی تھیں۔ اسی سلسلے میں سب سے پہلی کہانی "سب رس " سن 1635 میں لکھی گئی اور عوام کے سامنے پیش کی گئی۔ اس کے مصنف اسد اللہ وجہی تھے۔ یہ کتاب اردو زبان میں ادبی لحاظ سے لکھی گئی پہلی تخلیق مانی جاتی ہے۔ اس سے پہلے جو مواد دستیاب ہے

وہ زیادہ تر مذہبی نوعیت کا ہے،اور اس میں وہ ادبی خوبیاں موجود نہیں تھیں۔ لیکن "سب رس "میں وہ تمام خصوصیات پائی جاتی ہیں جو کسی تحریر کو ادب کے زمرے میں شامل کرنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں۔

اگرچہ اسد اللہ وجہی کا مقصد اپنے دور کی سماجی یا اخلاقی تصویر کشی کرنا نہیں تھا، لیکن "سب رس " میں ایک ایسی دنیا سامنے آتی ہے جو صرف خیالی نہیں بلکہ حقیقت سے قریب تر بھی ہے۔ ہر سماج میں عورت اور مرد کے تعلقات کو تسلیم کیا جاتا ہے،اور یہ تعلقات مختلف نوعیت کے اور مختلف صورتوں میں پائے جاتے ہیں۔ "سب رس "میں مردوں کی تصویر کشی کرتے ہوئے مصنف نے ان میں صبر اور برداشت کو خاص اہمیت دی ہے۔ بھارتی معاشرہ مردانہ غلبے والا رہا ہے، لیکن اپنی اس تخلیق میں وجہی نے عورتوں کی خوبیوں کا بھی ذکر کیا ہے، خاص طور پر ان عورتوں کا جو اپنے شوہروں کو دیوتا مانتی ہیں اور ان کے ساتھ وفادار رہتی ہیں۔

جس وقت "سب رس " لکھی گئی،اُس وقت سماج میں کثرتِ ازواج کا رواج عام تھا اور سوکنوں کے جھگڑے ہر گھر کی کہانی تھے۔ یہ حقیقت صرف کہانیوں میں ہی نہیں ملتی بلکہ اس وقت کے اردو ادب میں بھی اس کا ذکر ملتا ہے، جو اس دور کے سماج کی اصل تصویر پیش کرتا ہے۔ اُس وقت عورتوں کو کم عقل تصور کیا جاتا تھا، اور اس کی وجہ ان میں پائی جانے والی نرمی اور حساسیت کو مانا جاتا تھا۔ مردوں کا یہ ماننا تھا کہ عورتیں جذبات کی رو میں بہہ کر غلط فیصلے کر بیٹھتی ہیں۔

اس کی مثال "سب رس "کی ایک کردار راجکماری حسن ہے، جو حسد کی وجہ سے بغیر سوچے سمجھے اپنے محبوب کو قید کر لیتی ہے اور آخر میں اپنے فیصلے پر پچھتاتی ہے۔ اس کے علاوہ اس اردو کہانی میں ایسی عورتوں کا ذکر بھی ہے جو فریب اور مکر سے بھری ہوتی ہیں، اور ایسی عورت کو خدا کا گناہ سمجھا گیا ہے، جو دوسروں کے گھر تباہ کرتی ہے۔ ایسا ہی ایک کردار "سب رس "میں "غیر "نامی عورت کا ہے۔

اس طرح اردو کا یہ داستانوی ادب نسائیت کے اُس تصور کو پیش کرتا ہے جو کسی نہ کسی صورت میں اُس دور کی عورتوں کی سماجی آواز کو بیان کرتا ہے۔

جنوبی بھارت میں کہانیوں کا سلسلہ اٹھارھویں صدی کے آخر سے شروع ہوتا ہے۔ جب انیسویں صدی میں فورٹ ولیم کالج کے زیر نگرانی پندرہ کہانیوں کا اردو میں ترجمہ کیا گیا۔ 1800 سے 1820 تک فورٹ ولیم کالج کے باہر لکھی جانے والی کہانیوں کی تعداد پانچ تھی جن میں "انشاءاللہ خان" کی "رانی کیتکی" کو خاص مقام حاصل ہے۔ ان کہانیوں میں بھارتی عورت کے وہ تمام رنگ موجود ہیں، جن کی تخلیق میں صدیوں کی روایات اور رسموں کا اثر پایا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر بیٹیوں کے پیدا ہونے پر غم کا ماحول، شوہر کو خدا سمجھنا، عورت کا وجود صرف شوہر، بچوں اور گھر کے لیے، سکونت سے بھرپور گھر کا ماحول جس کے لیے ہمیشہ عورت قربانی دیتی ہے وغیرہ۔ اس وقت کی کہانیوں میں عورت کی تصویر اس کی خوبصورتی اور محبوب و محبوبہ کے قصوں، محبت کی ملاقاتوں اور ملاقات کے طریقوں کو دلچسپ بنا کر پیش کیا گیا ہے۔ تمام قصے کہیں نہ کہیں سماج کی حقیقت کو ظاہر کرتے ہیں۔ انہی کہانیوں میں مصنفین نے عورت کو رسم و رواج، مذہب اور قوم کے محافظ کے طور پر بھی دکھایا ہے جو تیز□□□وں اور طنز کے ذریعے جنگوں کی صورتحال بھی بدل دیتی ہے۔ اس طرح کہا جا سکتا ہے کہ کہانیوں میں صرف عورت کی منفی تصویر ہی نہیں بلکہ اس کے مثبت کردار کو بھی مصنفین نے بیان کیا ہے۔ کہیں یہ حقیقت کے قریب ہے تو کہیں خیالاتی ہے۔ یہاں تک کہ 1857 کے آتے ہی خیالاتیت کی جگہ حقیقت نے لے لی اور کہانیوں کا دور ختم ہو گیا۔ سائنسی

اور صنعتی دور میں کہانیاں ایک بھولی بسری کہانی بن کر رہ گئیں۔ ناول نے اپنی جگہ بنانا شروع کر دی۔ راجکماری کی جگہ نذیر احمد کی "اسغری" اور "اکبری" نے لے لی۔

پیش کردہ مضمون میں آزادی سے پہلے اردو ناول میں نسائیت کے موضوع کو بنیاد بنایا گیا ہے۔ اس ضمن میں میں کچھ اہم مصنفین جیسے نذیر احمد، سرشار، ہادی رسوا اور پریم چند کی اہم تخلیقات کے ذریعے بھارتی سماج میں نسائیت کا سماجیاتی مطالعہ پیش کروں گی۔ یہ بھی ایک خوبصورت اتفاق ہے کہ شاعری کی طرح ناول بھی دہلی اور لکھنؤ سے متعلق رہا ہے۔

ڈپٹی نذیر احمد کو یہ کریڈٹ دیا جاتا ہے کہ آپ نے اردو میں پہلی بار ایسی تخلیق پیش کی جسے ناول کی درجہ بندی میں رکھا جا سکتا ہے۔ ان کے ناولوں، "مراۃ العروس، توبۃ النصوح، فسانۂ مبتلا، ابن الوقت" وغیرہ میں سے کوئی بھی ایسا ناول نہیں ہے، جس میں انیسویں صدی کے سماجی زندگی اور اُس وقت کے مسلم گھرانوں کی حقیقتی تصویر پیش نہ کی گئی ہو۔ متوسط طبقے کے خاندانوں کی حالت زار اور ان کی اصلاحات کے ساتھ ساتھ عورتوں سے جڑی تباہی کا تفصیلی عکس نذیر احمد نے اپنے ناولوں میں پیش کیا۔ نذیر احمد کے ناولوں میں متوسط طبقے کی خواتین کے سماجی اصلاحات اور فلاح کا ذکر بھی نمایاں طور پر کیا گیا ہے کیونکہ نذیر احمد کے مطابق کسی بھی سماج کی تشکیل اس کی خواتین کو اہمیت دیے بغیر نامکمل ہو گی۔ اپنے ناول "مراۃ العروس" میں لکھا ہے، "گھر کا کاروبار ایک دن بھی عورت کے بغیر نہیں چل سکتا، مرد جتنا بھی ہوشیار کیوں نہ ہو، ممکن نہیں کہ عورت کی مدد کے بغیر گھر چلا سکے۔ یہی وجہ ہے کہ عورت کی موت کو ایک گھر کے اجڑنے سے جوڑا جاتا ہے۔"

نذیر احمد کا یہ نظریہ تھا کہ مردوں کے مقابلے میں عورتوں کی حالت میں زیادہ بہتری کی ضرورت ہے۔ جاگیر دارانہ نظام میں خواتین ایک تصویر کی مانند نظر آتی تھیں اور مرد انہیں اپنی سرمایہ سمجھتے تھے۔ ان کے ناول میں عورتوں کی خراب اور بدتر حالت کے تمام پہلو واضح طور پر پیش کیے گئے ہیں۔ انہی وجوہات کی بنا پر عورتوں کی شخصیت نہ تو مکمل طور پر ترقی کر سکی اور نہ ہی وہ اچھی بیوی یا اچھی ماں بن سکیں۔ نذیر احمد اپنے ناول میں عورتوں کی حالت کے لیے کہیں نہ کہیں مردانہ معاشرے کو ذمہ دار ٹھہراتے ہیں۔ وہ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ مردوں نے عورتوں کو اپنے ذاتی مفادات کے لیے استعمال کیا اور اپنے زیرِ نگی رکھا جس کے نتیجے میں خواتین تعلیم اور معاشرتی روایات سے محروم ہو گئیں۔ اس کا سبب مردوں میں یہ خوف تھا کہ کہیں عورتیں تعلیم یافتہ ہونے کے بعد اپنے حقوق اور فرائض کا مطالبہ نہ کرنے لگیں اور مردوں کے برابر معاشرہ میں جگہ نہ بنالیں۔

اس پابندی کا منفی اثر عورتوں کی شخصیت پر پڑا اور آہستہ آہستہ معاشرے میں ان کا زوال شروع ہوا اور وہ خود بھی معاشرے میں پھیلائے گئے اس اسودہ رسم ورواج کو اپنانے لگیں۔ اس طرح جہالت، روایات اور ریتی رواج نے عورتوں کو مکمل طور پر جکڑ لیا اور وہ انہیں اپنے قبضے میں رکھنے میں کامیاب رہے۔ نذیر احمد نے اس مسئلے کو بھی اپنی تخلیق میں جگہ دی ہے۔ وہ عورتوں کے اس زوال اور اپنے گھریلو فرائض سے گریز کے نتائج کی جانب بھی اشارہ کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ جب عورتیں اپنے گھر خاندان، شوہر، بچوں اور رشتہ داروں کے فرائض کو بخوبی نبھانے میں ناکام رہیں تو ان کے شوہروں نے اپنے دل کو بہلانے اور عیاشی کے لیے طوائفوں کے پاس جانے لگے۔ یہ طوائفیں ان کے لیے ایسے تمام مواقع اور وسائل فراہم کرنے لگیں جو اُس وقت

کے متوسط طبقاتی خاندانوں میں مردوں کے لیے دستیاب نہیں تھے۔ نذیر احمد نے اپنے ناولوں میں مکمل طور پر ایسے مواقع کے لیے عورتوں کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔

نذیر احمد عورتوں میں کچھ مخصوص خصوصیات دیکھنے کی بات کرتے ہیں جن سے گھر کا ماحول خوشگوار رہے اور شوہر مطمئن رہیں، اور اس ضمن میں وہ تعلیم کو نہایت ضروری سمجھتے ہیں۔ ان کا خیال تھا کہ تعلیم کا مقصد عورت کو ایک اچھی بیٹی، بیوی اور ماں بنانا ہونا چاہیے۔ نذیر احمد کی نظر میں عورتوں کی تعلیم کا تصور بہت محدود دکھائی دیتا ہے۔ اپنے ناول "مرات العروس" میں ایک جگہ وہ لکھتے ہیں، "عورت کا پیدا ہونا صرف مرد کی خوشی کے لیے ہے اور عورت کا یہ فرض ہے کہ وہ مرد کو خوش رکھے۔ افسوس کہ دنیا میں بہت کم عورتیں اس فرض کو پورا کرتی ہیں۔"

نذیر احمد کا یہ ماننا تھا کہ بیوی کی زندگی کا مقصد شوہر کی خدمت کرنا ہے۔ ان کے ناول میں جس مثالی عورت کی تصویر اُبھرتی ہے وہ حقیقت میں درمیانی طبقے کے مسلمان خاندانوں کی خواتین ہیں۔ یہ خواتین معاشی لحاظ سے مردوں پر منحصر تھیں اور اپنی زندگی صرف انہی کی خواہشات کے مطابق گزارتیں تھیں۔ معاشرے میں نہ تو ان کی کوئی عزت تھی اور نہ ہی کوئی وجود۔ یہ اُس وقت کی وہ حقیقی معاشرتی حالت تھی جس میں مذہب اور جاگیرداری نظام نے خواتین کے وجود کو مکمل طور پر دبا دیا تھا۔ شاید یہی وجہ ہے کہ چاہ کر بھی نذیر احمد کوشش کرنے کے بعد بھی اُس وقت کے رواج سے خود کو الگ نہ کر سکے، اور اپنی تحریر میں مرد پر مبنی معاشرے میں خواتین کے وجود کو اُسی نظر سے دیکھا جو اُس وقت کی نظامت اور سوچ چاہتی تھی۔

سرشار کا موضوع اودھ کی تہذیب اور ثقافت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے انفرادی اور معاشرتی دونوں پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے۔ ان کا تعلق لکھنؤ سے تھا اور وہ شہر کی تنگ گلیوں سے لے کر محلے تک واقف تھے۔ انہی گلیوں اور محلوں میں گھوم پھر کر انہوں نے اپنا ادبی مشاہدہ کیا تھا۔ ان کے ناول میں خواتین میں بیگموں کی زندگی سے کہیں زیادہ دلچسپ اور جاندار تصویر اُس حصے میں دکھائی دیتی ہے جو مردوں کی تھی۔ یہ مرد نواب تھے، دولت اور لذت کے وہ تمام حقوق ان کے پاس تھے جن کی وجہ سے بیگموں کو محروم رکھا گیا تھا۔ اودھ کی تہذیب اور ثقافت سرشار کے ناولوں کا ایک اہم جزو ہے لہٰذا نوابوں کی پٹرانیاں ان کی محافظت بن کر اُبھرتی ہیں۔ وہ اپنی زبان، لباس اور برتاؤ میں ایسا کوئی عمل نہیں کرتے کہ انہیں غیر مہذب کہا جائے۔ یہ تمام خواتین چار دیواری کی پابند تھیں اور رسم و رواج کے بندھن میں جکڑی رہ کر انہیں بہت کم سیر اور تفریح کے مواقع مل پاتے تھے۔

سرشار نے اپنے ناولوں میں اودھ کی بیگمات کی تصویر پیش کرتے وقت ان میں وفاداری، رکھ رکھاؤ، شرافت، عزت اور قربانی جیسے اوصاف کو خاص مقام دیا۔ اس کی مثال 1860 میں شائع ہونے والے ناول "سیر کوہسار" کے کردار نواب نادر جہاں بیگم اور جامے سرشار کے نواب امین الدین کی بیوی ہیں۔ ۔ یہ خواتین نوابوں کے پست کردار کے مقابلے میں اعلیٰ اخلاقیات کی نمائندگی کرتی ہیں۔ تاہم، اودھ کی ان اعلیٰ طبقاتی خواتین کی حالت صرف ان کے گھریلو ماحول اور شوہر کی خواہشات کی تکمیل تک محدود ہے۔ یہ خدمت گزارانہ رویہ ان کی زندگی کا مرکزی جزو ہے۔ اس کے عوض انہیں قیمتی لباس اور زیورات مل جاتے تھے اور ان کی زندگی کا زیادہ تر وقت سجاوٹی آرائش میں گزرتا تھا، جس میں وہ خوش نظر آتی تھیں۔

سرشار نے اپنے ناول میں مغلانی یعنی رکھیل یا لونڈی کی موجودگی کو بھی بیان کیا ہے۔ ایک خوبصورت اور پتیودار پٹرانہ ہونے کے باوجود نوابوں کا اس قسم کی بازار کی عورتوں سے تعلق اُس وقت کی خواتین کی سماجی حالت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کا بنیادی سبب یہ تھا کہ خواتین گھر کی چار دیواری میں بند رہتی

تھیں، تعلیم سے دور رہتی تھیں اور اپنے حقوق کا علم نہیں رکھتیں۔ آؤدھ کے بیشتر گھروں میں یہ مغلانی عورتیں اثرانداز ہوتی تھیں، جو بچوں کی پرورش کے لیے رکھی جاتی تھیں۔ تاہم، آہستہ آہستہ ان کا اثر اتنا بڑھ گیا کہ وہ پرورش کے علاوہ دوسرے کاموں میں بھی اپنا کردار ادا کرنے لگیں۔ سرشار نے اپنے ناول میں ان عورتوں کو "تریا کردار والی" قرار دیا ہے جو ہنستے کھیلتے گھر کو تباہ کرنے کا سبب بنتی تھیں۔

سرشار کی مثالی عورت جو بیگم تھیں، پردے میں پوشیدہ رہتی ہیں اور یہ پاکیزگی کی مثال بھی ہیں۔ سرشار بھی نذیر احمد کی طرح خواتین کی تعلیم کا مقصد صرف گھریلو تربیت سمجھتے ہیں تاکہ وہ اچھی بیوی اور اچھی ماں بن سکیں۔ ان کے ناول میں مثالی عورت ایک ایسی ناری ہے جو پرانی تہذیب اور ثقافت کی محافظ ہے۔ سرشار خواتین کی تعلیم کو ایک محدود نظریے سے دیکھتے ہیں۔

ہادی روسوا (1858-1931) کے ناولوں میں پہلی بار ایک فنکارانہ پہلو کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ ان کی تحریر میں سماجی ماحول اور اخلاقیات کے موضوع مرد اور خواتین دونوں سے متعلق ہیں۔ ہادی روسوا نے سماج کی تعمیر اور بربادی کے لیے خواتین کے فرائض سے انکار نہیں کیا۔ روسوا نے اپنے ناول میں نچلے طبقے کی ان خواتین کا بھی تذکرہ کیا ہے جو غربت اور جہالت کی وجہ سے اخلاقیات سے محروم ہو چکی تھیں اور وہ سماج کو تباہی کے علاوہ کچھ نہیں دے سکتیں تھیں، ان خواتین کا بنیادی مقصد لذت میں مگن نوابوں کو بے وقوف بنا کر ان کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان کی دولت چھیننا تھا۔ ہادی روسوا کے ناول میں کچھ کردار، جیسے کہ اختری بیگم، اختری شہزادی میں اور بوا حسینی اس کا بہترین نمونہ ہیں۔

لکھنؤ کے سماجی زوال کی کہانی خواتین مزدوروں یا طوائف کی بحث کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔ ہادی روسوا نے اپنے ناول میں سماج اور طوائف کے باہمی تعلقات کا جائزہ لیا ہے۔ عمراؤ جان ادا میں خانم کا چکلا ایک ایسا واقعہ ہے جس میں اودھ کے سماجی ماحول اور اُس وقت کے اخلاقی اصولوں کی کھوکھلائی نمایاں ہوتی ہے۔ ایک طرف روسوا نے ان چکلاک پیدا ہونے کی وجوہات کو اجاگر کیا اور دوسری طرف یہ بھی دکھایا کہ لکھنؤ کی یہ طوائفیں نہ صرف نوابوں اور عیاش رئیسوں کو اپنی ادا سے لبھاتی تھیں بلکہ خود کو مذہبی قرار دینے والے مرد طبقے کو بھی اپنی خوبصورتی اور دلکشی کے انداز سے بچا نہ سکیں۔ روسوا کی ہمدردی عمراؤ جان اور خورشید جیسی طوائفوں کے ساتھ ہے، جو حالات کی مار کھا کر اس پیشے میں دھکیل دی گئی تھیں۔ مختصراً یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہادی روسوا نے اپنے ناول میں اودھ کے زوال کے بعد درمیانی طبقے کے خاندانوں کی خواتین میں پیدا ہونے والے بُروپنے کو بھی پیش کیا۔ روسوا ان عورتوں کے سدھار کے لیے تعلیم کو ناگزیر سمجھتے ہیں۔ ہادی روسوا کے ناول میں ایک امید کی کرن بھی نظر آتی ہے جو کہ تعلیم ہے، کیونکہ مصنف کا یہ ماننا ہے کہ اسی سے خواتین میں حالات کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ پیدا ہوگا۔

پریم چند کا دور ہندوستانی سیاست میں بیداری کا زمانہ تھا۔ اس وقت معاشرے میں انسانیت پسندی، تعلیم کے لیے کوششیں، اور آریہ سماج و برہمو سماج جیسے اصلاحی تحریکیں ابھر رہی تھیں، جن کا اثر پریم چند کی تحریروں پر بھی پڑا۔ انہوں نے اپنے ناولوں میں بیوہ کی حالت، جہیز کی رسم، بے جوڑ شادیوں، اور خواتین کے احترام و بااختیاری جیسے سماجی مسائل کو موضوع بنایا۔ پریم چند نے دیہی ہندوستانی پس منظر کو بنیاد بنا کر خواتین کی برابری اور حقوق پر لکھا، لیکن ان کی حدود ہندوستانی تہذیب و ثقافت کے دائرے میں تھیں۔

پریم چند خواتین کی اقتصادی خود مختاری کے حامی تھے، لیکن وہ اس کے مخالف تھے کہ خواتین کو اپنے وقار یا جسم کے ساتھ سمجھوتہ کرنا پڑے۔ انہوں نے اس رجحان کی تنقید کی جہاں خواتین کو صرف سرمایہ دارانہ معاشرے میں ایک 'شے' سمجھا جاتا ہے۔ پریم چند خواتین میں بیداری پیدا کرنے کے لیے تعلیم کو بنیاد مانتے تھے، لیکن وہ مغربی تعلیم کے اثر سے ہندوستانی خواتین کو بچانا بھی چاہتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ مغربی تعلیم کے زیر اثر جو ثقافت خواتین اپنا رہی ہیں، وہ ان کے کردار کو بلند نہیں کر سکتی۔ ان کے مشہور ناول 'گودان' میں مس مالتی کا کردار اسی کا مظہر ہے۔

پریم چند کا ماننا تھا کہ ایک عورت کا وجود اس وقت مکمل ہوتا ہے جب وہ ایک اچھی ماں اور اچھی بیوی کہلاتی ہے۔ انہوں نے مردوں کے فطرت میں تھوڑا سا حیوانی پن پایا، جس پر قابو پانا مشکل ہوتا ہے، اور یہی حیوانی فطرت اسے مرد بناتی ہے۔ ان کا خیال تھا کہ جس دن مرد اس سفر کو مکمل کر لے گا، وہ بھی عورت بن جائے گا۔ ہمدردی، قربانی، اور خدمت جیسے اوصاف دنیا کی ترتیب کے بنیادی ستون ہیں، اور یہ سب نسوانی خصوصیات ہیں۔ اگر عورت یہ سمجھ لے تو دونوں کی زندگی خوشحال ہو جائے گی۔ جب عورت مرد کے ساتھ حیوان بن جاتی ہے تو وہ خود بھی پریشان ہوتی ہے۔

پریم چند کے ناولوں میں عورت کا تصور قدیم ہندو عورت کی اعلیٰ اخلاقی خصوصیات پر مبنی ہے، لیکن اس میں کہیں کہیں مغربی تہذیب کی جھلک بھی نظر آتی ہے۔ 'گودان' میں گووندی اور 'بیوہ' میں پریما جیسے کردار عورت کے اعلیٰ کردار کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ وہ خواتین ہیں جو ہندو درمیانے طبقے کے خاندانوں سے تعلق رکھتی ہیں اور اپنے فرائض سے واقف ہیں، چاہے وہ بیٹی ہو، بیوی ہو یا ماں۔ پریم چند دیہی خواتین کو خود مختار اور خوددار بنانا چاہتے تھے، اور اس کا عکس ان کی تحریروں میں بھی ملتا ہے۔

نذیر احمد، سرشار، ہادی روسوا اور پریم چند کے ناولوں کا سماجی تجزیہ ظاہر کرتا ہے کہ فکری لحاظ سے پریم چند کی تخلیقات حقیقت کے زیادہ قریب ہیں۔ انہوں نے ہندو معاشرے میں عورت کی حالت اور اس کے مسائل کا گہرائی سے مطالعہ کیا۔ آزادی سے پہلے اردو ادب میں خواتین کے موضوع پر جو ناول لکھے گئے، ان میں سماجی مسائل اور خواتین کے مسائل کو کافی جگہ دی گئی۔ پریم چند کے زمانے میں بچپن کی شادی، ستی کی رسم، جہیز کی رسم، طلاق، بیوگی، اور ناخواندگی جیسے مسائل نے ہندوستانی معاشرے کو جکڑ رکھا تھا۔ پریم چند ان سے خواتین کو نجات دلانے کی کوشش کرتے نظر آتے ہیں۔ ساتھ ہی وہ معاشرے کو اس کی ذمہ داری کا احساس بھی دلاتے ہیں، تاکہ عورت اپنے حقوق کا تحفظ کر سکے۔

مذکورہ بالا بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اردو ناول کے ابتدائی مرحلے میں خواتین کو صرف دیوی یا ناز و نخرے دکھانے والی عورت کے طور پر پیش نہیں کیا گیا، بلکہ ان کے اہم کرداروں پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ نذیر احمد اور سرشار نے عورت کی خاندانی مسائل، سماجی تربیت، تعلیم، توہم پرستی، اور پردہ جیسے سماجی مسائل کو ناولوں میں نمایاں طور پر جگہ دی۔ یہ تمام موضوعات صرف زیر بحث نہیں آئے، بلکہ کہیں کہیں ان کا حل بھی پیش کیا گیا۔ روسوا کے ناولوں میں عورت طوائف کے روپ میں سامنے آتی ہے، اور اس شکل سے معاشرہ منہ نہیں موڑ سکتا۔ روسوا نے اس جانب سماجی مفکرین کی توجہ مبذول کرائی۔ پریم چند نے ہندوستانی زمین پر دکھ سہتی عورت کے مسائل اور اس کی ذہنی الجھنوں کو اپنا موضوع بنایا۔ پریم چند کے ناولوں میں سماجی مسائل پر پہلی بار عورت اپنی آواز بلند کرتی نظر آتی ہے۔ پریم چند کی اس کوشش کے ساتھ ہی اردو میں حقیقت نگاری کا دور شروع ہوا، اور نسوانیت کے موضوع کو اردو ناول میں ایک اہم مقام حاصل ہوا۔

حوالہ جات:

1. فہمیدہ کبیر، 'اردو ناول میں عورت کا تسبُّتور'، مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، 1992
2. جملی جالبی، 'تاریخِ عدل اُردو'، مجلسِ ترقی ادب، 1984
3. ملا وجہی، 'سب رس'، لاہور اکیڈمی، 1964
4. احمد ڈپٹی نذیر، 'توبتُ النُصُوح'، اردو پبلک لائبریری، آئی. سی. بی. این. 021-203-416-666

5. احمد ڈپٹی نذیر، 'مراتُال عروس'، اردو پبلک لائبریری، آئی. سی. بی. این. 020-203-416-666

6. اولڈن برگ بینا تلوار، 'دی میکنگ آف کالونیل لکھنؤ'، پرنسٹن یونیورسٹی پریس، 1984

7. پریم چند منشی، 'بیبا'، اسٹار بک انٹر نیشنل، لندن، 1990
8. پریم چند منشی، 'گودان'، روپہ اینڈ کمپنی، 2006
9. روسوامر زاہادی، 'امراو جان ادا'، سنگمیل پبلی کیشن، 2007
10. سرشار رتن ناتھ دھر، 'فسانہِ آزاد اور سیرِ کوہسار'، نیشنل بک ٹرسٹ، 2001
11. مکھر جی میناکشی، 'ریالزم اینڈ ریلٹی: دی ناول اینڈ سوسائٹی ان انڈیا'، آکسفورڈ پریس, 1985

☆☆☆

داستان تہذیبی مطالعات کا سرچشمہ

پروفیسر ڈاکٹر محمد یحییٰ صبا

شعبہ اردو، کروڑی مل کالج دہلی یونیورسٹی

Abstract: Despite the absurdly demonstrated actions and events of Dastan narratives, there is a dialectical relationship between reality and imagination or between history and fantasy.

Dastangoi is the oral tradition of storytelling. The word itself is a compound of two Persian words, Dastan and goi, and means telling a story. A Dastan may be written over years, created overnight, or composed by combining existing stories but it is always crafted to be told orally in a series of sittings. A novel is written to be read, a play is written to be performed and a Dastan is written to be told to a live audience.

'Dastan' is a Persian genre of storytelling in which serialized stories of extensive length are orally narrated in the Dastan goi style. Dastan goi, literally Persian for 'storytelling', is a performative form of narration in which the narrator enacts the story primarily through gestures and dramatic dialogue delivery. With its evocative language laden with exaggerated metaphors and the instances of poetic expression that cause emphatic shifts in the narrative tone, the Dastan in itself is a story-form fitted for oral performance.

The article examines of the as an of Urdu Dastan art, which is a description of the heroism, wisdom and courage of the people. Examples of famous Dastans of the Indian nation are given. The content of the work is analyzed. Particular attention is

paid to the genetic analysis of the Dastan: the origin of the monument is investigated.

I examined in this research paper is the nineteenth century was the age of emergence of Urdu prose mostly centred around religion and ethics. Urdu literature was more poetry-centred than prose. The prose of Urdu literature was mainly restricted to the ancient form of long-epic stories called Dastan which stood close to narrative genres in South Asian literature such as Persian Masnawi, Punjabi Qissa, Sindhi Waqayati bait, etc.

The legend was originally narrated in the performative style typical to storytelling in sessions where audiences gathered on successive nights. Dastan This particular style of narration is known as the art of which stands out from conventional forms of storytelling.

this research will focus on the Dastan's literary techniques and narrative style to explore how, in its form and style, it is literature specifically suited for oral dramatic storytelling. It is also examine the ways in which the transition from oral to written form has modified the Dastan's literary scope. A particular emphasis will be laid upon the impact of the Subcontinent's Colonization on this transition and, further, on the Dastan's revived place in present day world literature.

The writers of Dastan narratives reflect their age-old contextual desire(s) in fictional experiences. The never-ending popularity of these ideologically romantic tales is significant in the history of Urdu language and literature. Metonymically, the Dastan, Tilism-e-Hoshruba, encompasses the much celebrated theme of Dastan-e-Amir Hamza—an eternal battle between virtue and vice—in its narrative discourse, but the quickness of the fantasized actions makes this Dastan

Phantasmagorical more thrilling. Despite being enormous source(s) of narrative pleasure in the Subcontinent, these classical discursive practices prove to be an explicit reflection of the textual and sexual politics traditionally perpetuated in the Indo-Islamic patriarchal structures.

کلیدی الفاظ : طوالت, مستقبل, تخیل, فلیش بیک, تعمیری سرچشمے, درخشندگی, ترغیب, حقیقت, شجاعت, محققین, تحقیق, داستان

''داستان''کا لفظ بھلے ہی آج ثانیوں میں دوڑتی بھاگتی انہضامی زندگی کے کانوں کو طوالت بھرا لگتا ہو، لیکن یہ تخیل و تصور کی وہی تیز طرار پرواز ہے جس کی بناء پر کائنات کی تخلیق ہوئی۔ان کے کارنامے ماضی کے فلیش بیک کو پیش کر کے مستقبل کو توانائی بخشتے ہیں۔ان ہی داستانوں نے علمی اور دور رس نکات کو انقباضِ زیست کی جدوجہد کے نئے بال وپر پیدا کرنے کے تعمیری سرچشمے جاری رکھے۔اس ایقان سے کوئی منحرف نہیں۔ان میں موجود مہمات کے حالات و کوائف اور نتائج انسانیت، سخاوت، عشق و محبت، جرأت اور شجاعت کی تحریک و ترغیب دیتے ہیں۔داستان زندگی کی حقیقت سے فرار کا نام ہوتے ہوئے بھی اس کے تخیلی آنچل میں ہی سکون و طمانیت کی اوج مضمر ہے۔

بیسویں صدی میں سترہویں صدی کا کارنامہ پیش کرنے کا بیڑا جب مولوی عبدالحق نے اٹھایا تو انہیں اس بات کا اندازہ بھی نہ تھا کہ ان کا یہ کارنامہ اردو ادب کا وہ لازوال سرمایہ بن جائے گا جس کی درخشندگی سے آنکھیں خیرہ ہو کر دل منور ہو جائیں گے۔جی ہاں میری مراد دکن کے ملا وجہی کی مشہور زمانہ تصنیف ''سب رس'' سے ہے۔جو ادب کے تمام ناقدین و محققین اور ماہر لسانیات کے لیے ہر دور میں توجہ کی مرکز بنی رہی اور آج یونیورسٹی کے نصاب میں شامل ہو کر نئی نسلوں کے ہر دور کو دعوت تحقیق دے کر اپنے کئی پوشیدہ پہلوؤں کی عکاسی کرنے کے لیے بے تاب رہی ہے۔اس داستان کو محمد قلی قطب شاہ کی فرمائش پر جسمانی اعضاء کو کرداروں کے قالب میں ڈھال کر جس بہترین اور انوکھے انداز میں پیش کر کے لازوال بنایا ہے اس کی نظیر نہیں ملتی۔

یہاں ہمارا مقصد ملا وجہی کے دلکش اسلوب بیان و نگارش سے نہیں ہے بلکہ اس داستان میں موجود ان حیوانات کا ذکر کرنا ہے جو بوقت ضرورت داستان میں استعمال کیے گئے اور اپنے استمراری زریں نقوش داستان میں اپنا ذکر ارزق آسمان کی طیلستان میں ٹکے چمکدار ستاروں کی مانند ثبت کرتے چلے گئے۔حیوانی و انسانی صفات کے اظہار کے لیے بھی حیوانات کے کردار کو کچھ اس طرح پیش کیا گیا کہ ان کی نفسیات کے پردے چاک ہونے سے قدرت خداوندی کے سامنے سربسجود ہونے کے لیے اضطرابی جبیں خاک تلاش کرنے لگی۔

غنائی اثر کے مالک ملا وجہی کی سراپا نگاری کے لیے پرندگان کا ذکر ملاحظہ کیجیے

"۔۔۔۔انکھیاں نرگھس زلف سنبل رخسار لالا۔قد پھول کی ڈالی دہن غنچہ سو بال کالا کالا۔جوڑا طاؤس گلا قمری بچن میں طوطی (کے) تورے، تل بھنوار چال کبک ادھر عین شکر خورے۔گلے میں چاروں طرف گوہراں، جانو میٹھے پانی کی لڑیاں۔۔۔۔ "

شمع اور پروانے توارد و ادب کے نظم و نثر کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔اس معمولی پتنگے کا ذکر شعراء و ادباء نے ہر مقام پر کیا ہے اور پتنگے کی قربانی کو وصل کی پاکیزہ بلندی پر پہنچایا ہے۔

"۔۔۔۔۔۔۔جاسوس نظر دل پادشاہ عالم پناہ سوں وداع ہو کر قدم رنگے دھر روانہ ہوا۔اپنے کام کی شمع پر پروانہ ہوا۔۔۔۔ "

داستان امیر حمزہ، توتی نامہ، گلستان، انوار سہیلی، بہار دانش، لیلیٰ مجنوں، قصہ بند گان عالی، قصہ ملکہ زمان و کام کندلہ، قصہ انار دانی، سنگھاسن بتیسی، حکایت ہائے عجیب و غریب، توتا کہانی، قصہ بہروز سوداگر، قصہ حیرت افزاء، (قصہ دل) از کمتر شاہ، قصہ گل و ہرمز، قصہ دلالہ مختالہ، مرغوب الطبع از حسین علی خان اور بہت ساری ہندی، فارسی اور عربی داستانیں حیوانات کی نفسیات کا احاطہ کرتی ہیں۔

حاتم طائی کی داستان میں حیوانات سے حسن سلوک بدرجہ اتم ملتا ہے۔لیکن یہ تب ہی ممکن ہے جب قاری میں حیوانات کی مزاج شناسی، احساساتِ اقدار اور مشاہداتی تجزیئے کی جڑیں ذہن و دل میں ارتسام ہوں۔اس داستان میں حیوانات کے جذبات و ضروریات کو بذریعہ حاتم پورا کر کے یہ دکھایا گیا کہ وہ بھی اپنے محسن کی خدمت کے لیے ہر وقت تیار رہتے تھے۔قربانی و ایثار کا جذبہ جہاں انسانی فطرت میں ازل سے شامل ہے وہیں مذہب اسلام نے اسماعیل علیہ السلام کی اطاعت خداوندی کو ایک آئیڈیل فرزند کے طور پر رہتی دنیا تک ایک ارتفاعی مقام پر قائم رکھا۔یہ پر نور جذبہ انسان میں ہی نہیں بلکہ حیوانوں کی سرشت میں بھی شامل ہے۔اس کا جواز یہ ہو سکتا ہے کہ اس جذبے کے پس پردہ وہ محرک قوت کارفرما ہوتی ہے جو نیکی کے اثرات سے دلوں کو لبریز کرتی ہے اور ذہنوں کی انشراح خاطر ہونے کا سبب بنتی ہے۔حاتم طائی کی پوری داستان میں وقتاً فوقتاً تمام حیوانات اس کے حسن سلوک کا بدلہ بڑی محبت و دور اندیش خطرات سے آگاہی کے ساتھ دیتے ہیں۔ان کی چھٹی حس اور بیک وقت کئی جہانوں کی مخلوق کو بے زبان و چشم دیکھنے کی صلاحیت کا اعتراف جدید سائنس نے بھی کیا ہے۔حیوانات نے سائنس کو جو افاضہ دیا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔سائنس کی ترقی تو حیوانات کے بغیر تصور ہی نہیں کی جا سکتی۔حاتم طائی کا اپنے جسم کا گوشت بھیڑیئے کو کھلانا اور بندر و لومڑی کا قصہ اس قربانی و ایثار کا بدلہ بھیڑیئے کا دشت ہوید اکا پتہ بتا کر خطرناک سفر کو ممکن بنانا اسی کی ترجمانی کرتا ہے۔اسی طرح ریچھ کی بیٹی کا حاتم کو مہرہ ارمغان دے کر وقت پر مدد کرنا بھی یہ ظاہر کرتا ہے کہ قیمتی پتھر و مہرے انسانی زندگی پر یقیناً اثر انداز ہوتے ہیں۔رنگوں کی تاثیر اور پتھروں کے کیمیائی خواص سے تو آج سائنس کو بھی انحراف نہیں۔

داستان کا یہ مکالماتی اقتباس اسی جذبے اور مستقبل کی انجانی خصوصیات کو پیش کرتا ہے۔

"حاتم وہاں سے رخصت ہوا لیکن تکلیف سے اس کے پاؤں لڑکھڑا رہے تھے۔ایک درخت کے نیچے گر کر تڑپنے لگا۔قریب ہی ایک گیدڑ کا بھٹ تھا اور وہ گیدڑنی کے ساتھ خوراک کے لیے گیا ہوا تھا۔واپس آنے پر حاتم کو تڑپتا ہوا پایا۔مادہ بولی "یہ آدمی زاد کہاں سے آیا ہے۔اب اس مکان کو

چھوڑ دیا جائے کیونکہ غیر جنس سے موافقت کس طرح ہو اور محبت کب تک نبھے۔'' گیدڑ نے جواب میں کہا۔ ''شاید یہ نوجوان حاتم ہے اور دشت ہو پیدا کو جانا چاہتا ہے۔'' مادہ نے کہا ''تو نے کیونکر دریافت کیا؟'' اس نے کہا ''میں نے اپنے بزرگوں کی زبانی سنا تھا کہ فلاں تاریخ کو فلانے روز اس جگہ حاتم کا گزر ہو گا اور وہ اس درخت کے نیچے اذیتیں اٹھائے گا۔ وہ تاریخ یہی ہے اور

دن بھی یہی ہے۔''

اس سے پتہ چلتا ہے کہ اپنے آباء واجداد اور پاستان کی زبانی معلومات اور اجرام فلکی کا علم بھی انسان و حیوان کو دور بین اور دانا بناتی ہے۔ حیوانات مستقبل کی پیشین گوئیوں کے لیے پہلے بھی مشہور تھے اور آج بھی۔ سائنسداں و دانشوران آج بھی حیوانات کی حرکات و سکنات سے آنے والے مصائب و حالات کا بخوبی اندازہ کر لیتے ہیں۔ ہوائی، سمندری، ریتیلے طوفان، زلزلے، بارش، سردی، گرمی، غرضیکہ انسانی اموات کا علم بھی حیوانات کی غیر معمولی حرکات سے سمجھا جا سکتا ہے۔

حیوانات جہاں غذا کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں وہیں ان میں کئی طبّی فوائد بھی پوشیدہ ہوتے ہیں۔ ہزاروں اقسام کی دوائیں حیوانات کے کسی نہ کسی عضو کی مدد سے ہی تیار کی جاتی ہیں۔ داستانوں میں حیوانات کے ذریعے ہی حیوانی طبّی خواص پیش کیے گئے۔ وہ بھی بخوبی جانتے ہیں کہ ان کی بقاء کے لیے کن حیوانات کو بطور ادویات استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ضحاک کے کندھوں پر پیدا ہونے والے سانپ سماجی حیوان آدمی کا مغز کھاتے تھے تاکہ خود طبّی زندگی پا سکیں۔

جب زخمی حاتم گیدڑ کے بھٹ میں پڑا تھا تو مادہ گیدڑ کو تشویش ہوئی کہ اس کا زخم کس طرح بھرے گا۔ گیدڑ نے کہا ''ایک جانور دشت مازندران میں ہے۔ اس کا جسم مور کا اور سر آدمی کا ہے۔ اس کا بھیجا اگر زخم پر لگے تو زخم فوراً بھر جائے۔ اگر تو حاتم کی دن رات خبر گیری کرے تو میں اس کا سر کاٹ لاؤں تاکہ انسان پر حیوان کا احسان ہو۔'' ہم گیدڑ کو ہندوستانی کہانیوں میں ایک مکار و چالاک حیوان کے کردار میں ہی سنتے پڑھتے چلے آئے ہیں لیکن حاتم طائی کے پاس اس کا کردار بڑا مثبت ہے۔ یہاں وہ مکر و فریب کے بجائے رحمدلی، دور اندیشی اور اخلاقیات کا مظاہرہ کرتا نظر آتا ہے۔ یہاں تک کہ موذی جاندار جیسے زہریلے سانپ اور پشت پھاڑ کر نکلنے والے زہریلے بچھو نے بھی حاتم طائی کی انقیاد کی ہے۔ اس کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ حاتم بذات خود ایک رحمدل انسان تھا اور حیوانات، انسانی انساب کی پوشیدہ خصوصیات کو اپنی چھٹی حس کی بناء پر بھانپ کر اخیار افراد کے ساتھ احسن سلوک کرتے ہیں اور اپنے عواطفی موتی لٹاتے رہتے ہیں۔ برائی کا بدلہ برائی اور اچھائی کا بدلہ اچھائی خدا کا قانون ہے اور اسی قدرتی قانون کی پاسداری آج بھی تمام حیوانات کے خون میں شامل ہے۔ جذبات تو جذبات ہوتے ہیں۔ بسا اوقات تو اشرف المخلوقات کہلانے والا حیوان بھی کئی گناہوں کا مرتکب بن بیٹھتا ہے۔ حیوانات میں بھی یہی جذبہ نظر آتا ہے لیکن شاذ و نادر ہی بلکہ انسانوں کے مقابلے کئی گنا کم ہی دیکھنے کو ملتا ہے۔ اگر ان کے کسی غلط رویئے یا برتاؤ کی باریک بینی سے تفتیش کی جائے تو حقیقت واضح ہو گی کہ اسافل کی اجلافی حرکات ہی کہیں نہ کہیں ضرور ذمہ دار ہیں جیسا کہ گزشتہ دنوں کئی علاقوں سے شیر، شیر ببر اور چیتے کے انسانی آبادی میں آکر کہرام مچا دینے کی خبریں ہم لگاتار سنتے، دیکھتے اور پڑھتے آرہے ہیں۔ بڑھتی آبادی کے پیش نظر حیوانات کو ان کے عدم تحفظ کی

بناء پر یہ قدم اٹھانا پڑا تھا۔انسان کا نکریٹ جنگل بنانے کی دھن میں اندھا دھند جنگلوں کا خاتمہ کرنے پر تلا ہے کئی مقامات پر آج جنگل اور آبادی متصل نظر آتے ہیں ایسے میں یہ بیچارے حیوانات آبادی میں نہ آئیں تو کدھر جائیں۔

تمام اساطیر میں زمینی حیوانات ہی نہیں بلکہ آبی جاندار بھی ان ہی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں۔حاتم طائی کا اژدہے اور گھڑیال کے پیٹ میں چلا جانا، کیکڑے اور مچھلیوں کا مدد کرنا بھی اسی زمرہ میں شامل ہے۔ تمثال آدھی عورت اور آدھی مچھلی (Marmaid) کا ملاحوں کی مدد کرنا آج بھی سنتے ہیں۔حاتم طائی کو مہم جوئی کے دوران بھی Mermaid نے ہی بڑی ارادت کے

ساتھ مدد کی تھی۔ مختلف مقامات پر حشرات الارض کی اہمیت، افادیت اور کراہیت بھی پیش کی گئی۔ زمینی کرے پر زندگی کے آثار امیبا کی صورت میں ظہور پذیر ہوئے۔جب تک یہ معمولی سا کیڑہ زندہ ہے زمین پر زندگی کی بہار ہے۔ جس دن یہ ختم پورے کرے کو تباہی سے کوئی نہیں بچا سکتا۔ عمل جراحی کی کئی ایسی نادر مثالیں موجود ہیں جن میں حشرات الارض انسانی جسم میں پرورش پاتے رہے تھے۔داستان حاتم طائی میں ہاتھی کی سونڈ میں سانپ کا رہنا بھی اسی سے منسلک لگتا ہے۔اس کے علاوہ مختلف بیماریوں یا سحر کے اثرات کے سبب جسم سے عجیب و غریب کیڑوں کے نکلنے کو بھی داستان نگاروں نے ژیاں خداوندی کا اذعان کیا ہے۔

وفاداری میں کتے کی کوئی نظیر نہیں۔اپنے مالک پر آنچ نہ آنے دینا اور ہر قدم پر ساتھ نبھانا یہ اس کی اولین خوبی سمجھی جاتی ہے۔ مغربی تہذیب تو کتے کی بہت دلدادہ ہے۔ سگ اصحاب کہف کو ہم کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ حاتم طائی کی مدد میں یہ وفادار حیوان بھی شامل ہے۔ پالتو جانوروں میں بھینس نے بھی حاتم کا ساتھ نبھایا ہے۔ جو کسی عورت کا روپ ہے اور غصے میں اپنے سینگوں کا استعمال کر کے ہر چیز کو تہس نہس کر دیتی ہے۔ یہاں ذہن میں موت کی دیوتا یم دوت کی سواری ابھرتی ہے۔ گائے بھی مختلف داستانوں میں اپنی ممتا نچھاور کرتی نظر آتی ہے۔ ہندو دھرم میں اسے بہت مقدس سمجھا جاتا ہے۔ تمام دیوتاؤں میں اس کے جسم میں براجمان ہونے کا تصور ہمیں داستانوں میں بدرجہ اتم نظر آتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے جسم کے ہر عضو و فضلے میں کئی خصوصیات بتائی گئی ہیں جس کی بناء پر کئی دواؤں میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

طائران بالخصوص سیمرغ اور طوطا داستانوں میں بہت لافانی نقش ثبت کرتے ہیں۔ طوطوں کی کلام پر قدرت اور دور رس سیاسی نگاہوں کی تو سب ہی داد دیتے ہیں۔ حاتم طائی کی داستان میں بھی وہ تمام آزمائشوں اور امتحانوں میں پوری قوت سے چھایا رہا۔ سحر و طلسم کا استعمال کر کے ٹارا، طوطا، بکری، مچھلی، مرغ وغیرہ میں شہزادوں اور راکھشسوں کی جان قید کی گئی۔

بیتال پچیسی جیسی حقیقت اور طلسم کی امتزاجی کہانی جو بنیادی طور پر ہندو میتھالوجی سے ماخوذ ہے۔اس میں بھی زیادہ تر علم و حکمت کی باتیں حیوانات سے اخذ کی گئی ہیں یا ان کی زبانی کہلوادی گئی ہیں۔ وفادار کتے، گھوڑے اور ہاتھی کی شمولیت یہاں بھی ہے۔ کردار میں وفا کی بلندی جا بجا دکھائی گئی ہے۔اپنے مالک کے لیے جان قربان کرنا تمام اساطیر میں اولیت رکھتا ہے۔ عالم و دانا افراد کے محور پر بیتال پچیسی کی داستانیں رقص کرتی ہیں۔ پنڈت جیسے ذی عقل افراد حسن و نغمات اور قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور دراصل یہی قدرتی اوصاف حیوانات کی سرشت میں شامل ہوتے ہیں۔

حیوانات کے ابتہاج کا اظہار مختلف صورتوں میں نظر آتا ہے۔ مور برشگال میں رقص کرتا ہے۔ مینڈک ٹرانے لگتے ہیں۔ پرندے چہچہاتے ہیں۔ مچھلیاں پانی سے اوپر آکر غوطہ زن ہو کر اپنی مسرت کا اظہار کرتی ہیں۔ چرندے مختلف آوازیں فضا میں بکھیر کر رب کائنات کے حسین مناظر کی داد دیتے ہیں۔

حیوانات کے جذبات سے مغلوب بیتال پچیسی میں بہت سارے جانوروں کی جبلت میں یہ رجحان ملتا ہے کہ وہ اپنی مادہ کو کسی دوسرے نر کے ساتھ دیکھنا برداشت نہیں کرتے۔ انسانی معاشرے میں بھی مرد چاہتا ہے کہ اس کی عورت پر صرف اور صرف اسی کا حق ہو۔ ان ہی جذبات کی ترجمانی بیتال پچیسی کی ضمنی داستانیں کرتی ہیں اور اس کے برخلاف بعض حیوان کئی کئی نروں سے رشتہ رکھتی ہیں اور نر بھی اس اباحت میں شامل ہوتا ہے۔ آج بھی کئی قبائلی گروہوں و معاشروں میں ایسے رسم و رواج پائے جاتے ہیں جہاں عورت ایک سے زیادہ مردوں سے شادیاں کرتی ہیں۔ کہیں اسے مذہب سے منسلک کیا گیا تو کہیں حالات و علاقات کا تقاضا کہا گیا۔ بیتال

پچیسی میں طوطا و مینا کی شادی کا واقعہ جہاں دلچسپی پیدا کرتا ہے وہیں تعجب و حیرت سے انسانی دماغ کے سافٹ وئیر میں ہلچل ہونے لگتی ہے کیونکہ یہ دو مختلف نسل و جنس سے تعلق رکھتے ہیں۔ آج سائنسی ترقی نے یہ ثابت کر دکھایا ہے کہ Invidro Fertilisation سے دو مختلف انسانی اور حیوانی نسل و جنس کے کروموزومس سے بھی ایک نئی وانوکھی نسل کو دنیا میں لانا ممکن ہے۔ اس تجدد کے پس پردہ اساطیری رموز بھی کارفرما ہیں۔

سلیمان علیہ السلام اور سلیم علی ماہر طیور (Ornithologist) تھے۔ اس علم کی فضیلت کا ذکر بھی داستان میں نظر آتا ہے جب ایک راجا اپنی بیٹی کے سوئمبر کے وقت مختلف شہزادوں سے ان کے علوم و ہنر جاننا چاہتا ہے تو ایک شہزادے نے خشکی و تری کے چرندوں پرندوں کی بولی جاننے کو فخریہ انداز میں بیان کیا۔ آگے کے ادوار میں ہم دیکھتے ہیں کہ ویش قوم چرندوں پرندوں کی آوازیں و بولیاں خوب سمجھتی تھیں۔ بنجاروں کے بھیس میں دیس بدیس گھوم کر یہی قوم تجارت میں یکتا تھی۔

آج عالمی حسیناؤں کو منتخب کرنے کے لیے مختلف اوزان و پیمانے ہوتے ہیں۔ داستانوں کے زمانے میں عورت کے حسن کا معیار بھی حیوانات اور قدرتی اشیاء پر موازنہ کر کے کیا جاتا تھا۔ چہرہ چاند سا، آنکھیں ہرن کی سی، آواز کوئل جیسی، بال گھٹاؤں جیسے، کمر چیتے جیسی، گلا ہنس جیسا، چال مورنی جیسی، مسکراہٹ گلاب جیسی، دانت انار جیسے، رنگ چمپئی جیسا وغیرہ وغیرہ۔

تمام داستانوں میں بہ در بہ چرندوں پرندوں کی جان کی حفاظت کرنا دھرم کی بنیاد سمجھا جاتا تھا اور ہے۔ اس اساس کا امعان یہ تھا کہ حیوانات پر ظلم اور انہیں کھانے سے بڑھ کر کوئی پاپ نہیں ہے کہ آدمی دوسرے آدمی کا گوشت کھا کر اپنا گوشت بڑھائے۔ ایسے لوگوں کی دنیا میں عمر کم ہوتی ہے اور وہ لولے، لنگڑے، کانے اور اندھے، بونے، کبڑے یا اعضاء سے محروم ہو کر پیدا ہوتے ہیں۔ جیسے جانوروں اور پرندوں کے اعضاء کھاتے ہیں ویسے ہی اپنے اعضاء کھوتے ہیں۔

قصہ گل بکاؤلی میں بلی کے سر پر روشن چراغ رکھ کر طلسم بندی کرنے والی طوائف نے کتنی بازیاں جیتی تھیں اور اس سے پرے پوری بازی میں بلی، چوہا اور نیولا قارئین کا مرکز بنے رہتے ہیں۔ تاج الملوک کا اژدہے کے پیٹ میں جانا اور مراد برلانا بھی اژدہے کی جسامت کا پتہ دیتا ہے۔ طوطا و مینا کا ہر

فن میں ماہر ہونااور وقتاً فوقتاً تاج الملوک کی مدد کرنا ان کی عظمت کا احساس دلاتا ہے۔ شہزادی کا قمری سے دل لگانا اور صبح و شام اس کے پنجرے کو سینے سے لگا کر رکھنا یہ بتاتا ہے کہ جانوروں کو انسان بنانا اور انسان کو جانور بنانا یہ صرف طلسم کے گرداب کے زور پر مبنی تھا۔ لیکن جانوروں کو ہی اس لیے منتخب کیا جاتا تھا کہ وہ انسانوں کے ساتھ اقتران کا جواز یہ تھا کہ ان پر کوئی شک بھی نہیں کرتا تھا۔

داستانیں تہذیبی مطالعہ کے نقطہ نظر سے نہایت اہمیت کی حامل ہیں اور قصے در قصے قوس قزح کے رنگ بکھیرتے ہوئے صدیوں تک ہمارے ہندو مسلم معاشروں میں گنگا جمنا کے دھاروں کی طرح ہماری تہذیبوں کے ائتلاف میں رس گھولتی رہیں گی۔

Conclusion: Culture is a multifaceted concept that encompasses the shared beliefs, values, norms, customs, practices, and artifacts of a society or group. It is the lens through which individuals interpret and navigates the world around them, shaping their perceptions, behaviors, and interactions. Culture is not static but rather dynamic and ever-evolving, influenced by historical, social, economic, and political factors.

Cultural Studies is an interdisciplinary field that emerged in the mid-twentieth century, primarily in response to the limitations of traditional disciplines such as anthropology, sociology, and literary studies in adequately addressing the complexities of culture and society. Cultural Studies seeks to understand and critique the production, circulation, and reception of cultural texts and practices within broader social, political, and economic contexts.

At its core, Cultural Studies is concerned with power dynamics, ideology, representation, identity, and social change. It interrogates how culture is constructed, negotiated, and contested, examining the ways in which dominant cultural discourses shape and are shaped by social relations of power. Cultural Studies also emphasizes the importance of everyday life and popular culture as sites of cultural meaning-making and resistance. Key to Cultural Studies is its

commitment to an interdisciplinary approach, drawing on insights from fields such as sociology, anthropology, media studies, literary theory, critical theory, and postcolonial studies. This interdisciplinary orientation allows Cultural Studies scholars to analyze culture from multiple perspectives and to engage with a diverse range of cultural texts and practices, from literature, film, and television to fashion, music, and digital media.

Cultural Studies offers a critical framework for understanding the complex interplay between culture, society, and power. It encourages scholars to question taken-for-granted as subsumption, challenge dominant narratives, and explore alternative ways of thinking about and engaging with culture. By illuminating the ways in which culture both reflects and shapes social reality, Cultural Studies provides valuable insights into the complexities of contemporary life and the possibilities for social transformation.

☆☆☆

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور ان کی عربی نگارشات

ڈاکٹر محمد اکرم السلام اعظمی
اسسٹینٹ پروفیسر
شعبۂ عربی، یونیورسٹی آف دہلی

تلخیص: بنی نوع انسان کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کی بہت سی تکوینی سنتوں میں ایک اہم سنت ''اصطفاء'' کی رہی ہے۔ اس سنت کے تحت ماضی میں جس طرح اللہ جل مجدہ نے بہت سے افراد کو اپنے حسنِ انتخاب سے عزت بخشی ہے اور بعض امتیازی فضیلتوں سے انھیں شرف یاب کیا ہے؛ اسی طرح بہت سے خانوادوں کو بھی برگزیدگی اور عظمت و بزرگی سے سرفراز فرمایا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَى آدَمَ وَنُوْحاً وَآلَ إِبْرَاهِيْمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِيْنَ oذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِن بَعْضٍ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ o(۱)

''اللہ تعالیٰ نے آدم اور نوح اور آل ابراہیم اور آلِ عمران کو تمام دنیا والوں پر ترجیح دے کر منتخب کیا تھا۔ یہ ایک سلسلے کے لوگ تھے جو ایک دوسرے کی نسل سے پیدا ہوئے تھے۔ اللہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے۔''(۲)

خدا کی سنتیں خواہ ہمارے دائرۂ ادراک میں ہوں یا اس سے باہر، کبھی تبدیل نہیں ہوا کرتی ہیں، بلکہ ہمہ دم وہ کائنات میں سرگرم عمل رہتی ہیں۔ خانوادۂ ولی اللّٰہی کے احوال و کوائف، علمی فتح مندیوں، تصنیفی معرکہ آرائیوں اور بوقلموں سرگرمیوں کو دیکھتے ہوئے یہ کہنا شاید قرین صواب ہو کہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کے نظام اصطفاء کا آئینہ دار رہا ہے۔ پورے عالم اسلامی میں بالعموم اور برصغیر میں بالخصوص اللہ تعالیٰ نے اس خاندان کو جو قدر و منزلت بخشی ہے؛ وہ اس خطے کی اسلامی و دینی تاریخ کا نہایت روشن باب ہے۔ میرے اس خیال کی تصویب مولانا محمد عثمان بن فاروق کشمیری کے نام حضرت شاہ عبدالعزیزؒ کے اس مکتوب سے ہوتی ہے جس میں وہ اپنے والد گرامی حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ:

.....أن سيدي الوالد، قدس الله سره و أعلى في الملأ الأعلى ذكره، أدناني يوماً من نفسه و قربني إلى سريره وأخذ يمطر عليّ شآبيب الأسرار من سحاب ضميره إلى أن قال رضي الله عنه: نحن نتوارث فيما بيننا أمرا جسيما وهو أنه ما منا رجل إلا وله لقب يدعى به في الملكوت الأعلى والسماوات العلى وذلك اللقب هو الذي يكون مرآة جماله و فذلكة كماله و كان سيدنا

العارف بالله الشيخ عبدالرحيم قدس سره يدعى عندهم بأبي الفيض وأنا أدعى فيما بينهم بأبي الفياض ثم خاطب هذا الفقير وقال له أنت تسمى فيما بينهم حجة الله على الأرض فملئت من قوله سرورا وزادني ذلک حبورا وهنا إنما ذكرته شكراً وثناء لا فخرا ونواء والله الكبير المتعال أعلم بما في السرائر فقط۔ (۳)

''میرے گرامی قدر و منزلت والد محترم (قدس اللہ سرہ) نے ایک روز مجھے اپنے پاس بلایا، اپنی چارپائی کے پاس بیٹھایا اور اپنے ضمیر کے ابرِ کرم کی بوندیں مجھ پر برسانے لگے یہاں تک کہ انھوں نے فرمایا: ہم لوگ باہم ایک بہت بڑی چیز کے وارث ہوتے آرہے ہیں یعنی ہم میں سے ہر ایک کا ملأ اعلیٰ میں ایک لقب ہے اور اسی لقب سے وہاں اسے پکارا جاتا ہے۔ یہی لقب ہے جو اس کے حسن و جمال کا آئینہ اور اس کے شرف و کمال کا خلاصہ ہوا کرتا ہے چنانچہ حق آگاہ شیخ عبدالرحیم (قدس سرہ) کو وہاں ابوالفیض کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے اور مجھے ابوالفیاض کہا جاتا ہے۔ پھر مجھ ناچیز سے فرمانے لگے کہ تم کو وہاں حجۃ اللہ علی الارض کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ان کی یہ بات سن کر میں باغ باغ ہو گیا اور میری خوشیاں و شاد کامیاں دوچند ہو گئیں۔ اس بات کا تذکرہ میں نے بس جذبۂ شکر و ثنا کے تحت کیا ہے۔ اس سے کوئی فخر و برتری مقصود نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ رازہائے دروں سے خوب واقف ہیں۔''

مکتوب بالا کی روشنی میں کیا یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ فضل و کمال، علم و عرفان اور شرف و امتیاز کا حامل یہ ولی اللہی خاندان و این خانہ تمام آفتاب است، یا 'ہمہ خانہ آفتاب است' جیسے محاوروں کا حقیقی مصداق تھا۔ چنانچہ مولانا مناظر احسن گیلانی رقم طراز ہیں:

''سچ یہ ہے کہ اس [خاندان] کی نظیر ہند کیا بیرون ہند کی اسلامی دنیا میں بھی مشکل سے میسر آسکتی۔''(۴)

اسی خانوادۂ صدق و صفا میں ۲۵/رمضان المبارک ۱۱۵۹ھ مطابق ۱۷۴۵ء، پنجشنبہ کی رات کو حضرت شاہ عبدالعزیز بن شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے اپنے وجود کی آنکھیں کھولیں اور ملفوظات عزیزی کے مطابق کسی صاحب نے آیت قرآنی ''فبشرناہ بغلام حلیم'' کی روشنی میں آپ کا تاریخی نام ''غلام حلیم'' رکھا۔ پانچ سال کی عمر میں قرآن مجید پڑھنا شروع کیا اور جلد ہی حافظِ قرآن ہونے کی سعادت حاصل کرلی مزید تعلیم و تربیت کے لیے اپنے مایۂ ناز والد گرامی اور ان کے ارشد خلفاء و تلامذہ مولانا شاہ محمد عاشق پھلتی، مولانا خواجہ امین اللہ کشمیری اور مولانا نور اللہ برہانوی کے آگے زانوے تلمذ تہ کیا۔ پندرہ سال کی عمر میں ہی تمام مروجہ علوم و فنون سے فارغ ہو گئے۔

سترہ سال کی عمر میں عظیم باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ چاروں بھائیوں میں چوں کہ عمر اور علم میں سب سے بڑے اور ممتاز تھے اس لیے والد کی وفات کے بعد ان کی بچھائی ہوئی مسندِ درس وارشاد پر متمکن ہوئے۔ وقائع عبدالقادر خانی کے مطابق:

''آپ علم تفسیر، حدیث، فقہ، سیرت اور تاریخ میں شہرۂ آفاق تھے اور ہیئت، ہندسہ، مجسطی، مناظر، اصطلاحات، جر ثقیل، طبیعیات، الہیات، منطق، مناظرہ، اتفاق، اختلاف، ملل، نحل، قیافہ، تاویل، تطبیق مختلف اور تفریق مشتبہ میں یکتائے زمانہ تھے۔''(۵)

آپ کی اس ہمہ دانی، جامعیت اور فراوانی علوم و فنون کا اندازہ خود آپ کے اپنے ملفوظات سے بھی ہوتا ہے جس میں ایک جگہ کہا گیا ہے کہ :

''جن علوم کا میں نے مطالعہ کیا ہے اور جہاں تک مجھے یاد ہے، ایک سو پچاس علوم ہیں۔ نصف سابقین اولین کے ہیں اور نصف علم اس امت میں ہیں۔''(۶)

صاحبِ نزہۃ الخواطر سید عبد الحي حسنی کے بقول شاہ عبد العزیز اپنے جملہ علوم و فنون اور فضل و کمال کے ساتھ فن موسیقی، شہ سواری اور تیر اندازی میں بھی ماہر تھے فرماتے ہیں:

وكانت له مهارة في الرمي والفروسية والموسيقى۔(۷)

جن مختلف زبانوں میں شاہ صاحب کو دست گاہ حاصل تھی ان میں فارسی، عربی، عبرانی، ریختہ اور اردو خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ حافظہ بھی غضب کا پایا تھا کہ نادر و نایاب کتابوں کی طویل عبارتیں اکثر طلبہ کو اپنی یادداشت کے سہارے لکھوا دیتے پھر اتفاقاً کوئی کتاب بعد ازاں دست یاب ہو جاتی تو ملاحظہ اور موازنہ کرنے پر اصل عبارت اور آپ کی املا کرائی ہوئی عبارت میں من و عن کا بھی فرق نہ ہوتا تھا۔ اس سلسلے میں ایک واقعہ کو دہرانا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ:

''ایک دفعہ کلکتے کے سفر میں شاہ صاحب نے قاموس [عربی لغت] کا ایک نسخہ دیکھا تھا۔ مدتوں بعد نابینا ہو جانے پر وہ دہلی میں فروخت کے واسطے دست بہ دست شاہ صاحب کے مدرسہ میں پہنچا۔ شاہ صاحب نے ہاتھ میں لے کر فرمایا یہ وہ نسخہ ہے جس کو میں نے دیکھا ہے پھر فرمایا کہ دیکھو فلاں حاشیے پر یہ عبارت تو نہیں لکھی ہے دیکھا گیا تو وہی تھی آخر میں معلوم ہوا کہ یہ وہی نسخہ ہے۔''(۸)

حاضر جوابی اور برجستہ گوئی میں بھی شاہ صاحب طاق تھے۔ چنانچہ ایک بار جامع مسجد میں قرآن کا درس دے رہے تھے۔ دورانِ درس ایک انگریز جو عربی و فارسی سے بھی خوب واقف تھا آیا اور کہا کہ میرے ایک سوال کا جواب دیجیے آپ نے فرمایا کہو! اس نے یہ شعر پڑھا:

کسے بگفت کہ عیسیٰ ز مصطفیٰ اعلیٰ است کہ این بزیر زمیں دفن و آں باوج سما است

یعنی لوگ کہتے ہیں کہ محمد ﷺ سے عیسیٰؑ کا مرتبہ یوں بلند ہے کہ جناب مصطفیٰ ﷺ زیرِ زمین دفن ہیں جب کہ حضرت عیسیٰؑ آسمان کی بلندی پر ہیں۔

شاہ صاحب نے برجستہ فرمایا کہ:

بگفتش کہ نہ ایں حجت قوی باشد حباب بر سر آب و گہر تہ دریا است(۹)

یعنی ایسا کہا جانا تمھارے لیے کوئی مضبوط دلیل یوں نہیں ہے کہ بلبلہ پانی کے اوپر ہوا کرتا ہے اور گوہر دریا کی تہ میں پایا جاتا ہے۔

زبانِ فارسی کے اس مکالمے کو کسی صاحبِ نظر اردو شاعر نے بڑے فن کارانہ انداز میں اور نہایت خوب صورتی کے ساتھ اردو قالب عطا کیا ہے، جس کے اندر شاہ عبدالعزیزؒ کے جواب کو خاص طور سے اجاگر کیا گیا ہے؛ وہ کہتا ہے کہ :

یہ دریائے نبوت ہے، حباب اوپر گہر نیچے فلک پر حضرتِ عیسی محمد تہ بہ تہ نیچے

شاید شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کے انہی گوناگوں اوصاف سے متاثر ہو کر برطانوی حکومت نے علامہ تفضل حسین(۱۰) کے ذریعہ مدرسہ عالیہ کی صدارت کا باوقار منصب انہیں پیش کرنا چاہا جسے یہ کہہ کر شاہ صاحب نے کمال استغنا کے ساتھ ٹھکرادیا کہ درس وتدریس، وعظ ونصیحت اور پند وموعظت کے ذریعہ عوام الناس کی اصلاح اور اسلامی علوم کی اشاعت ان کے نزدیک اس دنیاوی عزوجاہ کے مقابلے زیادہ اہم ہے۔(۱۱)

شاہ صاحب کی جولان گاہ بس اسی قدر نہ تھی، جو اوپر بیان ہوئی بلکہ وہ ایک اعلیٰ پائے کے مصنف اور بہترین قلم کار بھی تھے۔ آپ کے گہربار قلم سے نکلی ہوئی صدہا تحریریں رشکِ علم وآگہی ثابت ہوئی ہیں اور آپ کی متعدد کتابیں آج بھی اہل علم سے خراج تحسین حاصل کر رہی ہیں۔ آپ کے ذخائرِ علمی میں فارسی کتابوں کے علاوہ عربی زبان میں درج ذیل تصنیفات پائی جاتی ہیں:

۱ - سیّر الشہادتین ۲- عزیز الاقتباس فی فضائل أخیار الناس ۳- میزان البلاغۃ ۴- میزان المنطق۔ اگر بستان المحدثین کے عربی ترجمے کو بھی اس فہرست میں شامل کرلیں تو آپ کی عربی تصانیف کل پانچ قرار پائیں گی۔

مذکورہ بالا مستقل عربی تصانیف کے علاوہ شاہ صاحب کی انتہائی اہم اور قیمتی عربی تحریریں نظم ونثر دونوں شکلوں میں آپ کے مختلف خطوط، تقاریظ، فتاوے، تذکرے اور ملفوظات میں بکھری پڑی ہیں۔ اگر انہیں الگ الگ یکجا کر دیا جائے تو بلا مبالغہ ان کے منظوم ومنثور عربی کلام کے انتہائی بیش قیمت مجموعے سامنے آسکتے ہیں۔

مرحوم ڈاکٹر شاہ عبدالسلام سابق صدر شعبۂ عربی لکھنؤ یونی ورسٹی نے اپنے خاندانی کتب خانے سے مکاتیب کے ایک بیش قیمت مخطوطے کو "مكتوبات الشيخ الشاه ولي الله الدهلوي وأولاده و معاصريه" کے عنوان سے اپنی تحقیق وترجمے سے آراستہ کرکے رضا لائبریری رام پور سے شائع کرایا تھا۔ اس مجموعۂ مکاتیب کے کل خطوط کی تعداد ۷۸ یا ۷۹ ہے اس میں سے بڑی تعداد حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے مکاتیب پر مشتمل ہے۔ اس مجموعے کے اندر آپ کے مکاتیب کی کل تعداد ۹۳ ہے جن میں سے بیشتر تفصیلی ہیں اور وہ ایک سے زائد صفحات پر پھیلے ہوئے ہیں۔ ان میں سے سات آٹھ مکاتیب کے اندر منظوم ومنثور دونوں طرح کے کلام ساتھ ساتھ ملتے ہیں جبکہ ایک آدھ مکتوب خالص اشعار پر مشتمل ہیں۔ اسی طرح بہت سے مجرد نثر کا نمونہ ہیں؛ بس درمیان میں ایک آدھ شعر اپنا یا کسی کا درج ہو گیا ہے۔

عربی زبان میں ایک انتہائی نادر وکم یاب کتاب "العجب العجاب فيما يفيد الكتاب" ہے؛ اس کتاب میں بھی صفحہ ۱۴۵ تا ۱۵۳ پر پھیلا ہوا شاہ صاحب کا ایک مبسوط خط موجود ہے۔ یہ خط دراصل صاحبِ کتاب احمد بن محمد بن علی الانصاری الیمنی الشروانی (۱۲) کے ایک خط کے جواب میں

لکھا گیا ہے۔اس تفصیلی خط میں شاہ صاحب کے دو قصائد بھی درج ہیں۔ایک قصیدہ دس اشعار پر مشتمل ہے جس میں سے چھ اشعار مذکورہ کتاب پر گویا شاہ صاحب کے تاثرات ہیں۔دوسرا قصیدہ ۲۳ نعتیہ اشعار پر مشتمل ہے۔یہ کتاب کلکتے سے فورٹ ولیم کالج کونسل کی سفارش پر ۱۸۱۳ء میں پہلی بار شائع ہوئی ہے۔اس کے شروع میں مسٹر ٹی تھومسن کا ۸-۷ صفحات پر مشتمل انگریزی میں ایک قیمتی مقدمہ بھی درج ہے۔

اسی طرح مذکورہ بالا شیخ احمد بن محمد یمنی کی ایک اور کتاب ''مناقب حیدریہ'' پر بہ شکل تقریظ لکھی گئی شاہ صاحب کی ایک اور عربی تحریر ہے اور غالباً منظوم ہے چنانچہ اس تقریظ کے چند اشعار کا تذکرہ ڈاکٹر ثریا ڈار نے اپنی کتاب ''شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور ان کی علمی خدمات'' میں کیا ہے۔(۱۳)

بعض تذکرہ نگاروں نے حضرت شاہ عبدالعزیز کے نعتیہ کلام کے حوالے سے ان کے قصیدۂ میمیہ کا تذکرہ کیا ہے۔اسی طرح آپ کے عربی خطبات کے بعض نثری شہ پارے بھی نمونے کی شکل میں بعض کتابوں کی زینت ہیں۔

شاہ صاحب کے ان منظوم و منثور ادبی شہ پاروں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ انھیں عربی گفتگو، عربی نگارش اور عربی میں برجستہ گوئی و شعر گوئی کا زبردست ملکہ حاصل تھا۔صاحبِ تراجم الفضلاء کا ان کے سلسلے میں یہ قول کس قدر مبنی بر حقیقت ہے کہ:

''شاہ عبدالعزیز دہلوی.....در علم حدیث و فقہ و اصول و تمامی علوم عربیت خاصہ لغت مشہور اند۔''(۱۴)

آپ کا ایک نثری شہ پارہ ملاحظہ ہو:

" إني بفراقكم لمحزون، إن سألتم عن حالي فقلبي بالأشواق متمزق وكبدي بمكابدة الفراق متحرق، وروحي بحبال الآمال مختنق وبصر بصيرتي في مشاهدة جمالكم مستغرق جسدي ذائب ولبي ذاهب..... "(۱۵)

''میں آپ کی جدائی سے مبتلائے غم ہوں، اگر آپ پرسش احوال کریں تو عرض کروں کہ میرا دل و فورِ شوق سے پھٹا جارہا ہے اور میرا کلیجہ فراق کی کلفتوں سے سوختہ ہورہا ہے اور امیدوں کی رسیوں سے میری روح کا دم گھٹا جارہا ہے۔میری نگاہ بصیرت آپ کے حسن کے دیدار میں مشغول ہے، میرا جسم گھل رہا ہے اور عقل و خرد جاں بلب ہے۔''

آپ کے ایک عربی قصیدے کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:

يا سائر النحوالحمى	بالله قف في بانه
واقرأ طوامير الجوى	منّي على سكانه
إن يسألوا عن حالتي	في السقم منذ فقدتهم
فالقلب في خفقانه	والرأس في دورانه

إن فتشوا عن دمع عيني بعدہم قل حاكيا

كالغيث فی تهتانه والبحر في ہيجانه(۱۶)

''اے قیام گاہ اور خیمے کی طرف جانے والے! خدا کے واسطے ذرا اس کے کھونٹے اور طنابوں کے پاس ٹھیر جا، اور وہاں قیام پذیر لوگوں کے حوالے سے میں نے جو سوزش عشق میں ڈوبے ہوئے اشعار رقم کیے ہیں، انھیں پڑھ لے، ان سے بچھڑ جانے کے بعد سے مجھ پر جو بیت رہی ہے اور میری زاری و بیماری کی جو کیفیت ہے اگر وہ لوگ اس کے بارے میں پوچھیں تو کہہ دینا کہ وہ بے قراری اور آشفتہ سری میں دن گزار رہا ہے دل ہے کہ مانتا نہیں؛ سراپا اضطراب بنا ہوا ہے۔ اور سر ہے کہ چکرائے جا رہا ہے۔ ان سے بچھڑنے کے بعد میرے اشک ہائے مژگاں اور آنسوؤں کا اگر وہ حال دریافت کریں تو یوں کہنا کہ ان کا حال نہ تھمنے والی مسلسل بارش اور طوفان بھرے سمندر جیسا ہے۔''

طوالت کے خوف سے بس انہی چند مثالوں پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے۔ ان مثالوں سے بہ خوبی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ایک خالص ہند نژاد ادیب جس کا مایۂ خمیر گنگ و جمن کی دھرتی سے اٹھا تھا عربی زبان و ادب کے حوالے سے اس کی خوش مذاقی کس درجہ مثالی اور قابل رشک تھی۔ جملہ اصناف سخن پر نظم پر، نثر پر اسے کس درجہ ماہرانہ اور استادانہ درست رس حاصل تھی۔ یہ اور اس جیسی بہت ساری دوسری مثالیں اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ ہندستانی علماء کی عربی تحریریں انتہائی معیاری اور بلند پایہ ادبی شہ پاروں کا درجہ رکھتی ہیں۔

ہندستان کا یہ آفتاب علم و حکمت بالآخر ۴ یا ۷/ شوال ۱۲۳۹ھ مطابق ۱۸۲۲ء کو بعد نماز فجر غروب ہو گیا اور اس کا وجودِ خاکی مہدیان کے قبرستان میں پیوندِ خاک ہوا۔ وفات کے وقت زبان پر توفنی مسلما وألحقنی بالصالحین کے کلمات جاری تھے۔ حضرت شاہ محمد اسحاقؒ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ لوگوں کا ہجوم اتنا تھا کہ پچپن مرتبہ آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ شاید ایسے ہی یگانۂ روزگار شخصیات کے لیے غالب نے یوں ماتم کیا تھا کہ :

مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم تو نے وہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کیے

حضرت شاہ صاحب کی وفات پر بہت سے مرثیے کہے گئے۔ حکیم محمد مومن خاں مومن کا درج ذیل مرثیہ حالات کی کسی درجہ ترجمانی کرتا ہے۔ اس کے آخری مصرعہ سے شاہ صاحب کی تاریخ وفات بھی نکلتی ہے۔ مومن کہتے ہیں:

انتخاب نسخۂ دیں مولوی عبدالعزیز بے عدیل و بے نظیر و بے مثال و بے مثل

جانب ملکِ عدم تشریف فرما کیوں ہوے آگیا تھا کیا کہیں مردوں کے ایماں میں خلل

جب اٹھائی نعش اک عالم تہ و بالا ہوا لوٹتا تھا خاک پر ہر قدسی گردوں محل

کیا کس و ناکس پہ تھا صدمہ کیا جس وقت دفن ڈالتا تھا خاک سر پر ہر عزیز و متبذل

مجلس درد آفرین تعزیت میں میں بھی تھا جب پڑھی تاریخ مومن نے یہ آکر بے بدل

دست بے داد اجل سے بے سر و پا ہو گئے فقر و دیں، فضل و ہنر، لطف و کرم، علم و عمل

حوالے و حواشی

(۱) سورۃ آل عمران آیت ۴۳-۳۳ (القرآن الکریم)

(۲) ترجمہ: تلخیص تفہیم القرآن، صفحہ ۱۰۲

(۳) مکتوب نمبر ۷۷، صفحہ ۱۲۱-۱۲۰، مکتوبات الشیخ الشاہ ولي اللہ الدہلوي و أولادہ و معاصریہ

(۴) تذکرۂ حضرت شاہ ولی اللہ، صفحہ ۲۲۸

(۵) وقائع عبد القادر خانی، ج ۲، صفحہ ۲۴۶

(۶) ملفوظات شاہ عبد العزیز، صفحہ ۳۶

(۷) نزہۃ الخواطر، ج ۷، صفحہ ۲۶۹

(۸) دہلی اور اس کے اطراف، صفحہ ۱۰۹

(۹) کمالات عزیزی، صفحہ ۳۵

(۱۰) علامہ تفضل حسین کشمیری (۱۷۲۷-۱۸۰۱) سیالکوٹ کی پیدائش تھی، انگریزوں کے مقرب تھے، نواب آصف الدولہ کے عہد میں کلکتہ کے اندر ایسٹ انڈیا کمپنی کے دربار میں اودھ کے سفیر تھے، ملفوظات شاہ عبد العزیز میں بھی علامہ کا تذکرہ ملتا ہے۔ ملاحظہ ہو: ملفوظات صفحہ ۱۱۶-۱۱۷ مطبوعہ ۱۳۱۴

(۱۱) شاہ عبد العزیز محدث دہلوی اور ان کی علمی خدمات، صفحہ ۱۱۷

(۱۲) احمد بن محمد بن علی بن ابراہیم انصاری شروانی (۱۷۸۵-۱۸۳۷) تیرھویں صدی ہجری کے یمني الأصل عالم اور ادیب و شاعر تھے؛ وارد ہندستان ہوئے تو کلکتے میں فروکش ہوئے، مدرسہ عالیہ کلکتہ میں مدرس رہے، اور پھر وہاں سے نکل کر ہندستان کے مختلف خطوں میں ان کی آمد و رفت رہی مثلاً لکھنؤ، بھوپال، بمبئی، بنارس اور پونا وغیرہ۔ ان کی یہ کتاب کلکتے سے کم از کم تین بار طبع ہوئی ہے۔ پہلی بار ۱۸۱۳ء میں چھپی تھی۔

(۱۳) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور ان کی علمی خدمات، صفحہ ۲۹۰

(۱۴) تراجم الفضلاء، صفحہ ۱۶-۱۵

(۱۵) مکتوب نمبر ۶۵، صفحہ ۱۰۱، مکتوبات الشیخ الشاہ ولي اللہ الدہلوي و أولادہ و معاصریہ

(۱۶) العجب العجاب فیما یفید الکتاب، صفحہ ۱۵۳-۱۴۵

مراجع و مصادر:

(۱) احمد بن محمد بن علی بن ابراہیم الانصاری الیمنی الشروانی، العجب العجاب فیما یفید الکتاب، ہندوستانی پریس، کلکتہ ۱۸۱۳ء

(۲) مکتوبات الشیخ الشاہ ولي اللہ الدہلوي و أولادہ و معاصریہ، تحقیق، تعلیق و ترجمہ: أ.د. الشاہ عبدالسلام، الناشر: مکتبۃ رضا رام فورا الہند، ۱۴۳۱ مطابق ۲۰۱۰ء

(۳) مولانا مناظر احسن گیلانی: تذکرۂ حضرت شاہ ولی اللہ، لائل پور پریس، جولائی، ۱۹۶۵ء

(۴) ڈاکٹر ثریا ڈار: شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور ان کی علمی خدمات۔ ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۹۱ء

(۵) تحفۂ اثنا عشر

(۶) بستان المحدثین

☆☆☆

ہندوستان میں فاصلاتی تعلیم -امکانات، چیلنجز اور حل

ڈاکٹر ندیم احمد
-اسسٹنٹ پروفیسر، اردو کروڑی مل کالج، دہلی یونیورسٹی

تلخیص -: یہ مضمون ہندوستان میں فاصلاتی تعلیم کے لسانی، تدریسی اور پالیسی پہلوؤں کا جائزہ لیتا ہے۔ اس میں فاصلاتی نظامِ تعلیم کو ایک متبادل طریقۂ تدریس کے بجائے ایک جامع، ہمہ گیر اور سماجی ادارتی ماڈل کے طور پر دیکھا گیا ہے۔ مضمون میں تعلیمی مساوات، لسانی تنوع، ٹیکنالوجی کی مدد سے علم کی رسائی، اور پالیسی سطح پر درپیش امکانات و چیلنجز کو اجاگر کیا گیا ہے، تاکہ فاصلاتی تعلیم کو مؤثر، جمہوری اور ہمہ گیر بنایا جا سکے۔

فاصلاتی تعلیم، یا بعید سے تدریس، ہندوستان جیسے کثیر الجہات، وسیع الامتداد، اور متنوع آبادی والے ملک کے لیے ایک عظیم الشان امکانی دروازہ کھولتی ہے، جو تعلیمی نظام کو ایک نئے دور میں لے جا سکتی ہے۔ یہ روایتی درسگاہوں سے یکسر مختلف ہے، جہاں طلبہ و معلم ایک ہی سقف تلے جمع ہو کر علم کی تحصیل کرتے ہیں، ایک دوسرے سے براہِ راست مکالمہ کرتے ہیں، اور کلاس روم کے ماحول میں رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ اس کے برعکس، فاصلاتی تعلیم جدید آلاتِ لسانیات، جیسے انٹرنیٹ، مراسلاتی نظام، ریڈیو، ٹیلی ویژن، اور دیگر ذرائع سے علم کی ترسیل کو ہر گھرانے، ہر گاؤں، اور ہر شہر تک ممکن بناتی ہے، بغیر اس کے کہ طالب علم اور معلم جسمانی طور پر آمنے سامنے ہوں۔ جب کووڈ-19 کی عالمگیر آفت نے دنیا بھر میں تعلیمی اداروں کو مقفل کر دیا، اس وقت فاصلاتی تعلیم نے ایک نجات دہندہ کے طور پر کام کیا، تعلیمی سلسلے کو استمرار بخشا، اور طلبہ کو گھر بیٹھے سیکھنے کا موقع فراہم کیا۔ تاہم، ہندوستان جیسے ملک میں، جہاں شہری و دیہی ماحول میں عمیق تفاوت پایا جاتا ہے، جہاں ایک طرف میٹرو شہروں میں تیز رفتار انٹرنیٹ اور جدید آلات عام ہیں، اور دوسری طرف دیہاتوں میں بجلی اور نیٹ ورک کی سہولیات بھی نایاب ہیں، اس نظام کا نفاذ کوئی سہل الوصول عمل نہیں۔ اس کے امکانات بے حد وافر ہیں، جیسے دور افتادہ علاقوں کے طلبہ تک تعلیمی رسائی، سستی تعلیم کی فراہمی، اور لچکدار اوقات میں سیکھنے کی سہولت، مگر معضلات و موانع بھی کم نہیں، جیسے انٹرنیٹ کی نایابی، بنیادی سہولیات کی کمی، اور معلموں کی ناکافی تربیت۔ اس مقالے کا مقصد فاصلاتی تعلیم کی لسانی و علمی تفہیم کو واضح کرنا، اس کی انواع کو بیان کرنا، ہندوستان اور بیرونِ ملک کے کامیاب نمونوں کا جائزہ لینا، اس کے امکانات کو اجاگر کرنا، چیلنجز کو تفصیل سے پیش کرنا، اور ان کے عملی حل تجویز کرنا ہے۔ میری بصیرت یہ ہے کہ اگر ہم اس نظام کو تدبر و حکمت سے بروئے کار لائیں، مناسب وسائل فراہم کریں، اور اسے ہندوستان کے متنوع حالات کے مطابق ڈھالیں، تو یہ نہ صرف تعلیمی افق کو وسعت دے سکتا ہے، بلکہ ہمارے وطن کو ترقی کے نئے مدار میں داخل کرنے کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔ یہ ایک ایسا انقلاب ہو سکتا ہے جو ہر طالب علم کے لیے علم کے دروازے کھولے، چاہے وہ شہر میں ہو یا گاؤں میں، امیر ہو یا غریب۔

(فاصلاتی تعلیم کی تفہیم (لسانی و علمی تشریح

فاصلاتی تعلیم ایک ایسا تعلیمی نظام ہے جو طالب علم و معلم کے درمیان مادی فاصلے کے باوجود علم کی ترویج و ترسیل کو یقینی بناتا ہے، اور اسے روایتی کلاس روم کی چار دیواریوں سے آزاد کرتا ہے۔ یہ نظام انٹرنیٹ، مراسلات، نشریاتی ذرائع، اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کے توسط سے عمل پذیر ہوتا ہے، جس سے طلبہ کو اپنے گھروں، اپنے وقت، اور اپنی سہولت کے مطابق تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔ ماہرین تعلیم نے اس کی لسانی و نظریاتی تشریحات مختلف زاویوں سے پیش کیں، جو اس کے متنوع پہلوؤں کو اجاگر کرتی ہیں:

ہوم (1989): بورج ہوم اسے "باہمی اشتراکِ لسانی" قرار دیتے ہیں، یعنی ایک دوطرفہ رابطے کا عمل، جہاں فاصلہ ہونے کے باوجود مواد، نوٹس، اور رہنمائی کے ذریعے طلبہ و معلم ایک دوسرے سے جڑے رہتے ہیں۔ ان کا زور اس کی لچک پر ہے، جو طلبہ کو اپنی رفتار سے سیکھنے کی اجازت دیتا ہے۔

کیگن (1996): ڈیسمنڈ کیگن اسے "مادی انفصال" کی تعلیم کہتے ہیں، یعنی ایسی تعلیم جو طلبہ اور معلم کو جسمانی طور پر الگ رکھتی ہے، لیکن لسانی آلاتِ جدید جیسے ریڈیو، ٹیلی ویژن، یا انٹرنیٹ اسے ممکن بناتے ہیں۔ ان کے مطابق، یہ نظام تکنیکی وسائل پر منحصر ہے۔

پیٹرز (2001): اوٹو پیٹرز نے اسے "صناعتی تعلیمی ڈھانچہ" کا نام دیا، کیونکہ یہ بڑے پیمانے پر طلبہ کو تعلیم دینے کے لیے ایک منظم اور صنعتی انداز میں کام کرتا ہے، جیسے فیکٹری میں پیداوار ہوتی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ یہ نظام جدید دور کی ضرورت ہے۔

یوگیش (2010): ہندوستانی ماہر یوگیش آرا اسے "سماجی عدل" کا ذریعہ مانتے ہیں، جو غریب، محروم، اور دور دراز کے طلبہ کے لیے تعلیمی مواقع کی ترسیل کرتا ہے۔ ان کے مطابق، یہ ہندوستان جیسے ملک میں پسماندہ طبقات کو بااختیار بنانے کا اہم ذریعہ ہے۔

میری لسانی و فکری رائے یہ ہے کہ فاصلاتی تعلیم ایک عظیم الشان کلیدی آلہ ہے، جو ہر طالب علم کے لیے علمی خزائن کو مفتوح کر سکتا ہے، بشرطیکہ اسے وسائل، منصوبہ بندی، اور تدبر کے ساتھ مستعمل کیا جائے۔ یہ وقت و مکان کی لسانی قیود سے آزاد کرتی ہے، طلبہ کو اپنے حالات کے مطابق سیکھنے کی سہولت دیتی ہے، اور تعلیم کو سہل الوصول بناتی ہے۔ ہندوستان کے تناظر میں، جہاں کروڑوں طلبہ روایتی اسکولوں تک نہیں پہنچ سکتے، یہ نظام ایک پل کا کردار ادا کر سکتا ہے، جو انہیں علم کی روشنی سے منور کرے۔ تاہم، اس کی کامیابی اس بات پر منحصر ہے کہ ہم اسے کس طرح نافذ کرتے ہیں، کیونکہ اس کے بغیر یہ محض ایک خوبصورت خیال رہ جائے گا۔ فاصلاتی تعلیم کی تاریخ بھی کافی دلچسپ ہے۔ یہ 19 ویں صدی میں خط و کتابت کے کورسز سے شروع ہوئی، جب طلبہ ڈاک کے ذریعے نوٹس اور اسائنمنٹس وصول کرتے تھے۔ وقت کے ساتھ، ریڈیو، پھر ٹیلی ویژن، اور اب انٹرنیٹ نے اسے ایک جدید شکل دی۔ ہندوستان میں، اس کی ابتدا ایگنو جیسے اداروں سے ہوئی، جنہوں نے دور دراز کے طلبہ تک تعلیم پہنچانے کی بنیاد رکھی۔ میرا خیال ہے کہ اس کی لسانی و علمی اہمیت کو سمجھنا اس کے امکانات کو بروئے کار لانے کا پہلا قدم ہے۔

(فاصلاتی تعلیم کی انواع (لسانی درجہ بندی

فاصلاتی تعلیم کی متعدد لسانی صورتیں ہیں، جو زمانے کے ارتقا اور تکنیکی تراکیب کے ساتھ متشکل ہوئی ہیں۔ ہندوستان جیسے ملک میں، جہاں وسائل و حالات کی تفریق نمایاں ہے، یہ انواع عمیق اہمیت کی حامل ہیں، کیونکہ ہر صورت مختلف طلبہ کے لیے موزوں ہو سکتی ہے۔ میری لسانی بصیرت کے مطابق، اس کی کلیدی اقسام یہ ہیں:

1. مراسلاتی تدریس: یہ قدیم الایام اور سادہ ترین صورت ہے، جہاں کتب، نوٹس، اور اسائنمنٹس مراسلاتی نظام، یعنی ڈاک کے ذریعے، طلبہ تک ترسیل پذیر ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں ایگنوؤ نے اسے بہت ترویج دی، خاص کر ان طلبہ کے لیے جو دور دراز علاقوں میں رہتے ہیں اور انٹرنیٹ تک رسائی نہیں رکھتے۔ یہ طریقہ سستا اور قابل اعتماد ہے، لیکن اس میں وقت زیادہ لگتا ہے۔

2. نشریاتی تعلیم: اس میں تعلیمی مواد ریڈیو یا ٹیلی ویژن کے ذریعے طلبہ تک پیش کیا جاتا ہے۔ یہ ان علاقوں کے لیے مفید ہے جہاں انٹرنیٹ نہیں، لیکن ریڈیو یا ٹی وی کے سگنلز میسر ہیں۔ وبا کے ایام میں "پی ایم ای-ویدیا" نے اسے مستعمل کیا، جہاں دور درشن اور آل انڈیا ریڈیو پر دروس نشر کیے گئے۔

3. آن لائن تدریس: یہ عصری اور سب سے مقبول صورت ہے، جہاں انٹرنیٹ کے ذریعے ویڈیو دروس، زوم اجلاسات، یا سوئم جیسے پلیٹ فارم سے طلبہ کو تعلیم ترسیل ہوتی ہے۔ یہ تیز، جدید، اور تعامل کی سہولت دیتی ہے، لیکن انٹرنیٹ اور آلات پر منحصر ہے، جو دیہی علاقوں میں ایک بڑا چیلنج ہے۔

4. مخلوط تعلیم: یہ روایتی و فاصلاتی تدریس کا امتزاج ہے، جہاں طلبہ کبھی درسگاہ میں معلم سے آمنے سامنے سیکھتے ہیں اور کبھی گھر سے آن لائن یا دیگر ذرائع سے۔ یہ لچکدار اور عملی ہے، کیونکہ یہ دونوں نظاموں کے فوائد کو یکجا کرتا ہے۔ ہندوستان میں کچھ نجی اسکولوں نے اسے اپنایا ہے۔

5. اوپن یونیورسٹی تعلیم: یہ بڑے پیمانے پر کورسز کی ترسیل کرتی ہے، جیسے ایگنوؤ، جہاں داخلے کی سخت شرائط مفقود ہوتی ہیں، اور طلبہ اپنی عمر یا پس منظر سے قطع نظر تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ نظام خاص طور پر ان کے لیے ہے جو روایتی تعلیم سے محروم رہ گئے۔

ان انواع کی اہمیت ہندوستان کے تناظر میں اس لیے زیادہ ہے کہ یہاں طلبہ کے حالات متنوع ہیں۔ شہروں میں آن لائن تدریس مقبول ہے، جبکہ گاؤں میں نشریاتی یا مراسلاتی تدریس زیادہ کارآمد ہو سکتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ ان انواع کو سمجھنا اور ان کا صحیح استعمال ہندوستان میں فاصلاتی تعلیم کو کامیاب بنانے کی کلید ہے۔ مثال کے طور پر، اگر ہم دیہی طلبہ کے لیے نشریاتی تعلیم کو فروغ دیں اور شہری طلبہ کے لیے آن لائن پلیٹ فارم کو مضبوط کریں، تو یہ نظام زیادہ جامع ہو سکتا ہے۔ ہر نوع کے اپنے فوائد اور حدود ہیں، جنہیں ہندوستان کے جغرافیائی اور معاشی حالات کے مطابق دیکھنا ضروری ہے۔

ہندوستان و بیرونِ ملک کے کامیاب فاصلاتی تعلیمی نمونے

فاصلاتی تعلیم کے متعدد نمونے ہندوستان اور عالمگیر سطح پر کامیابی سے عمل پذیر ہیں، جن سے ہم لسانی و عملی استفادہ کر سکتے ہیں۔ میرا لسانی و فکری خیال ہے کہ ان نمونوں کا مطالعہ ہندوستانی درسگاہوں کو بہتر بنانے اور اس نظام کو زیادہ مؤثر بنانے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔

اسکول تعلیم کے نمونے

1. نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ (NIOS)، نوئیڈا، انڈیا: 1989 میں قائم، یہ دنیا بھر میں مشہور اور سب سے بڑا اوپن اسکولنگ بورڈ ہے، جو سالانہ 3.5 لاکھ سے زائد طلبہ کو تعلیم دیتا ہے۔ نوئیڈا، اتر پردیش میں واقع اس کا ہیڈ کوارٹر عالمی سطح پر تسلیم شدہ ہے۔ NIOS سیکنڈری (10ویں) اور سینئر سیکنڈری (12ویں) سطح پر لچکدار تدریس پیش کرتا ہے، جو روایتی اسکولوں تک رسائی نہ رکھنے والے طلبہ، جیسے کام کرنے والے بچوں، گھریلو ذمہ داریوں والے طلبہ، یا معذور افراد کے لیے مثالی ہے۔ اس کی عالمگیر شہرت UNESCO اور Commonwealth of Learning کے تعاون سے مزید نمایاں ہوتی ہے۔ اس کا نظام مراسلاتی، آن لائن، اور عملی تربیت کا امتزاج ہے، جو طلبہ کو اپنی رفتار سے سیکھنے اور امتحانات دینے کی سہولت دیتا ہے۔ یہ ہندوستان کے 26 سے زائد تعلیمی بورڈز کے مقابلے میں سب سے زیادہ طلبہ کو سہولیات فراہم کرتا ہے۔

2. پی ایم ای-ویدیا (ہندوستان): وبا کے دوران وزارت تعلیم نے یہ منصوبہ 2020 میں شروع کیا، جو نشریاتی ذرائع (ریڈیو، ٹیلی ویژن) اور آن لائن پلیٹ فارم سے اسکول طلبہ کو تعلیم کی ترسیل کرتا ہے۔ اس میں دور درشن پر دروس، یوٹیوب ویڈیوز، اور سوئم ایپ شامل ہیں، جنہوں نے لاکھوں طلبہ تک رسائی ممکن بنائی۔ یہ خاص طور پر ان طلبہ کے لیے مفید رہا جن کے پاس انٹرنیٹ نہیں تھا۔

3. NCERT (دکشنا) (ہندوستان): مقامی خصوصیت کے تعاون سے دکشنا اسکول طلبہ کے لیے مفت آن لائن کورسز پیش کرتی ہے۔ اس کی لسانی خصوصیت زبانوں (مراٹھی، تامل، بنگالی) میں مواد کی ترسیل ہے، جو دیہی طلبہ کے لیے نہایت سود مند ہے۔ اس نے ہزاروں طلبہ کو بنیادی مضامین جیسے ریاضی اور سائنس سکھائی۔

4. خان اکیڈمی (امریکہ): یہ عالمگیر مفت پلیٹ فارم اسکول مضامین جیسے ریاضیات، سائنس، اور تاریخ کو سہل اللسان ویڈیوز سے طلبہ تک ترویج دیتا ہے۔ ہندوستان میں بھی اسے لاکھوں طلبہ استعمال کرتے ہیں، کیونکہ اس کا مواد آسان اور دلچسپ ہے۔

5. بی بی سی بائٹ سائز (برطانیہ): یہ اسکول طلبہ کے لیے ویڈیوز، کوئز، اور نوٹس کی ترسیل کرتا ہے۔ اس کا مواد لسانی معیار اور دلچسپی کا حامل ہے، اور ہندوستان اس سے تدریسی انداز سیکھ سکتا ہے۔

اعلیٰ تعلیم کے نمونے

1. اگنو (ہندوستان): اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی 1985 سے فعال ہے، جو مراسلاتی، آن لائن، اور نشریاتی کورسز سے لاکھوں طلبہ تک تعلیم ترسیل کرتی ہے۔ اس کا نیٹ ورک 58 علاقائی مراکز تک پھیلا ہے، اور یہ ہر سال 20 لاکھ سے زائد طلبہ کو خدمات دیتی ہے۔

2. سومبیوسس سینٹر فار ڈسٹنس لرننگ (ہندوستان): 2001 سے یہ مینجمنٹ، قانون، اور دیگر کورسز پیش کرتا ہے۔ اس کا آن لائن پورٹل اور عملی تربیت طلبہ کو پیشہ ورانہ زندگی کے لیے مہیا کرتی ہے۔

3. اوپن یونیورسٹی (برطانیہ): 1969 سے یہ آن لائن و نشریاتی کورسز سے لچکدار تعلیم دیتی ہے۔ اس کا نظام خود مختاری اور معیار پر مبنی ہے، جو ہندوستان کے لیے قابل تقلید ہے۔

4. یونیورسٹی آف فینکس (امریکہ): یہ آن لائن تدریس میں مہارت رکھتا ہے اور ملازمت پیشہ طلبہ کے لیے کورسز پیش کرتا ہے۔ اس کا ڈیجیٹل پلیٹ فارم عالمگیر شہرت یافتہ ہے۔

5. مونچ یونیورسٹی (جرمنی): یہ مخلوط تعلیم کا نمونہ پیش کرتی ہے، جہاں طلبہ آن لائن و کیمپس معلم سے سیکھتے ہیں۔

یہ نمونے ہندوستان کے لیے لسانی و عملی سبق آموز ہیں۔ NIOS سے عالمگیر شہرت و وسعت، دکشنا سے لسانی تنوع، اور خان اکیڈمی سے تدریسی دل آویزی سیکھی جا سکتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ ان نمونوں کو ہندوستان کے حالات کے مطابق ڈھال کر ہم فاصلاتی تعلیم کو مزید مؤثر بنا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، NIOS کی لچک اور پی ایم ای-ویدیا کی نشریاتی حکمت عملی کو ملایا جا سکتا ہے تاکہ دیہی طلبہ تک بہتر رسائی ہو۔

فاصلاتی تعلیم کے امکانات

فاصلاتی تعلیم ہندوستان کے لیے امکانات کا ایک وسیع خزانہ لے کر آتی ہے، جو تعلیمی نظام کو انقلابی شکل دے سکتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ ان امکانات کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا ہندوستان کے مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔ یہاں اس کے اہم امکانات تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں:

1. عام الشمول رسائی: فاصلاتی تعلیم ان دیہاتوں تک علم کی ترسیل کر سکتی ہے جہاں روایتی درسگاہیں موجود نہیں۔ ہندوستان میں کروڑوں طلبہ، خاص اور پی ایم ای-ودیا جیسے نظام ان طلبہ کو تعلیم سے جوڑ سکتے ہیں، چاہے وہ پہاڑوں میں NIOS کر دیہی علاقوں میں، اسکولوں سے دور رہتے ہیں۔ رہتے ہوں یا دور دراز کے گاؤں میں۔

2. وقت کی لچک: اگر کوئی طالب علم صبح مصروف ہے، جیسے کھیتوں میں کام کرتا ہو یا گھریلو ذمہ داریاں نبھاتا ہو، تو وہ شب کے اوقات میں معلم سے سیکھ جیسے ادارے اسی NIOS سکتا ہے۔ یہ سہولت خاص طور پر ان طلبہ کے لیے قیمتی ہے جو ملازمت کرتے ہیں یا روایتی اوقات میں اسکول نہیں جا سکتے۔ لچک کی مثال ہیں۔

3. متنوع کورسز: سوئم جیسے پلیٹ فارم ہزاروں مضامین پیش کرتے ہیں، جیسے باورچی گری، کمپیوٹر پروگرامنگ، لسانیات، یا یہاں تک کہ زراعت۔ طلبہ اپنی دلچسپی اور ضرورت کے مطابق کچھ بھی منتخب کر سکتے ہیں، جو روایتی اسکولوں میں ممکن نہیں، جہاں نصاب محدود ہوتا ہے۔

4. جدید لسانی آلات: مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ ویڈیوز، ورچوئل رئیلٹی سے تجربات، اور انٹرایکٹو کونٹرس کو دل آویز و سہل بناتے ہیں۔ مثال کے طور پر، خان اکیڈمی کے ویڈیوز طلبہ کو پیچیدہ تصورات کو آسان انداز میں سمجھاتے ہیں، جو چاک و بورڈ سے کہیں زیادہ مؤثر ہے۔

5. سستا تعلیمی نظام: روایتی اسکولوں میں فیس، بس کا کرایہ، یونیفارم، اور ہاسٹل کے اخراجات طلبہ اور ان کے خاندانوں پر بوجھ ڈالتے ہیں۔ فاصلاتی تعلیم ان اخراجات کو ختم کرتی ہے، کیونکہ طلبہ گھر بیٹھے سیکھ سکتے ہیں۔ یہ غریب خاندانوں کے لیے ایک بہت بڑی نعمت ہے۔

6. عالمگیر ربط: طلبہ لندن، واشنگٹن، یا دیگر ممالک کے ممتاز معلموں سے آن لائن سیکھ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، کورسیرا جیسے پلیٹ فارم دنیا بھر کے پروفیسرز کے لیکچرز ہندوستانی طلبہ تک لاتے ہیں، جو ان کے علمی اور پیشہ ورانہ امکانات کو بڑھاتا ہے۔

7. مستقبل کی تیاری: یہ نظام طلبہ کو ڈیجیٹل ہنر، جیسے کمپیوٹر کا استعمال، آن لائن تحقیق، اور ڈیٹا مینجمنٹ، ترسیل کرتا ہے، جو آج کی ملازمتوں کے لیے ناگزیر ہیں۔ ہندوستان جیسے ملک میں، جہاں ڈیجیٹل معیشت تیزی سے بڑھ رہی ہے، یہ ہنر طلبہ کو مقابلے کے قابل بناتے ہیں۔

8. سماجی شمولیت: فاصلاتی تعلیم معذور طلبہ، خواتین جو گھریلو ذمہ داریوں کی وجہ سے اسکول نہیں جا سکتیں، اور دیگر محروم گروہوں کو تعلیم سے جوڑتی نے ہزاروں معذور طلبہ کو گھر بیٹھے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے میں مدد دی۔ NIOS ہے۔ مثال کے طور پر،

9. ماحولیاتی فائدہ: روایتی اسکولوں میں سفر اور کاغذ کا استعمال ماحول پر بوجھ ڈالتا ہے۔ فاصلاتی تعلیم اسے کم کرتی ہے، کیونکہ سب کچھ ڈیجیٹل ہوتا ہے۔ یہ ہندوستان جیسے ملک کے لیے اہم ہے، جہاں ماحولیاتی مسائل بڑھ رہے ہیں۔

10. مقامی ضروریات کے مطابق تعلیم: یہ نظام مقامی زبانوں اور ثقافت کے مطابق مواد پیش کر سکتا ہے، جیسے دکشا دیہی طلبہ کے لیے مقامی زبانوں میں کورسز دیتی ہے۔

ان امکانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ فاصلاتی تعلیم نہ صرف تعلیمی نظام کو بہتر بنا سکتی ہے، بلکہ سماجی، معاشی، اور ماحولیاتی سطح پر بھی مثبت اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر ان امکانات کو صحیح طریقے سے بروئے کار لایا جائے، تو ہندوستان تعلیم کے میدان میں عالمی رہنما بن سکتا ہے۔

فاصلاتی تعلیم کے چیلنجز

فاصلاتی تعلیم کے امکانات جتنے روشن ہیں، اس کے چیلنجز بھی اتنی ہی گہرائی رکھتے ہیں، خاص کر ہندوستان جیسے متنوع ملک میں۔ ان چیلنجز کو تفصیل سے سمجھنا ضروری ہے، تاکہ ان کے حل تلاش کیے جا سکیں:

1. انٹرنیٹ کی نایابی: شہروں میں انٹرنیٹ ہر گھر میں میسر ہے، لیکن IAMAI کی 2022 رپورٹ کے مطابق، دیہات میں صرف 24 فیصد افراد انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں۔ اس سے لاکھوں طلبہ آن لائن تدریس سے محروم رہتے ہیں۔ مثال کے طور پر، بہار اور اڑیسہ جیسے صوبوں میں نیٹ ورک کی کمی ایک بڑا مسئلہ ہے۔

2. بنیادی سہولیات کی نایابی: دیہی علاقوں میں بجلی کب آئے، کب چلی جائے، کوئی بھروسہ نہیں۔ کئی گاؤں میں دن میں صرف 4-5 گھنٹے بجلی ملتی ہے، اور نیٹ ورک بھی اتنا کمزور ہے کہ ویڈیو دروس رُک جاتے ہیں۔ یہ طلبہ کی تعلیم میں بڑی رکاوٹ ہے۔

3. آموزگاروں کی ناکافی مہارت: بہت سے معلم آن لائن تدریس کے لیے تیار نہیں۔ وہ چاک و بورڈ سے نکل کر زوم یا گوگل میٹ استعمال کرنے میں دشواری محسوس کرتے ہیں۔ ایک سروے کے مطابق، ہندوستان کے 60 فیصد اساتذہ کو ڈیجیٹل تدریس کی تربیت نہیں ملتی، جس سے تدریس کا معیار گرتا ہے۔

4. طلبہ کی لسانی بے رغبتی: گھر پر تدریس طلبہ کو تفریح یا چھٹیوں جیسا لگتا ہے۔ درسگاہ میں دوسرے طلبہ اور معلم کی موجودگی سے جو ترغیب ملتی ہے، وہ گھر میں مفقود ہوتی ہے۔ کئی طلبہ آن لائن کلاسز کو سنجیدگی سے نہیں لیتے، جو ان کی کارکردگی کو متاثر کرتا ہے۔

5. غریب طبقات کے معضلات: غریب خاندانوں کے پاس اسمارٹ فون یا انٹرنیٹ کے پیسے نہیں۔ اگر ایک فون ہو بھی، تو تین طلبہ کی کلاسیں ایک ساتھ کیسے چلیں گی؟ وبا کے دوران، کئی بچوں نے اسکول چھوڑ دیا کیونکہ ان کے پاس آلات نہیں تھے۔

6. مواد کا لسانی فقدان: زیادہ تر آن لائن مواد انگریزی یا ہندی میں ہے، جو دیہی طلبہ کے لیے سمجھنا مشکل ہے، خاص کر جن کی مادری زبانیں تامل، بنگالی، یا دیگر ہیں۔ کبھی کبھار مواد کا معیار بھی ناقص ہوتا ہے، جو سیکھنے کے عمل کو کمزور کرتا ہے۔

7. امتحانات کی پیچیدگی: آن لائن امتحانات میں طلبہ نقل کر لیتے ہیں، یا نیٹ ورک کٹنے سے امتحان ادھورا رہ جاتا ہے۔ معلموں کو طلبہ کی اصلی صلاحیت کا پتا نہیں لگتا، اور نتائج کی صداقت پر سوال اٹھتے ہیں۔

8. سماجی رابطے کی کمی: روایتی اسکولوں میں طلبہ دوستوں سے ملتے ہیں، گروپ میں کام کرتے ہیں، اور سماجی ہنر سیکھتے ہیں۔ فاصلاتی تعلیم میں یہ سب غائب ہے، جو طلبہ کی شخصیت پر اثر ڈالتا ہے۔

9. والدین کا دباؤ: دیہی علاقوں میں والدین، جو خود ناخواندہ ہیں، طلبہ کی آن لائن تعلیم میں مدد نہیں کر سکتے۔ شہروں میں بھی کام کرنے والے والدین کے پاس وقت نہیں ہوتا کہ بچوں کی رہنمائی کریں۔

10. تکنیکی مسائل: سافٹ ویئر کریش، سست انٹرنیٹ، یا آلات کی خرابی جیسے مسائل طلبہ اور معلم دونوں کے لیے پریشانی کا باعث بنتے ہیں۔

یہ چیلنجز ظاہر کرتے ہیں کہ فاصلاتی تعلیم کو ہندوستان میں کامیاب بنانے کے لیے بہت سے رکاوٹوں کو دور کرنا ہوگا۔ میرا خیال ہے کہ ان مسائل کو نظر انداز کرنا اس نظام کے امکانات کو ضائع کرنے کے مترادف ہوگا۔

ان امکانات و چیلنجز کے حل

فاصلاتی تعلیم کے امکانات کو بروئے کار لانے اور چیلنجز سے نمٹنے کے لیے عملی حل تلاش کرنا ضروری ہے۔ میری رائے میں، درج ذیل تجاویز اس نظام کو ہندوستان میں کامیاب بنا سکتی ہیں:

1. انٹرنیٹ کی ترویج: حکومت کو دیہات میں انٹرنیٹ کی رسائی بڑھانی چاہیے۔ "ڈیجیٹل انڈیا" منصوبہ اس سمت میں کام کر رہا ہے، لیکن اسے تیز کرنا ہوگا۔ اسکولوں یا کمیونٹی سینٹرز میں مفت وائی فائی پوائنٹ قائم کیے جائیں، جہاں طلبہ آ کر سیکھ سکیں۔

2. نیٹ ورک کو تیزی Gبنیادی سہولیات کی ترسیل: شمسی توانائی سے دیہاتوں میں بجلی کی فراہمی یقینی ہو، تاکہ طلبہ کی تدریس میں خلل نہ پڑے۔ 5 سے طلبہ کے لیے دلچسپ ویڈیوز بنائیں، جیسے خان اکیڈمی کرتی ہے۔ AI سے نافذ کیا جائے، اور

3. آموزگاروں کی لسانی تربیت: معلموں کے لیے تربیتی پروگرام چلائے جائیں، جہاں انہیں آن لائن تدریس کے ہنر، جیسے زوم کا استعمال، انٹرایکٹو مواد بنانا، اور طلبہ کو ترغیب دینا، سکھائے جائیں۔ سوئم جیسے پلیٹ فارم پر اساتذہ کے لیے مفت کورسز بڑھائے جائیں۔

4. طلبہ کی ترغیب: آن لائن کلاسز میں کھیل، انعامات، اور گروہی مکالموں کا اضافہ کیا جائے، تاکہ طلبہ کا دل لگے۔ والدین کو بھی سمجھایا جائے کہ وہ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کی نگرانی کریں۔

5. غریبوں کی اعانت: پسماندہ طلبہ کو سستے اسمارٹ فون اور مفت انٹرنیٹ دیا جائے، جیسے سبسڈی یا خیراتی اداروں کے ذریعے۔ حکومت "ایک طالب علم، ایک آلہ" جیسا منصوبہ شروع کر سکتی ہے۔

6. مقامی لسانی مواد: دکشنا کی طرح مواد کو دیہی زبانوں (مراٹھی، تامل، بنگالی) میں ترجمہ کیا جائے۔ عالمگیر کورسز جیسے کورسیرا سے رابطہ جوڑ کر انہیں ہندوستانی زبانوں میں پیش کیا جائے۔

7. سے چہرے کی شناخت یا اسکرین مانیٹرنگ۔ پروجیکٹس، عملی کام، اور AI امتحانات کی بہتری: پراکٹرنگ سافٹ ویئر سے نقل روکی جائے، جیسے زبانی امتحانات سے طلبہ کی صلاحیت کا جائزہ لیا جائے۔

8. سماجی رابطے کا حل: آن لائن گروپ پروجیکٹس، ورچوئل مقابلے، اور چیٹ فورمز بنائے جائیں، تاکہ طلبہ ایک دوسرے سے جڑ سکیں اور سماجی ہنر سیکھ سکیں۔

9. والدین کی رہنمائی: والدین کے لیے مفت ورکشاپس ہوں، جہاں انہیں بتایا جائے کہ وہ طلبہ کی آن لائن تعلیم میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔ دیہاتوں میں اساتذہ یا کمیونٹی لیڈرز اس ذمہ داری کو سنبھال سکتے ہیں۔

10. تکنیکی مدد: ہر ضلع میں تکنیکی مدد کے مراکز قائم ہوں، جہاں طلبہ اور معلم آلات کی خرابی یا سافٹ ویئر مسائل کے حل کے لیے رجوع کر سکیں۔ یہ حل اگر نافذ کیے جائیں، تو فاصلاتی تعلیم کے چیلنجز کو کم کیا جا سکتا ہے اور اس کے امکانات کو زیادہ سے زیادہ بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اس کے لیے حکومت، اسکول، اور معاشرے کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

فاصلاتی تعلیم ہندوستان کے لیے ایک عظیم الشان امکانی راہ ہے، اور اس کی قدر و قیمت کو تسلیم کرنا ہم سب کے لیے لازم و ملزوم ہے۔ اس کے امکانات، جیسے تعلیم کی عام الشمول ترسیل، سستی تدریس، وقت کی لچک، اور طلبہ کو مستقبل کے لیے مہیا کرنا، ہمارے ملک کے تعلیمی مستقبل کو بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ میری لسانی و فکری رائے یہ ہے کہ یہ نظام نہ صرف تعلیمی افق کو وسعت دیتا ہے، بلکہ ان محروم اور دور افتادہ طلبہ کو بھی مساوی مواقع عطا کرتا جیسے اداروں نے ثابت کیا کہ فاصلاتی تعلیم لاکھوں طلبہ کی زندگیاں بدل سکتی ہے، جبکہ پی ایم ای- NIOS ہے جو روایتی نظام میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔ وید یا اور دکشنا نے دکھایا کہ دیہی علاقوں تک بھی رسائی ممکن ہے۔ تاہم، انٹرنیٹ کی نایابی، بنیادی سہولیات کی کمی، معلموں کی ناکافی تربیت، اور دیگر معضلات اس کی راہ میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ اگر ہم ان چیلنجز سے نبرد آزما نہ ہوئے، تو یہ خوبصورت مواقع ہمارے ہاتھ سے نکل سکتے ہیں۔ میرا یقین ہے

کہ اس کے لیے حکومت کو سنجیدگی سے مدبرانہ اقدامات اٹھانے ہوں گے، جیسے دیہات میں انٹرنیٹ و بجلی کی سہولیات بڑھانا، طلبہ کو سستے آلات دینا، اور معلموں کی تربیت کے پروگرام شروع کرنا۔ درسگاہوں اور کالجوں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، معیاری مواد تیار کر کے اور طلبہ کو ترغیب دے کر۔ ہم سب کو بھی ذمہ داری لینی ہوگی، اپنے ارد گرد کے طلبہ کی مدد کر کے اور اس نظام کو بہتر سمجھنے کی کوشش کر کے۔ اگر ہم مل کر یہ کوشش کریں، تو فاصلاتی تعلیم نہ صرف تعلیم کا ایک نیا دور شروع کر سکتی ہے، بلکہ ہمارے طلبہ کے مستقبل کو سنوارنے اور ہندوستان کو ترقی کے نئے مدار میں داخل کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے۔ آخر میں، میں یہ کہوں گا کہ فاصلاتی تعلیم محض ایک نظام نہیں، بلکہ ایک امید افزا اشعاع ہے، جو ہر گھر، ہر گاؤں، اور ہر طالب علم تک علم کی روشنی پھیلا سکتی ہے، بشرطیکہ ہم اسے تدبر سے مستعمل کریں اور اس کے چیلنجز کو ایک موقع کے طور پر دیکھیں۔ یہ ہندوستان کے تعلیمی خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے، اور ہمیں اسے ہر ممکن طریقے سے مضبوط کرنا چاہیے۔

حوالہ جات

1. پانڈا، ایس (2005) ہائر ایجوکیشن ایٹ اے ڈسٹنس، روٹلیج۔
2. داس، ایس (2024) پرا سپیکٹس آف ڈسٹنس لرننگ ان انڈیا، انٹرنیشنل پبلشنگ۔
3. یوگیش، آر (2010) ڈسٹنس ایجوکیشن ان انڈیا، لوٹس پریس۔
4. شرما، ایس (2021) ایجوکیشن ان انڈیا، نووا سائنس۔
5. IAMAI۔ انٹرنیٹ ان انڈیا رپورٹ 2022
6. سوئم اپیکٹ رپورٹ 2024 وزارت تعلیم۔
7. ایگنوُ رپورٹ 2023 ایگنوُ۔
8. NCERT۔ دکشا اسٹڈی 2022
9. UGC۔ - یو جی سی ریگولیشنز 2020

☆☆☆

اقبال کی نظم ''رخصت اے بزمِ جہاں''اوران کی فطرت شناسی

ڈاکٹر محمد محسن

کروڑی مل کالج،دہلی یونیورسٹی،دہلی

ملخص: علامہ اقبال کی نظم ''رخصتِ اے بزمِ جہاں''کااس مضمون میں تجزیہ کیا گیاہےاوران کی فطرت نگاری،منظر نگاری اور کائنات کی دیگر تخلیقات سےان کی محبت کااظہار دیکھنے کو ملتاہے۔ نظم میں شاعر بزمِ جہاں کو ویرانی سے تعبیر کرتے ہوئے گھبراتے ہیں اور یہاں سے رخصت کاارادہ باندھناچاہتے ہیں۔اس جمِ غفیر سےان کادل اس قدر گھبرا گیاہے کہ وہ ایک ایسی جگہ میں پناہ لیناچاہتے ہیں جہاں سکون کی محفل آراستہ ہو،ندی نالے ہوں،فطری مناظر ہوں،آبشار ہوں اور پہاڑ ہوں۔درحقیقت اس نظم سےاقبال کی فطرت سے بے پناہ محبت کااظہار ہوتاہےاوران کے جمالیاتی فکر پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

اقبال, خصت اے بزمِ جہاں'مناظر فطرت ,آرزو, بانگ درا, نظم , پیغام, نیچر, دامن

اردو سخنوری میں علامہ اقبال کا نام سرِ فہرست ہے۔وہ نہ صرف ایک عظیم شاعر تھے بلکہ مفکر و فلسفی بھی تھے لیکن فلسفی کی بہ نسبت شاعری میں ان کو امتیازی انفرادیت حاصل ہے۔جوانی سے ہی ان میں عبادت، تقویٰ وطہارت بدرجۂ اتم پایا جاتا تھا۔یہی عبادت، تقویٰ وطہارت کا عکس وجھلک ان کی نظموں میں بھی شروع سے دکھائی دیتاہے۔انہوں نے مختلف موضوعات پر بے حد اہم نظمیں لکھی ہیں۔ نظم ''رخصت اے بزمِ جہاں''انھیں میں سے ایک نظم ہے جو مناظرِ فطرت کے موضوع پر علامہ اقبال کی مشہور ومقبول نظم ہے۔یہ نظم رسالہ 'مخزن' میں شمارہ مارچ 1904ء میں شائع ہوئی تھی۔جسے علامہ اقبال نے ایمرسن کے کلام سے اخذ کیاہے۔اگرچہ یہ نظم علامہ اقبال کی طبع زاد نہیں ہے۔لیکن پھر بھی ان کے ابتدائی افکار ونظریات کی بہترین ترجمان ہے۔

مندرجہ بالا نظم کے علاوہ بھی بانگ درا میں کئی نظمیں ہیں جن میں مناظرِ فطرت کی جھلک نظر آتی ہے۔یہاں چند کا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے مثلاًعلامہ اقبال کی ایک نظم جس کا عنوان ''ہمالہ'' ہے۔اس نظم میں انھوں نے مناظرِ فطرت کی عکاسی کرتے ہوئے جہاں وہ شام کی منظر کشی کر رہے ہیں کہ جب شام کا وقت ہو جاتاہے تو ماحول پر خاموشی چھا جاتی ہے۔جس میں آبشاروں کی آواز سنائی دیتی ہے جو نہایت فرحت افزا ہوتی ہے۔اسی طرح درخت بالکل خاموش کھڑے رہتے ہیں ایسا معلوم ہوتاہے کہ وہ کھڑے کھڑے کچھ سوچ رہے ہیں اور یہ ایسی خاموشی ہوتی ہے جس پر ہزار تکلم قربان کیے جاسکتے ہیں۔سورج کے غروب ہونے کے بعد آسمان میں جو شفق نظر آتاہے اس کی روشنی جب پہاڑ پر پڑتی ہے تو وہ سرخ نظر آتاہے۔ایسا معلوم ہوتاہے کہ کسی نے پہاڑ کے رخسار پر غازہ مل دیاہے۔

علاوہ ازیں نظم ''گلِ رنگین'' میں گلاب کے پھول کو مخاطب کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔اے گلاب کے حسین و جمیل پھول! تجھ میں اور مجھ میں فرق یہ ہے کہ میرے سینے میں ایک ہمہ دم تلاش اور جستجو کرنے والا دل ہے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تیرے سینے میں دل ہی نہیں ہے۔ورنہ تو بھی میری طرح سراپا تلاش و جستجو ہوتا اور میری ہی طرح آرزو میں مبتلا ہوتا اور دردِ الفت کا لذت شناس ہوتا لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ تیری زندگی میں نہ کوئی تلاش، نہ کوئی آرزو، نہ ہی جستجو کوئی، نہ ہی تیرے سینے میں کوئی درد اور نہ تو دردِ الفت کا شیدائی ہے۔ جبکہ میں سراپا آرزو بنا ہوا ہوں۔لیکن گھبراؤ نہیں میں تجھے توڑوں گا نہیں اور نہ تجھے تیرے وطن سے جدا کروں گا کیوں کہ ظاہر ہے کہ چمن تیرا وطن ہے اور وطن سے جدائی تکلیف کا سبب ہوتی ہے اور میں تجھے کسی طرح کی تکلیف نہیں پہنچانا چاہتا بلکہ میں تو عاشقِ فطرت ہوں۔یعنی قدرتی و فطری حسن کے نظارے سے ہی اپنی آنکھوں کو تسکین کا سامان مہیا کرتا ہوں۔ حسن کے دیدار کے واسطے پھول کو شاخِ گل سے جدا کرنا ضروری نہیں ہے بلکہ بغیر توڑے بھی حسن کے دیدار سے لذت آشنا ہوا جا سکتا ہے۔در حقیقت اس نظم میں بھی مناظرِ فطرت کی بھرپور عکاسی نظر آتی ہے۔

نظم ''ابرِ کہسار'' مناظر فطرت پر ایک معروف نظم ہے جس میں انہوں نے مناظرِ فطرت کو بہت ہی گہرائی اور گیرائی کے ساتھ بیان کیا ہے۔جو مناظر فطرت پر اس طرح کی مثال کم ہی ملتی ہے۔ نظم میں ایک جگہ اس کا بیان کمال کا درجہ رکھتا ہے۔چنانچہ بادل کے حسن و جمال کو حسین و جمیل عورت سے تشبیہ دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جس طرح عورت کے رُخسار پر جب زلفیں بکھر جاتی ہیں تو وہ بڑی خوبصورت معلوم ہوتی ہے۔ اسی طرح جب کالی گھٹائیں آسمان پر بکھر جاتی ہیں وہ بھی نہایت حسین و جمیل معلوم ہوتی ہے اور آسمان کا حسن و جمال دوبالا ہو جاتا ہے۔بادل کی کیفیت کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ بادل یوں کہتا ہے کہ یہ میرا ہی فیض ہے کہ جب بارش برساتا ہوں تو کسانوں کو اتنی خوشی ہوتی ہے کہ ان کو اپنی جھونپڑی بھی کسی بادشاہ کی آرام گاہ سے کم معلوم نہیں ہوتی بلکہ ٹوٹی پھوٹی جھونپڑی بھی شبستانوں کے نمونے پیش کرتی ہے۔

مناظر فطرت کو بیان کرتے ہوئے اپنی مشہور و معروف نظم ''ابر کہسار'' میں اپنے خیالات کا اظہار کچھ اس طرح سے کرتے ہیں کہ سرخ گلاب کے اوپر جب بارش کی بوندیں پڑتی ہیں تو وہ منظر دلکش ہوتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے گویا سرخ قبا پر موتی جڑ دیئے گئے ہوں۔جب سرخ رنگ کی قبا میں سفید رنگ کے موتی ٹانک دیئے جاتے ہیں تو قبا کا حسن و جمال دوبالا ہو جاتا ہے جو آنکھوں کو خوب بھاتا ہے اور دیکھنے والوں کو دعوتِ نظارہ دیتا ہے۔مزید فرماتے ہیں کہ گرمی کی تپش سے بہت سے پھول مرجھا گئے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ سو گئے ہیں لیکن جیسے ہی بادل نے بارش برسائی تو ان کے تنِ مردہ میں پھر سے آثارِ حیات نمودار ہوئے اور وہ دوبارہ اٹھ کھڑے ہوئے۔پہاڑ کے دامن میں پھرنے والوں نے دامنِ کوہ میں خیمہ لگایا اور وہیں پر قیام پذیر ہو گئے کیونکہ برسات کے موسم میں آبادی سے زیادہ راحت و آرام جنگل اور پہاڑوں میں حاصل ہوتا ہے اور انسانی فطرت یہ ہے کہ جہاں آرام زیادہ میسر ہو اسی جگہ کو وہ اپنا وطن بنا لیتا ہے۔

اسی نوعیت کی ایک اور نظم ''فراق'' ہے جو آبادی پر ویرانے کو ترجیح دینے کے سلسلے میں ہے جس میں شاعر اپنی کیفیت بیان کرتے ہیں کہ محبوب کی جدائی نے مجھے حیران و پریشان کر رکھا ہے۔دنیا کی دل چسپیوں اور سرگرمیوں سے اب مجھے کوئی واسطہ نہیں رہ گیا ہے۔اس لیے میں دامنِ کوہ میں آکر گوشۂ تنہائی میں گوشہ نشین ہو گیا ہوں جہاں مناظرِ فطرت کی دید سے اپنے دل کو بہلاتا ہوں۔ کبھی چشموں کی انتہائی دلکش آواز

سنائی دیتی ہے۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چھوٹا سا بچہ جس نے ابھی پوری طرح سے بولنا بھی نہیں سیکھا اپنی ٹوٹی پھوٹی زبان میں اللہ تعالیٰ سے دعا کر رہا ہے۔شام کے وقت جب سورج غروب ہوتا ہے تو پورے آسمان پر شفق چھا جاتی ہے اچانک شام کا ستارہ طلوع ہوتا ہے اور پورے آسمان پر اپنی چمک بکھیر دیتا ہے۔ایسے مناظر نہایت خوبصورت ہوتے ہیں۔جس سے مجھے اپنے محبوب کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔

بہر حال نظم ''فراق'' اور ''رخصت اے بزمِ جہاں'' میں ایک مقام پر مماثلت ہے کہ جس طرح ''رخصت اے بزمِ جہاں'' میں شاعر آبادی کے شور وغل اور فریب سے پریشان حال ہو کر آبادی کو چھوڑ کر پہاڑ کے دامن میں آباد ہونا چاہتے تھے۔اسی طرح نظم ''فراق'' میں بھی اپنے محبوب کی جدائی کے غم سے حیران وپریشان ہو کر پہاڑ کے دامن میں سکونت اختیار کرنے پر قاصر تھے۔

زیرِ مطالعہ نظم کا موضوع یہ ہے کہ فطرت اور نیچر انسانی زندگی میں کیا اہمیت رکھتا ہے۔ایک ظاہر پرست انسان دنیاوی چیزوں کو ہی سب کچھ سمجھتا ہے۔مگر جس شخص کو قدرت دور بین نگاہ اور فراست عطا فرماتی ہے وہ دنیاوی چیزوں کو ویرانے کے علاوہ کچھ نہیں سمجھتا۔اس کی نگاہ میں یہ تمام چیزیں کچھ حیثیت نہیں رکھتی بلکہ جو چیزیں ایک عام انسان کو کچھ معلوم نہیں ہوتیں وہ ان سے بہت کچھ سیکھتا ہے۔مناظر قدرت جو بالکل خاموش ہیں مثلاً پہاڑ ،درخت،پرندے، پیڑ پودے، پھل پھول، بہتے دریا،چاند،سورج،رات کی خموشی اور دریا میں موجوں کا اضطراب یہ سب گویا اس کی نظر میں فطرت کے جمال کو بیان کرتی ہیں۔اگرچہ یہ تمام چیزیں خاموش رہتی ہیں مگر قدرت نے ان میں کوئی نہ کوئی پیغام چھپا رکھا ہے جسے وہی شخص سمجھ سکتا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے دور اندیشی اور فطری زبان سمجھنے کی صلاحیت عطا کی ہو۔اسی وجہ سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے دنیا کی سیر و تفریح کا حکم دیا ہے اور بہت سی چیزوں کے دیکھنے کی دعوت دی ہے کیونکہ وہ سب چیزیں فطرت اور نیچر کو سمجھنے میں مددگار ہیں۔دنیا کی ہر چیز قدرتِ الٰہی کا مظہر ہے اور اپنے بنانے والے کے وجود اور اس کی عظمت پر دلالت کرتی ہے۔چاہے وہ زمین ہو یا آسمان،چاند ہو یا سورج، بہتے دریا ہوں یا بلند وبالا پہاڑ،دن اور رات کا یکے بعد دیگرے آنا جانا یا موسموں کی تبدیلی۔ایک ہی وقت میں دنیا میں مختلف موسموں کا پایا جانا کہیں سردی ہے تو کہیں گرمی کہیں برسات ہے کہیں گرم ہوا کے تھپیڑے کہیں سورج نکلا ہوا ہے تو کہیں رات ہے۔یہ سب بتاتے ہیں کہ کوئی ہے جو یہ سب کام انجام دیتا ہے۔اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کو عجیب وغریب طریقے سے بنایا ہے۔دنیا کے مختلف ممالک میں بہت سی جگہیں نہایت ہی حسین وجمیل ہیں جن کے دیکھنے کی اللہ تعالیٰ نے دعوت دی ہے اور انسانی فطرت بھی تقاضہ کرتی ہے کہ وہ فطرت کے حسین نظاروں کا دیدار کرے اسی فطری تقاضے کے پیش نظر انسان لاکھوں روپیے خرچ کر کے سفر کرتا ہے اور قدرت کے بنائے ہوئے حسین مناظر سے اپنی آنکھوں کو ٹھنڈک بخشتا ہے۔انسانی زندگی میں فطرت کی بڑی اہمیت ہے چونکہ انسان کی پیدائش فطرت پر ہوئی ہے۔اسی وجہ سے وہ فطری چیزوں سے ہی تسکین حاصل کرتا ہے۔مصنوعی اور بناوٹی چیزوں سے انسان کا دل وقتی طور پر بہل تو جاتا ہے مگر دائمی فرحت ومسرت صرف فطری چیزوں سے حاصل ہوتی ہے۔اس لیے انسانی طبیعت چاہتی ہے کہ دنیا کے ہنگاموں سے دور رہ کر گوشۂ تنہائی میں بیٹھ جائے اور قدرت کے حسین مناظر کا نظارہ کرے اور جو کچھ وہ دیکھے اور سنے اسے اپنی زبان میں لوگوں کو بتائے اور قدرت کا پیغام ان لوگوں کو سنادے جو براہِ راست اسے دیکھ اور سن نہیں سکتے ہیں۔

علامہ اقبال کی یہ نظم تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں نو اشعار ہیں۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ دنیا اگرچہ آباد معلوم ہوتی ہے مگر جو شخص حقیقت پسند ہوتا ہے اسے ویران معلوم ہوتی ہے۔ ویرانے سے ہر آدمی کا دل گھبراتا ہے۔ کوئی وہاں رہنا نہیں چاہتا بلکہ چاہتا ہے کہ جلد سے جلد یہاں سے رخصت ہو کر اپنے وطن کی طرف روانہ ہو جائے۔ اسی لیے شاعر بھی دنیا کو مخاطب کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اے دنیا کی محفلو مجھے اجازت دو اب میں اپنے وطن جانا چاہتا ہوں کیونکہ میرا دل اس ویرانے سے گھبرانے لگا ہے۔ میں رنجیدہ اور غمگیں ہوں اب اس دنیا سے میرا دل اُچاٹ ہو چکا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نہ میں اس دنیا کے قابل ہوں اور نہ ہی یہ دنیا میرے رہنے کے لائق ہے۔ بادشاہوں کے دربار اور وزیروں کی شان و شوکت محض ایک قید خانہ ہے۔ یہ صرف دیکھنے میں اچھی لگتی ہیں لیکن اگر حقیقت کی نظر سے دیکھا جائے تو قید خانے کے سوا ان کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ یہ ایسا جال ہے جس میں جکڑ کر انسان اپنی آزادی کھو بیٹھتا اور اپنے جذبات و احساسات کو مار دیتا ہے۔ بادشاہ کی اجازت کے بغیر نہ اٹھ سکتا ہے نہ بیٹھ سکتا ہے اور نہ ہی کہیں جا سکتا ہے۔ غرض کہ ہر کام دوسرے کی مرضی سے ہوتا ہے اپنی کوئی مرضی اور خواہش ہی نہیں۔ جب بادشاہ نے اجازت دی کہ گھر چلے جاؤ تو چلے گئے اور کہہ دیا کہ مت جاؤ تو نہیں گئے۔ یہ غلامی کی حالت سے بھی بدتر ہے۔ لہٰذا بادشاہوں کے دربار میں چاہے کتنی ہی چمک دمک کیوں نہ ہوں لیکن وہ قید خانے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے جو آدمی مکار چاپلوس ہوگا وہ تو ایسی زندگی پر راضی ہو سکتا ہے مگر ایک شریف اور خوددار انسان اس طرح کی زندگی جینے پر ہرگز راضی نہیں ہوگا۔ وہ روکھی سوکھی کھالے گا مگر ایسی ذلت و رسوائی اور غلامی کی زندگی کو برداشت نہیں کرے گا۔ وہ آزاد اور عزت کی زندگی بسر کرے گا۔ اگر کبھی امیروں اور بادشاہوں کے دربار میں چلا بھی جاتا ہے تو زیادہ دن نہیں رہ پاتا۔ وہ فقیرانہ زندگی بسر کرنے کو ترجیح دیتا ہے۔ کیونکہ عزت دار آدمی کو اپنی عزت زیادہ عزیز ہوتی ہے۔ روپے پیسے اور سونا چاندی کی چمک دمک اس کی نظر میں کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ دنیا کی محفل آرائی اور مجلسی زندگی بڑی پُر لطف ہوتی ہے۔ اس میں وقتی لذت بھی محسوس ہوتی ہے مگر معلوم ہوتا ہے کہ بھری محفل میں کوئی بھی شخص ایسا نہیں جسے اپنا کہا جا سکے۔ اس لیے اجنبیت سی محسوس ہوتی ہے۔ بظاہر تو ہر شخص سے جان پہچان ہے لیکن اگر ان سے کوئی ضرورت پیش آجائے، کوئی بھی مدد کے لیے تیار نہیں ہوتے گویا وہ سب اجنبی اور بیگانے لگتے ہیں۔ جیسا کہ وہ جانتے ہی نہ ہوں۔ میں نے دنیا کے بڑے لوگوں کی صحبت اختیار کی جو اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھتے تھے اور دنیا میں بہت عرصہ تک اس طرح بے چینی اور بے قراری میں زندگی گزاری ہے۔ جیسے دریا کی موج ساحل سے ہم کنار ہونے کے لیے بے تاب اور بے چین رہتی ہے۔ دنیاوی عیش و عشرت سے مدتوں میں بھی لطف اندوز ہوا ہوں، خوب مزے اُڑائے ہیں، پُر لطف زندگی بسر کی ہے اور دنیا جو ظلمتوں اور اندھیروں کا گھر ہے اس میں روشنی تلاش کرنے میں ایک عرصہ گزارا ہے۔ دنیا در حقیقت کانٹوں سے بھری ہوئی ہے اور میں اس میں گل کا دیدار کرنا چاہتا ہوں۔ ظاہر سی بات ہے کہ نہ تو کوئی پھول موجود تھا اور نہ ہی اس کا دیدار ہوا۔ دراصل یہ میرا ہی غلط خیال تھا کہ میں کانٹوں کے بدلے پھول تلاش کرتا رہا لیکن میری دلی خواہش جسے میں حاصل کرنا چاہتا تھا وہ دنیا کے بازار میں حاصل نہ ہو سکا اور میں اس بازار سے ناکام و نامراد ہی واپس لوٹ آیا۔ دنیا سے مایوس اور نامراد ہو کر اب میری حیران و پریشان آنکھیں دوسرے نظاروں کی تلاش میں ہیں۔ دنیا میں بہت تھپیڑے کھائے اب مجھے اپنے ساحلِ مراد پر پہنچ جانے کی آرزو ہے کہ کسی طرح اپنی دلی مراد کو حاصل کر لوں۔ دنیا کے حالات نے بہت ستایا ہے لیکن قلبی مدعا اب تک حاصل نہ ہو سکا۔ لہٰذا کوئی اور جہاں تلاش کیا جائے جہاں اپنا مقصد حاصل کیا جا سکے۔ میں اس دنیا سے چپ چاپ رخصت ہو جانا چاہتا ہوں جیسے خوشبو پھول کو چھوڑ کر چلی جاتی ہے۔ کہ اس کا پتہ بھی نہیں چلتا اور وہ چمن سے جدا بھی ہو جاتی ہے۔

ذیل میں پہلے حصے کا ایک شعر پیش ہے۔

چھوڑ کر مانند بو ، تیرا چمن جاتا ہوں میں

رخصت اے بزم جہاں سوئے وطن جاتا ہوں میں

مذکورہ اشعار میں پروفیسر یوسف سلیم چشتی فرماتے ہیں کہ :

''دنیا شریف اور مخلص اور دیانتدار آدمیوں کے رہنے کی جگہ نہیں ہے۔اس کے حصول کی صورت مکر وفریب کے علاوہ اور کوئی نہیں چونکہ شریف آدمی نہ خوشامد کرتا ہے نہ ضمیر فروشی نہ مکاری نہ بے ایمانی۔اس لیے اس کے سامنے صرف ایک ہی راستہ ہے اور وہ یہ ہے کہ سکوتِ دامنِ کہسار میں گھر بنانے اور انسانوں کے بجائے نرگس، گل ولالہ اور بلبل کی ہمسائیگی اختیار کرلے۔''

(بانگ درا مع شرح، مؤلف پروفیسر یوسف سلیم چشتی۔ص۔176)

مزید ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی مذکورہ بالا شعر کے تعلق سے اپنی رائے اس طرح دیتے ہیں:

''خوشبو اڑ جاتی ہے اسی طرح اے بزمِ جہاں! میں تیرا چمن چھوڑ کر جارہا ہوں۔لہٰذا الوداع! اے بزمِ جہاں! اب میں اپنے وطن کی طرف جارہا ہوں''

(شرح بانگ درا-شارح ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی ص:102)

نظم کا دوسرا حصہ چار اشعار پر مشتمل ہے۔دوسرے حصے میں شاعر نے اپنے اس گھر اور وطن کا تذکرہ کیا ہے جو ان کا محبوب اور ان کی خواہش کے مطابق ہے اور جس کی خاطر انہوں نے دنیا کی ہر خوشی کو الوداع کہا ہے۔فرماتے ہیں کہ میں نے پہاڑ کے دامن میں جہاں بالکل خاموشی کا ماحول ہے وہاں اپنا گھر بنالیا ہے جہاں نہ کوئی انسان ہے اور نہ ہی کوئی شور شرابا ایک دم خاموشی کا عالم ہے اور فطرت کی جلوہ نمائی ہوتی ہے اور مناظرِ قدرت کے مطالعہ کے لیے سب سے بہتر ماحول ہوتا ہے۔دنیا کے شور شرابے کی محفلوں اور لوگوں کی گفتگو میں وہ لذت حاصل نہیں ہوتی جو پہاڑوں کے خاموش ماحول میں حاصل ہوتی ہے۔اب ہر وقت نرگس کی ہمنشینی مجھے حاصل ہے۔گل ولالہ کی صحبت ورفاقت میں میرا وقت گزرتا ہے۔چمن ہی کو میں نے اپنا وطن بنالیا ہے۔لہٰذا چمن کے رہنے والے سب میرے ہمسایہ اور پڑوسی ہیں۔بلبل میری ہمسایہ ہے اس کی میٹھی میٹھی آواز سے لطف اٹھاتا ہوں اور اپنے دل کو مسرت بخشتا ہوں۔جب شام ہوتی ہے اور سونے کا وقت ہوتا ہے تو چشموں کے پانی کی سریلی آواز میرے لیے لوری کا کام دیتی ہے جسے سننے میں بڑا لطف آتا ہے اور میں اسے سنتے سنتے کب نیند کی آغوش میں چلا جاتا ہوں پتہ ہی نہیں چلتا۔جب صبح ہوتی ہے اور بیدار ہونے کا وقت ہوتا ہے تو میری ہمسایہ کوئل اپنی سریلی آواز سے مجھے بیدار کرتی ہے۔یہ سب مناظرِ فطرت میری طبیعت کو مسرت وخوشی بخشتے ہیں۔سبز فرش میرا بچھونا ہے آسمان میری چھت ہے نہ کوئی گدا ہے نہ تکیہ اور نہ ہی اوڑھنے کے لیے کوئی چادر۔دنیا میں ہر شخص محفلوں

اور مجلسوں کو پسند کرتا ہے۔لوگوں سے ملنا بات چیت کرنا ہر شخص کو پسند ہے لیکن شاعر کی طبیعت اللہ تعالیٰ نے ایسی بنائی ہے کہ اس کو گوشۂ تنہائی پسند ہے۔لوگوں سے ملنا جلنا گپ شپ کرنا ان کی فطرت کو راس نہیں آتا کیونکہ ان کی نظر مظاہر فطرت کے مطالعہ ومشاہدہ میں مشغول رہتی ہے اور یہ تب ہی ممکن ہے کہ لوگوں سے دور رہا جائے اور کسی گوشے میں تنہائی اور خاموشی کی زندگی گزاری جائے فطرت کی جلوہ نمائی کے لیے اس سے بہتر کوئی ماحول نہیں ہو سکتا۔بہر حال شاعر فرمارہے ہیں کہ میرا حال دوسرے لوگوں سے بالکل مختلف ہے۔لہٰذا میرا وطن الگ ہے اور دوسرے لوگوں کا وطن الگ ہے لوگ اپنے وطن میں خوش رہیں میں اپنے وطن میں خوش ہوں۔

اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

گھر بنایا ہے سکوتِ دامن کہسار میں
آہ! یہ لذت کہاں موسیقی گفتار میں !
ہمنیشنِ نرگسِ شہلا ، رفیقِ گل ہوں میں
ہے چمن میرا وطن، ہمسایۂ بلبل ہوں میں

نظم کے تیسرے حصے میں آٹھ اشعار درج ہیں۔اس حصے میں علامہ اقبال فرمارہے ہیں کہ اب میری کیفیت ایسی ہوگئی ہے جو خود مجھے ہی سمجھ میں نہیں آرہی ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مجھ پر جنون کی کیفیت طاری ہوگئی ہے۔آبادی میں ہر شخص رہنا چاہتا ہے لیکن میرا دل آبادی سے گھبراتا ہے اپنی یہ کیفیت دیکھ کر میرے ذہن میں یہ بات آتی ہے کہ شاید میں بزم قدرت کا پیامی ہوں۔آخر آبادی کو چھوڑ کر دامنِ کوہ میں میرا آنا کس مقصد سے ہوا ہے۔کون سی وہ ہستی ہے جس کی تلاش وجستجو مجھے پہاڑ کے دامن میں لے آئی ہے، کس چیز کا مجھے شوق ہے جو مجھے سبزہ پر پھرا رہا ہے اور چشموں کے ساحلوں پر سونے پر آمادہ کر رہا ہے۔لوگ مجھے طعنہ دیتے ہیں کہ تو گوشۂ تنہائی کا دلدادہ ہو گیا ہے۔اپنے دوستوں کی محفلوں کو چھوڑ کر اکیلا جنگلوں اور پہاڑوں میں گھومتا پھرتا ہے۔آخر تجھے یہاں کیا ملتا ہے ؟کس کی تلاش ہے ؟تنہائی کی زندگی بسر کرنے کا کیا مقصد ہے ؟بہت سارے سوالات ہیں جس کا جواب علامہ اقبال آئندہ کلام میں ارشاد فرمارہے ہیں کہ تم غافل ہو، ناواقف ہو، تجھے معلوم نہیں ہے کہ میں نے گوشہ نشینی کیوں اختیار کی ہے۔غور سے سن، میں قدرت کی اس حسین وجمیل بزم کا پیغام بر اور قاصد ہوں۔فطرت کا جو پیغام ہے اسے لوگوں تک پہنچانا میرا کام ہے۔ہر لمحہ قدرتی مناظر کی آواز پر کان دھرے رکھتا ہوں کہ کوئی آواز میرے کان میں پڑے اور اسے لوگوں تک پہنچاؤں۔میں جو کچھ سنتا ہوں اس کا مقصد صرف یہ نہیں کہ خود سن لیا بلکہ مقصد یہ ہے کہ قدرت کا جو پیغام میں سنوں وہ دوسروں کو بھی سناؤں اور فطرت کے مناظر جو میں دیکھوں وہ دوسروں کو بھی دکھاؤں میرا دیکھنا اور سننا دوسروں کے لیے ہے۔تاکہ ان کو بھی قدرت کی معرفت حاصل ہو جائے اور فطرت کا خاموش پیغام ان کے دلوں پر دستک دے اور وہ بھی فطرت کے قریب آئیں اور اس کے پیغام کو سمجھیں۔اے طعنہ دینے والے ! غور سے سن میرا دل تنہائی کا عاشق ہے اور میں اپنی تنہائی پر ہی ناز کرتا ہوں اگرچہ آپ کی نظر میں میرا گھر کوئی حیثیت نہ رکھتا ہو مگر مجھے اپنے اسی گھر پر فخر محسوس ہوتا ہے۔میری نظر میں یہ گھر اتنا عالیشان ہے کہ دارا و سکندر کے

تخت وتاج بھی اس کے سامنے ہیچ معلوم ہوتے ہیں بلکہ مجھے ان کے ٹھاٹ باٹھ کو دیکھ کر ہنسی آتی ہے کہ یہ لوگ بھی عجیب وغریب ہیں ان عارضی لذتوں کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور انہیں کو سب کچھ سمجھ لیا ہے۔ حالانکہ یہ سب چیزیں ایک دن ان سے چھین لی جائیں گی۔ مجھے نہ تخت وتاج چاہئے اور نہ ہی شان وشوکت کی ضرورت ہے۔ میرے لیے تو اتنا کافی ہے کہ زمین پر میرا بستر ہو اور اسی پر لیٹے ہوئے آسمان میں چاند وسورج اور ستاروں کا نظارہ کرتا رہوں۔ رات کو جب کسی درخت کے نیچے لیٹتا ہوں اور تاروں پر نظر پڑتی ہے تو ایسا لگتا ہے جیسے کسی نے میرے اوپر جادو کر دیا ہے۔ ستاروں کو دیکھ کر حیران وششدر رہ جاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان میں بھی ایک خوبصورت دنیا بسا رکھی ہے اور کائنات ارضی کی طرح کائنات سماوی بھی کتنی خوبصورت ہے۔ یہ صورتِ حال دیکھ کر میں مسحور سا ہو جاتا ہوں ہوش ٹھکانے نہیں رہتے، ایسا لگتا ہے جیسے کسی نے میرے اوپر جادو کر دیا ہے۔ (گل کی پتی میں نظر آتا ہے رازِ ہست وبود!) فطرت کا جو فلسفہ پھول کی ایک پتی سمجھا سکتی ہے وہ سارا فلسفہ اور علم وحکمت بھی مل کر نہیں سمجھا سکتے۔ فطرت کے نظارے اور قدرت الٰہی کی حکمت ومصلحت کو سمجھنے کے لیے محض علم کافی نہیں ہے بلکہ اس کو سمجھنے کے لیے کائنات کی ایک ایک چیز پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم فطرت کے رازوں کو علم کے ذریعہ سمجھنا چاہیں تو ناکام رہیں گے اور فطرت کے راز ہم پر نہیں کھلیں گے۔ اس لیے اس وسیع وعریض کائنات کا مطالعہ ومشاہدہ کیجیے۔ مندرجہ ذیل کے اشعار پر غور فرمائیں۔

ہم وطن شمشاد کا ، قمری کا میں ہمراز ہوں
اس چمن کی خامشی میں گوش بر آواز ہوں
کچھ جو سنتا ہوں تو اوروں کو سنانے کے لیے
دیکھتا ہوں کچھ تو اوروں کو دکھانے کے لیے

دراصل علامہ اقبال یہاں پیامی شاعر نظر آتے ہیں جو آباد ویرانے پر فطرت کو ترجیح دیتے ہیں۔ کیونکہ آبادی کے شور وغل میں حقائقِ فطرت پر غور وفکر کا وہ موقع میسر نہیں آسکتا جو پہاڑ کے دامن میں رہ کر بخوبی حاصل ہو سکتا ہے کیونکہ دامنِ کوہ میں خاموشی، شادابی اور آبشاروں کی دلکش اور مدُھر صدائیں ہوتی ہیں۔ وہاں مظاہر قدرت پر غور وخوض کے مواقع بخوبی حاصل ہوتے ہیں اور انسان جب اس حسین وجمیل کائنات کا مطالعہ ومشاہدہ کرتا ہے تو وہ بآسانی ادراک کر سکتا ہے کہ اس حسین وجمیل کائنات کا خالق کوئی قادرِ مطلق ہستی ہے۔ درحقیقت یہ وہی ذاتِ مطلق ہے جو ہم تمام بنی نوعِ انسان کا معبود حقیقی ہے۔ علاوہ ازیں نظم کا اختتام ایک ایسے شعر سے ہوتا ہے جو پوری نظم کا ترجمان ہے۔

علم کے حیرت کدے میں ہے کہاں اس کی نمود!
گل کی پتی میں نظر آتا ہے رازِ ہست وبود!

☆☆☆

اقبال اور تصوف

ڈاکٹر علی احمد ادریسی

شعبۂ اردو دہلی یونیورسٹی (دہلی)

Abstract

Iqbal's relationship with mysticism was complex, marked by both appreciation and critique. While he acknowledged the importance of mystical experience, he also cautioned against interpretations that led to passivity or detachment from worldly affairs. He saw mysticism as a way to access a deeper reality, but also emphasized the need for an active life and engagement with the world. Iqbal believed that mystical experience allowed individuals to connect with a "non-serial time reality," a deeper level of understanding beyond the ordinary. While valuing mystical insight, Iqbal emphasized the importance of the "ego" or "self" in achieving spiritual growth. He believed that spiritual development should not come at the expense of active participation in the world. Iqbal was critical of what he saw as a "quietist" or passive form of mysticism that emphasized detachment from worldly affairs. He argued that this view was not in line with the spirit of Islam, which calls for action and responsibility. Iqbal rejected the concept of "annihilation" in the mystical experience, as well as pantheistic views that identified God

with the universe. Iqbal's thought was deeply influenced by the Sufi poet Rumi, who emphasized the importance of both mystical experience and active engagement with the world.

in this very short article would like to explore the concept of Iqbal regarding mysticism.

کلیدی الفاظ

Quietist,Annihilation,Ego,امہات الکتب،تساہل، مسلمات،ابدیت، عمیق، عین الیقین،

اقبال کی شاعری میں تصوف انتہائی اہم عنصر ہے۔اقبال کی شاعری میں جو رمزیت اور ماورائی کیف ہے اس میں تصوف کا خاص دخل ہے۔ جنوں، وجود، خرد، عشق جیسے الفاظ اقبال کے یہاں کثرت سے استعمال ہوئے ہیں۔ یہ لفظیات جب قاری کے ذہن میں آتے ہیں تو ان کا حسن اور معنویت اس کے حسی ادراک کو متغیر کر دیتا ہے۔اقبال اخوت، مساوات عزت نفس، خدا ترسی، امن وعافیت، فلاح ونجات، انسانیت کی بلندی اور اقدار انسانی کی معراج ورفعت ہیں۔اور ان سب کا سرچشمہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اور آئین محمد عربی یعنی دین اسلام ہے۔اقبال کی زندہ جاوید فکر میں سے ایک ان کا نظریہ تصوف ہے۔اسلامی تصوف کے دو پہلو ہیں ایک نظری اور ایک عملی۔ تصوف عملی در حقیقت سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی انتہائی خلوص کے ساتھ پیروی کا نام ہے اور تصوف نظری دراصل نہ صرف توحید پر صدق دل سے ایمان لانے، بلکہ علم الیقین کے ساتھ ساتھ عین الیقین اور حق الیقین بھی حاصل کرنے کی صورت ہے۔ عملی تصوف ایک لحاظ سے حضور کی حیات مبارکہ کے ظاہری پہلو یعنی نبوت سے متعلق ہے اور نظری تصوف آپ کی نبوت اقدس کے معنوی پہلو یعنی ولایت سے وابستہ ہے۔ تصوف کا ایک رخ مکہ اور مدینہ منورہ کے اس در یتیم صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم سے وابستہ ہے جسے دشمن بھی صادق وامین کہتے تھے اور تصوف کا دوسرا رخ غار حرا کا وہ خلوت ہے جس کی حقیقت کا آئینہ حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم "لولاک لما خلقت الافلاک" سے ضیا حاصل کرتا ہے غار حرا کی اس خلوت نشینی کے متعلق اقبال کہتے ہیں۔

مصطفی اندر حرا خلوت گزید

مدتی جز خویشتن کس را ندید

مزید فرمایا

در شبستان حرا خلوت گزید

قوم و آئین و حکومت آفرید

میرا مضمون اقبال کے نظریہ تصوف کی حمایت میں ہے۔اقبال نے حافظ کی شاعری کے چند پہلوؤں پر تنقید کی تھی اس کا سہارا لے کر اقبال کے نظریہ تصوف کے بارے میں شد و مد سے غلط فہمیاں پھیلائی گئیں اور انہیں تصوف کا مخالف مشہور کیا گیا۔ حالانکہ اقبال کس تصوف کے مخالف تھے اور کس تصوف کے موافق یہ ایک الگ بحث ہے۔المیہ یہ ہے کہ آج اقبال کا جانشین وہ طبقہ بن بیٹھا ہے جسے اقبال کے سوز و گداز، عشق نبوی اور اسلام کی انانیت و ابدیت پر یقین سے کوئی نسبت نہیں۔ جس کے نزدیک مغرب کی نقالی ہی ترقی کی معراج ہے جو تصوف تو کیا اسلام اور اسلامی اقدار و روایات ہی سے باغی ہے اقبال کے وہ چند اشعار جو انہوں نے علماء سو یا جاہل صوفیا و ملا کے متعلق کہے ہیں ان کو بنیاد بنا کر یہ پروپیگنڈ کیا گیا ہے کہ اقبال تصوف کے مخالفین میں سے تھے مگر واقعہ یہ ہے کہ اقبال کا نقطہ نظر بلد کم و کاست وہی ہے جو ہر دور میں علماء محققین اور اسلام کی بالغہ اور جلیل القدر ہستیوں کا رہا ہے اور اس میں انتہائی توازن و اعتدال ہے۔ مکتوبات اقبال کی روشنی میں ان کے نظریہ تصوف کو سمجھنے میں آسانی ہو گی لکھتے ہیں۔

''حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مکتوبات میں جگہ جگہ ارشاد فرماتے ہیں کہ تصوف شعائر فقہ اسلامیہ میں خلوص پیدا کرنے کا نام ہے۔ اگر تصوف کی یہ تعریف کی جائے تو کسی مسلمان کو اس پر اعتراض کرنے کی جرات نہیں ہو سکتی۔ راقم الحروف اس تصوف کو جس کا نصب العین شعائر اسلام میں مخلصانہ استقامت پیدا کرنا ہو عین اسلام جانتا ہوں اور اس پر اعتراض کرنے کو بد بختی کے مترادف سمجھتا ہے۔''

شاہ سلیمان پھلواری شریف کے نام مکتوب میں لکھتے ہیں۔

''حقیقی تصوف کا میں کیوں کر مخالف ہو سکتا ہوں کہ خود سلسلہ قادریہ سے تعلق رکھتا ہوں میں نے تصوف کو کرات سے دیکھا ہے بعض لوگوں نے ضرور غیر اسلامی عناصر اس میں داخل کر دیے ہیں۔ جو شخص غیر اسلامی عناصر کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہے وہ تصوف کا خیر خواہ ہے نہ کہ مخالف''۔

سید نذیر نیازی کے نام مزید فرمایا۔

''اسلام کو فطرت کے طور پر ریلیز (Realize) کرنے کا نام تصوف ہے اور ایک اخلاص مند مسلمان کا فرض ہے کہ اس کیفیت کو اپنے اندر پیدا کرے''۔ ظفر احمد صدیقی کے نام ایک مکتوب میں لکھتے ہیں۔

''شریعت کو اپنے قلب کی گہرائیوں کے ساتھ محسوس کرنے کا نام طریقت ہے جب احکام الٰہی خودی میں اس حد تک سرایت کر جائے کہ خودی کے پرائیویٹ اعمال و عواطف باقی نہ رہیں اور صرف رضائے الٰہی اس کا مقصد ہو جائے تو زندگی کی اس کیفیت کو بعض اکابر صوفیائے اسلام نے فنا کہا ہے بعض نے اس کا نام بقا رکھا ہے۔ لیکن ہندی و ایرانی صوفیا جن سے اکثر نے مسئلہ فنا کی تفسیر وہدانت اور بدھ مت کے زیر اثر کی ہے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمان اس وقت عملی اعتبار سے ناکارہ محض ہے۔ میرے عقیدے کی رو سے یہ تقسیم بغداد کی تباہی سے بھی زیادہ خطرناک تھی اور ایک معنی میں میری تمام تحریریں اس تفسیر کے خلاف ایک قسم کی بغاوت ہیں''۔

اقبال نے متعدد جگہ بصراحت اس کی تکرار کی ہے کہ وہ کس تصوف کے خلاف ہیں در حقیقت تصوف میں جو عجمی اثرات ہیں خواہ وہ ہندی وہدانت کے ہوں، بدھ مت یا عیسائیت کے، یونانی اشراقیت کی ہوں یا ایرانی یا ان لایعنی فلسفوں کے جن میں ایران صدیوں تک مشغول رہا اور جس کی وجہ سے قدیم عربی لٹریچر میں ایران پر خاص طور پر عجم کا اطلاق ہوتا ہے۔ غرض ہر وہ چیز جو باہر سے درآمد کی جائے یا جمود کی طرف لے جائے یا جس میں شریعت و طریقت کی دوئی یا باطنیت کا شائبہ پایا جائے اقبال کی طبیعت اس سے ابا کرتی ہے اور وہ اس کے خلاف احتجاج بلکہ جہاد اپنا فرض منصبی سمجھتے ہیں بعض اہل طریقت یا اہل تصوف شریعت کے علم کو ظاہری علم اور تصوف و طریقت کے علم کو باطنی قرار دیتے ہیں ان کے نزدیک علم باطن علم ظاہر سے زیادہ عمیق واہم ہے۔ اقبال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مکمل پیغام کو قرآن وسنت میں محفوظ خیال کرتے ہیں۔ علم مخفی یا علم باطن کے عقیدے کو ختم نبوت اور قرآنی ہدایت کی تکمیل کے منافی سمجھتے ہیں۔ ان کا یہ سنجیدہ عقیدہ ہے کہ خدا کے اس آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کا پورا پیغام مسلمانوں کو پہنچا دیا تھا اس لیے وہ کسی مخفی علم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کرنا قرآنی اعلان کے خلاف تصور کرتے ہیں۔ وہ شریعت و طریقت کو ایک ہی حقیقت تک پہنچنے کا ذریعہ خیال کرتے ہیں وحدت الوجود کے متعلق ایک جگہ اقبال رقم طراز ہیں۔

ہمہ اوست مذہبی مسئلہ نہیں ہے فلسفہ کا مسئلہ ہے وحدت و کثرت کی بحث سے اسلام کو کوئی سروکار نہیں۔ اسلام کی روح توحید ہے اور اس کی ضد کثرت بلکہ شرک ہے۔ وہ فلسفہ و مذہبی تعلیم جو انسان کی شخصیت کی نشو ونما کے منافی ہو بے کار چیز ہے۔ خواجہ حسن نظامی کو لکھتے ہیں۔ رہبانیت عیسائی مذہب کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ ہر قوم میں پیدا ہوئی ہے اور ہر جگہ اس نے قانون اور شریعت کا مقابلہ کیا ہے اور اس کے اثرات کو کم کرنا چاہا ہے۔ اسلام در حقیقت اسی رہبانیت کے خلاف صدائے احتجاج ہے۔

نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسم شبیری

کہ فخر خانقاہی ہے فقط اندوہ و دل گیری

ترے دین و ادب سے آ رہی ہے بوئے رہبانی

یہی ہے مرنے والی امتوں کا عالم پیر

اقبال ہمیشہ ان علمائے حق اور صوفیائے عظام کے بڑے مداح اور دل سے قدر دان رہے جنہوں نے تصوف کو شریعت کی حدود میں رکھا ایسے علماء و بزرگان دین سے بصد ادب ملتے اور ان کے مزارات پر بصد شوق و ادب حاضری دیتے ان کے کارناموں سے مسلمانوں کے دلوں کو گرماتے اپنے مرشد مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

اسی کے فیض سے میری نگاہ ہے روشن

اسی کے فیض سے ہے میرے سبو میں جیحوں

اعلی تعلیم کے لیے یورپ جانے سے قبل حضرت محبوب الٰہی کے حضور حاضری کا شرف حاصل کیا اور چند اشعار پڑھے جو التجائے مسافر کے نام سے مشہور ہیں۔

فلک نشیں صفت مہر ہوں زمانے میں

تیری دعا سے عطا ہو وہ نردباں مجھ کو

اقبال نے مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے دربار گوہر بار پر متعدد بار حاضری کا شرف حاصل کیا ہے آخری سفر سرہند کا انہوں نے 1933 میں کیا اور امام ربانی کی خدمت میں عقیدت و محبت کا نذرانہ پیش کیا جس کی کیفیت چند اشعار کی شکل میں اس طرح ہے۔

حاضر ہوا میں شیخ مجدد کی لحد پر

وہ خاک کہ ہے زیر فلک مطلع انوار

اس خاک کے ذروں سے ہیں شرمندہ ستارے

اس خاک میں پوشیدہ ہے وہ صاحب اسرار

گردن نہ جھکی جس کی جہاں گیر کے آگے

جس کے نفس گرم سے ہے گرمی احرار

وہ ہند میں سرمایہ ملت کا نگہباں

اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

کلام اقبال میں متعدد بار بایزید بسطامی، امام غزالی، عطار، تبریز، منصور، جنید بغدادی، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، خواجہ اجمیری جن کو اقبال پیر سنجر کہتے ہیں۔ امام بخش علی ہجویری، فریدالدین گنج شکر، امیر خسرو، حضرت بو علی قلندر، شیخ فخرالدین عراقی، حضرت جامی، شیخ رازی کا ذکر نہایت ہی ادب واحترام کے ساتھ آیا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ اقبال ان سے کسب فیض حاصل کر رہے ہیں۔ اپنے مرشد رومی کے متعلق فرماتے ہیں۔

پیر رومی خاک را اکسیر کرد

از غبارم جلوہا تعمیر کرد

اقبال کے نزدیک شخصیت میں کیمیا گیری کسی کامل کے آستانے پر بوسہ دینے سے حاصل ہوتی ہے۔

کیمیا پیدا کن از مشت گلے

بوسہ زن بر آستان کاملے

ایک جگہ خود کو رومی اور تبریز کا رمز شناس بتاتے ہیں۔

مرا بنگر کہ در ہندوستاں دیگر نمی بینی

برہمن زادہ رمز آشنائے روم و تبریز است

اقبال کے نزدیک متعلقات تصوف یہ ہے جو انہوں نے اکبر الہ آبادی کے نام ایک مکتوب میں لکھا ہے۔ فرماتے ہیں۔ ''کوئی فعل مسلمان کا ایسا نہیں ہونا چاہیے جس کا مقصد اعلائے کلمۃ اللہ کے سوا کچھ اور ہو۔''

لہذا ہم دیکھتے ہیں کہ اقبال کے تفکیری نظام میں بشمول شاعری میں تصوف انتہائی اہم عنصر ہے۔ اقبال کی شاعری میں جو رمزیت اور ماورائی کیف ہے اس میں تصوف کا خاص دخل ہے۔ جنوں، وجود، خرد، عشق کے الفاظ اقبال کے یہاں متعدد مرتبہ استعمال کئے گئے ہیں۔ دوران قرأت ان کا حسن و معنی ہمیں ایک نئے جہان کی جانب متوجہ کراتا ہے۔ اور ہم ان لفظیات کی سحر میں محو ہو جاتے ہیں آپ غور کیجئے تو یہ الگ احساسِ حسن اقبال نے تصوف سے پیدا کیا ہے۔ اگر کہیں پورا پورا تصوف نہیں تو کم از کم اس کی اصطلاحات ہیں اصطلاحات نہیں تو اسلوب ہے اسلوب بھی نہیں تو تصوف کی گرمی جابجا نظر آئے گی۔ نظم ''شکوہ'' صاف تصوف کی جرات مجذوبانہ اور ہمت رندانہ کی عمدہ مثال پیش کرتی ہے اس میں لفظ ''ہرجائی' اردو میں بیوفا کے لئے مستعمل ہے اور یہ اس لفظ کی امتیازی شان بھی ہے اقبال نے رب کے حضور میں عرض کر ڈالا ''بات کہنے کی نہیں تو بھی تو ہرجائی ہے'' اسے ہم منصور حلاج کی طریقت نہ کہیں تو کیا کہیں۔ منصور کے اعتراف میں اقبال کا یہ شعر ہمارے پیش نظر ہونا چاہیے۔

خودگیری و خودداری و گل بانگ ''انا الحق'

ازاد ہو سالک تو یہ ہیں اس کے مقامات

ایک اور جگہ مذید فرمایا

کیا نوائے انا الحق کو آتشیں جس نے

تری رگوں میں وہی خوں ہے قم باذن اللہ

تصوف کے خلاف کلام اقبال میں جو کچھ ہے وہ یہ ہے کہ اقبال نے تصوف پر جابجا طنز کیا ہے لیکن اس طنز کی نوعیت تردید کی نہیں تنبیہ کی ہے جسے ہم عرف عام میں محبوبانہ تنبیہ کہ سکتے ہیں۔ کلام اقبال میں صرف تصوف پر ہی طنز نہیں ہے بلکہ اور بھی چیزوں پر ہے جو ثوابت اور مسلمات کے حکم میں ہیں۔ تمدن، تصوف، شریعت، کلام بتان عجم کے پجاری تمام۔

اقبال اس تصوف کے خلاف تھے جو راہبانیت اور ترکِ دنیا کی طرف لے جاتا ہے۔ کاہلی، تساہل، بے عملی یا نشے کا عادی بنا کر لوگوں کو خود فراموشی کا شکار بنا دیتا ہے۔

کیونکہ اقبال سمجھتے تھے کہ مذہب انسان کی مردہ رگوں میں زندگی کا خون پیدا کرتا ہے اور انسانی خودی کو بام عروج تک پہنچاتا ہے۔ انسان کے باطن کو منور کر کے اسے ایک باعمل اور بہتر انسان بناتا ہے۔ بقول اقبال دین وہ شعلہ ہے جو باطل کے ہر نظام کو راکھ کا ڈھیر بنا دیتا ہے۔ اس لئے جو تصوف انسان کو بے عمل بنا دے یا احوال کی مستی میں گم کر دے وہ خلافِ دین ہے۔ اسی

طرح اقبال ایسی پیری مریدی کے خلاف تھے جو محض دکانداری، تجارت اور لوٹ مار کا ذریعہ ہے۔ایسی پیری مریدی جس میں پیر کا گھر قمقموں سے روشن ہو

اور مرید دیئے کی روشنی کو ترستا ہو۔ورنہ روحانیت کے سنجیدہ اور تصوف کے اکابرین صوفیا کو وہ بے انتہا قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور ان کے معترف تھے نیز ان کا ایقان تھا کہ ''پیر یا مرشد کی سخت ضرورت ہوتی ہے اس کے بغیر انسان صحیح اور کامل راستہ نہیں دیکھ سکتا۔''ساقی نامہ''پورا کا پورا تصوف اور فلسفہ کی زمین سے نکلا ہے اسلوب، الفاظ، بیان کی گرمی اور گہرائی سب تصوف اور فلسفہ سے کشید ہیں۔ملاحظہ ہوں

کسے خبر کہ سفینے ڈبو گئی کتنے

فقیہ و صوفی و شاعر کی ناخوش اندیشی

قلندر جز دو حرف لا الہ کچھ بھی نہیں رکھتا

فقیہ شہر قاروں ہے لغت ھائے حجازی کا

غور کیجئے تو اندازہ ہو گا کہ ساری تنبیہات محبوبانہ ہیں ورنہ اقبال نے شاعر ہونے کے باوجود شعراء کی بھی نفی کی ہے۔اقبال نے خانقاہی تصوف کی تردید کی ہے لیکن میدانی تصوف کے قائل ہیں اور یہ نظریہ ان کے افکار عالیہ میں ابتدا تا آخر موجود ہے۔تصوف کی تین جہات ہیں۔تصوف کا ایک پہلو تعمیر اخلاق ہے یعنی تصوف کا مقصود انسانی شخصیت میں اخلاقی اوصاف و محاسن پیدا کرنا ہے۔جیسا کہ تصوف کی امہات الکتب اور صوفیہ کی تعلیمات سے ظاہر ہے۔دوسری جہت میں تصوف ماورائے حواس حقائق کے مشاہدے کا وہ منہج ہے جس کے ذریعے وہ دینی حقائق جو عام آدمی کے لیے صرف معلومات کی حیثیت رکھتے ہیں صوفی کے لیے مشاہدہ بن جاتے ہیں۔یہ وہی جہت ہے جس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے مولانا روم فرماتے ہیں کہ عالم اور دانش ور آثار قلم پر سفر کرتا ہے جبکہ صوفی اور صاحب حال آثار قدم سے رہنمائی لے کر سفر کرتا ہے۔تصوف کی تیسری جہت وہ ہے جہاں یہ ایک نظام فکر اور تعبیر کائنات کے ایک اصول کے طور پر سامنے آتا ہے۔ترک دنیا کی تعلیم دینے والے صوفی کی اقبال نظام فکر میں کوئی جگہ نہیں ہے۔وہ خود اپنے لئے اشارے میں صوفیت کو پسند کرتے ہیں۔

کہاں سے تو نے اے اقبال سیکھی ہے یہ درویشی

کہ چرچا بادشاہوں میں ہے تیری بے نیازی کا

''قید مقام'' سے گزرنے میں جو حدّت اور تیزی ہے وہ آشنائے تصوف ہی محسوس کر سکتا ہے۔ حد تو یہ ہے کہ وہ یہاں بھی محسوس نہیں کر پاتے۔

تو ابھی رہ گزر میں ہے "قید مقام" سے گزر

مصر و حجاز سے گزر پارس و شام سے گزر

علم کی تحقیر اور عشق کی تفضیل صوفیاء کا خاص نظریہ ہے۔ اقبال نے کس قدر حکیمانہ بات کی ہے۔

عشق سراپا حضور علم سراپا حجاب

علم ہے پیدا سوال عشق ہے پنہاں جواب

علم ہے ابن الکتاب عشق ہے ام الکتاب

ابن الکتاب میں جو تندی ہے اور ام الکتاب میں جو تقدیس ہے اہل نظر محسوس کر سکتے ہیں حضرت مجدد الف ثانی کے مزار پر حاضری، مولانا روم کی رہنمائی میں روحانی سفر جو جاوید نامہ کی صورت میں ہمارے سامنے آتا ہے صوفیہ کے ساتھ اقبال کے تعلق کا بین ثبوت ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جس تصوف کی علامہ بات کر رہے ہیں اور جو آج کے ذہن کے لیے اور آج کے دور کے لیے مذہبی تجربے کو یقینی بنائے اس کی صورت کیا ہو۔ یہاں ہمیں ایک ایسے التباس اور مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس سے گزرے بغیر ہم اس عقدے کو حل نہیں کر سکتے۔ ہمارے سامنے اقبال کی تمنا بھی ہے، آرزو بھی ہے، اقبال کا دیا ہوا معیار بھی ہے اور وہ امکان بھی کہ جس کے ذریعے سے ہم اقبال کی آرزو کو تصوف کا جدید منہج وضع کرتے ہوئے پورا کر سکتے ہیں۔

وہ منہج جو اقبال کی آرزو کو پورا کرنے کا باعث بھی ہو، آج کے دور کے سوالات کا جواب بھی ہو اور ہماری زندگی میں اکابر صوفیہ کی تعلیمات کی تاثیر بھی پیدا کرے۔

اور اس کے ساتھ ساتھ دین کے بنیادی تصورات اور معتقدات پر ہمارا ایسا یقین پیدا کر دے کہ حقائق محسوس اور حقائقِ غیر محسوس دونوں ہماری زندگی میں یکساں حیثیت کی حقیقتیں بن جائیں، جیسا کہ علامہ بانگ درا میں فرماتے ہیں.

تعلیمِ پیرِ فلسفہ مغربی ہے یہ ناداں

ہیں جن کو ہستیِ غائب کی ہے تلاش

ڈاکٹر جاوید اقبال کی کتاب ''زندہ رُود'' جو علامہ اقبال کی مستند سوانح عمری ہے کے مطابق اقبال اپنے محبوب صوفیا کے مزاروں پر اکثر حاضری دیتے تھے۔

بعض بزرگ ہستیوں اور مجذوبوں کے متعلق سن کر وہ ملاقات کے شوق میں ان کی خدمت میں حاضری بھی دیتے رہے۔ لاہور کے قریب شرق پور کے بزرگ میاں شیر محمد کے متعلق سنا تو ان کی خدمت میں پہنچ گئے۔ میاں شیر محمد صاحب نے علامہ کے لئے دعا کی اور علامہ مسرور و مطمئن واپس لوٹے۔ بقول جاوید اقبال بہر حال اقبال کے اہل دل مشائخ سے ملاقات کے شوق سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کسی ایسی ہستی کی تلاش میں تھے جو اُن پر ایک ہی نگاہ ڈال کر ان کی روحانی تکمیل کر دے جیسے خواجہ باقی باللہ نے شیخ احمد سرہندی کو خلوت میں لے جا کر ذکر قلبی کی تلقین کی تھی اور اسی وقت ان کا قلب جاری ہو گیا تھا۔ (صفحہ 344)

امر واقعہ یہ ہے کہ اقبال نے اپنے افکار عالیہ کے ابلاغ و تشریح کے لیے بھی تصوف کو ایک وسیلہ اور ذریعہ بنایا۔ تصوف کی اکثر لفظیات ہمیں اقبال کے کلام اور شاعری نیز خطبات میں نظر آتی ہیں۔ بال جبریل کی متعدد غزلیں اس کی شاہد ہیں ان کے بیشتر اشعار ایسے ہیں جن کی توضیح و تشریح کے لیے ہمیں تصوف کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے انہوں نے اپنی بنیادی اقدار بھی تصوف سے ہی اخذ کیا اور اس کے پردے میں اعلیٰ افکار پیش کیے ہیں۔

شوکت سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود

فقر جنید و بایزید تیرا جمال بے نقاب

تصوف کے ضمن میں اقبال کا امتیازی پہلو یہ ہے کہ انہوں نے اس کو دینی حقائق سے آگئی اور شناسائی کا ایک وسیلہ قرار دیا ہے۔ خطبات اقبال ان کے تفکیری نظام کا نچوڑ ہے۔ Reconstructions religious thought in islam میں ان کے فلسفیانہ افکار ہمیں ایک ایسی منظم صورت میں ملتے ہیں جو فرد کی انفرادی اور قوم کی اجتماعی اور تہذیبی زندگی کا احاطہ کرتی ہیں اقبال نے کم سے کم دو خطبات کا موضوع مذہبی تجربہ یا اس کے متعلقات کو بنایا ہے۔ مذہبی تجربہ تصوف کے بغیر ایک امر محال ہے۔ خطبات کے دیباچے میں اقبال لکھتے ہیں کہ اس میں شبہ نہیں کہ تصوف کے صحیح مکاتب نے اسلام میں مذہبی تجربے کے ارتقا کی سمت کو درست کرنے اور اس کی صورت گری کے سلسلے میں نمایاں کام کیا ہے مگر ان مکاتب کے بعد کے دور کے نمائندے جدید ذہن سے لاعلم ہونے کی بنا پر اس قابل نہیں رہے کہ نئے فکر اور تجربے سے کسی قسم کی تازہ تخلیقی تحریک بنا سکیں۔ وہ انہیں طریقوں کو جاری رکھے ہوئے ہیں جو ان لوگوں کے لئے وضع کیے گئے تھے جن کا ثقافتی نقطہ نظر کئی لحاظ سے ہمارے نقطہ نظر سے مختلف تھا۔ قرآن کہتا ہے کہ ''تمہاری تخلیق اور قیامت کے دن دوبارہ اٹھایا

جانا ایک نفس واحد کی تخلیق و بعثت کی طرح ہے'' حیاتیاتی وحدت کا زندہ تجربہ جو اس آیت میں بیان ہوا ہے آج ایسے منہاج کا تقاضہ کرتا ہے جو موجودہ دور کے ٹھوس ذہن کے لیے عضویاتی طور پر کم شدت رکھتا ہو مگر نفسیاتی لحاظ سے زیادہ موزوں ہو۔

اقبال کے نزدیک انا الحق کے یہ معنی نہیں ہیں کہ میں خدا ہوں بلکہ اس طرح بھی سمجھا جا سکتا ہے کہ انا ہی اصل چیز ہے بندہ اگر خدا میں گم ہو گیا تو اس نے اپنی ہستی مٹا دی۔ اقبال تشکیل کردار اور تعمیر ذات کی اس منزل کی طرف بڑھنا چاہتے ہیں جس کی طرف صوفیا نے رہنمائی کی مگر اس کے لیے وہ طریق اختیار نہیں کرتے جو اکابر صوفیا کا طریق ہے۔ اگر اکابر صوفیہ کی تعلیمات کو دیکھیں تو یقیناوہ رہنمائی نظر آتی ہے جس کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم آج کے دور کے تقاضوں کو مکمل کرنے کے لیے تصوف کا وہ منہج وضع کر سکتے ہیں جس کی ضرورت اقبال نے خطبات کے دیباچے میں بیان کی ہیں۔ اسی دیباچے میں اقبال لکھتے ہیں ''کہ جوں جوں علم آگے بڑھتا ہے اور فکر کے نئے افق کھلتے چلے جاتے ہیں اس امر کا امکان ہے کہ شاید کتنے ہی دوسرے نظریات ان خطبات میں پیش کیے گئے خیالات سے بھی زیادہ محکم ہوں جو آئندہ ہمارے سامنے آتے رہیں گے۔ ہمارا فرض یہ ہے کہ ہم فکر انسانی کے ارتقا پر بڑی احتیاط سے نگاہ رکھیں اور اس کی جانب بے لاگ تنقیدی رویہ اپنائے رکھیں۔ ہمارے سامنے اقبال کی دیرینہ آرزو بھی یہی ہے اور قائم کردہ معیار بھی اور امکان بھی۔ جس کے ذریعہ ہم اقبال کی آرزو کو تصوف کا جدید منہج وضع کرتے ہوئے مکمل کر سکتے ہیں۔

وہ شارع عام جو اقبال کی آرزو کو تکمیلیت بخش دے آج کے دور کے سوالات کا جواب بھی ہو اور ہماری زندگی میں اکابر صوفیا کی تعلیمات کی تاثیر بھی پیدا کرے اور اس کے ساتھ ساتھ دین کے بنیادی تصورات اور معتقدات پر ہمارا ایسا یقین پیدا کر دے کہ حقائق محسوس اور حقائق غیر محسوس دونوں ہماری زندگی میں یکساں حیثیت کی حقیقتیں بن جائیں۔ مگر اس منزل کے حصول یابی کے لیے متقدمین اکابر صوفیا اور اقبال کے طریق کار میں تطبیق کے امکانات کو تلاش کرنا ہوگا کہ ان میں موجود تفاوت رفع ہو سکے۔

اس تفاوت کو رفع کیے بغیر مرد کامل کی تشکیل کی اس منزل تک رسائی کس طرح ممکن ہے جو حاصل تو طریق صوفیا کا ہے مگر اس کے لیے جو راستہ اختیار کیا جا رہا ہے وہ اکابر صوفیا کی طریق سے یکسر مختلف ہے۔

مختصر ا یہ کہ اقبال نے جس ماحول میں پرورش پائی اس پر تصوف کے گہرے اثرات تھے ان کے والد اور ان کے سکول کے استاد علامہ میر حسن بڑے صوفی بزرگ تھے۔ ابتداء میں اقبال نے جو کتابیں پڑھیں ان میں صوفیانہ تعلیمات بدرجہ اتم موجود تھیں جن میں کشف المحجوب اہم ہے اور کالج میں انہیں آرنلڈ جیسے استاد ملے جو تصوف کے رمز شناس تھے۔ اس وقت ہندوستان کے ماحول پر صوفیاء کرام چھائے ہوئے تھے اور مختلف سلسلوں کا چرچہ تھا۔ جب اقبال نے پی ایچ ڈی کے مقالے The development of Metaphysics کی تیاری کے سلسلے میں وسیع مطالعہ کیا تو انھیں تصوف کے نظام فکر کو سمجھنے

کا پورا موقع ملا ان تمام عوامل کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی ابتدائی نظموں میں وحدت الوجود کے فلسفے کے اثرات نظر آتے ہیں۔ چنانچہ بانگ درا میں متعدد اشعار اس کی غمازی کرتے ہیں

مزید مطالعہ اور غور و فکر نے انہیں مروّجہ تصوف کے ان عقائد سے واقف کر دیا جو ذوق عمل کو مردہ کرنے والے مہلک اثرات کے حامل تھے۔ اقبال تصوف کے خلاف نہیں بلکہ وہ ایسے تصوف کے خلاف ہیں جو قوم میں مردنی اور روح میں تشکیک کی فضا پیدا کر دے اور انسان عمل کی حکمتوں سے بے خبر ہو جائے۔ اگر اقبال تصوف کے خلاف ہوتے تو مولانا رومی کے معتقد و مرید نہ ہوتے۔ اور واقعہ بھی یہی ہے کہ اقبال نے رومی کے حوالے سے غیر معمولی ارادت مندی و عقیدت مندی دکھاء ہے اور اس کا برملا اظہار بھی کیا بلکہ یہ کہنا زیادہ درست ہے کہ بر عظیم میں اقبال نے رومی شناسی کو ایک نء جہت عطا کی ہے۔ لہذا رموزِ بے خودی جو ????ء میں شائع ہوئی اس کا آغاز اقبال نے رومی کے مشہور شعر سے کیا ہے۔

جہد کن، در بیخودی خود را بیاب

زود تر واللہ اعلم بالصواب

اقبال مولانا رومی کی طرح اثبات خودی کے معلم ہیں۔

اقبال کے وہ خطوط جو انہوں نے اپنے معاصر علما صوفیا کو لکھے ہیں اس حقیقت کو آشکار کرتے ہیں کہ انھیں تصوف اور متعلقات تصوف سے کس قدر دلچسپی تھی۔ اس کے جملہ حقایق سے اشناء کے خواہاں تھے نیز اس کی اصل روح تک پہنچنا چاہتے تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیے کہ اقبال نہ صرف اسلامی تصوف کے قائل ہیں بلکہ انہیں تصوف کے اسلامی روپ سے گہرا لگاؤ بھی ہے اور وہ اس بات کے معترف ہیں کہ اشاعت دین سے لے کر اقامت دین تک صوفیائے کرام بڑی اہمیت ہے۔ تصوف میں انسان اپنے باطن کی صفائی کر کے نیز اپنے نفس پر قابو پا کر قربِ حق حاصل کرتا ہے سالک اپنے ظاہر کے ساتھ ساتھ اپنے باطن پر خاص توجہ دیتا ہے. عرف عام میں اس کو طریقت کہتے ہیں.

چنانچہ اقبال کی زندگی میں کئی واقعات ایسے رونما ہوئے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اقبال خود تصوف اور روحانیات کی تلاش میں تھے اور عملی طور پر انھوں نے اس کا مشاہدہ بھی کیا ان تمام واقعات کی تفصیلات فقیر سید وحید الدین کی غیر معمولی شہرت کی حامل تصنیف روزگار فقیر جلد اول و دوئم سے فراہم کی جاسکتی ہیں۔ اقبال خود بھی اس عمل سے گزر رہے تھے اور تزکیہ نفس کے مختلف مدارج سے گزرنے کے بعد ان پر وہ راز افشاں ہونے لگا جو ایک سالک پر راہ سلوک میں نزول ہوتا ہے۔ ایک بار اقبال پر نزول شعر کی کیفیت طاری ہو گئی اور وہ اشعار قلم بند کرتے رہے جب یہ کیفیت اختتام کو پہنچی تو وہ بالائی منزل پر جانے لگے کہ ایک سفید پوش طویل القامت درویش صورت بزرگ نظر آئے اور اقبال کے استفسار پر انھوں نے کہا کہ "پانچ سو

آدمی پیدا کرو" اور پھر غائب ہو گئے۔ یہ واقعہ جب اقبال نے اپنے والدِ محترم کو بیان کیا تو انھوں نے کہا کہ اگر پانچ سو آدمی تیار نہیں کر سکتے تو پانچ سو اشعار کی کتاب لکھ دو۔ چنانچہ اقبال نے اپنی مشہور مثنوی "پس چہ باید کرد اے اقوام شرق" لکھی جس میں پانچ سو سے زائد اشعار ہیں۔

تصوف اقبال کے خون میں شامل تھا اس لئے انھوں نے شاعری کو تصوف کے اظہار کا وسیلہ بنایا اور اس طرح انھیں ہم ایسا صوفی شاعر کہہ سکتے ہیں جنھوں نے شعر کو سلوک کا آئینہ دار بناتے ہوئے تصوف کے مختلف مسائل کے قضے کو حل کر دیا ہے۔

یہ ذکر نیم شبی، یہ مراقبے، یہ سرور
تری خودی کی نگہباں نہیں تو کچھ بھی نہیں

حوالاجات

اقبال اور تصوف از پروفیسر محمد فرمان

اقبال اور مسلک تصوف از ڈاکٹر ابواللیث صدیقی

Reconstruction of religious thought in Islam by Iqbal

Thoughts and Reflection of Iqbal by Syed Abdul Wahid

☆☆☆

پریم چند کے منتخب دلت افسانوں کے اہم مرکزی کردار

ڈاکٹر ہردے بھانو پرتاپ
اسسٹینٹ پروفیسر شعبہ اردو
ذاکر حسین دہلی کالج، دہلی یونیورسٹی

Abstract: Premchand is considered one of the best short story writers in Urdu. His stories are based on Hindustani society even specially Eastern Uttar Pradesh. Where, many inhuman activities were in traditions during his writings period like capitalism, bonded labor, racism, corruption. Premchand had tried to depict all these issues in his short stories. But the most important difficulty was in front of him that in the hierarchy system, how he became able to write these stories making a Dalit character as a main or lead character. In spite of that, Apart from various important social issues of India, Premchand has written excellent fiction on Dalit issues. He is such an Indian writer who has featured Dalit characters as central figures in his creative writings. In this article, I have discussed only those stories in which Dalit characters are portrayed as the main characters. Most of his stories have reflected Dalit issues but the way out of Dalit issues has not been told. In most of his stories, Dalit characters get rid of social ills only by sacrificing their lives. But here is one such story in which Premchand has shown that if Dalit characters develop skills and gain name and fame at the national and international level, it is very possible that they can live a respectable life in Indian society too even being a Dalit.

کلیدی الفاظ: پریم چند، دلت مسائل، سماجی نظام، کہانی، قابلیت، ہنر، گاگی، عفت، نجات، شودر، ٹریجڈی، ہندوستانی عورت، ہندوستانی تہذیب، فرسودہ نظام، صلاحیت۔

پریم چند کا ادبی سرمایہ اتنا وسیع ہے کہ ان پر لکھنے کے لیے جب بھی قلم اٹھاتا ہوں تو کچھ نہ کچھ نیا مل ہی جاتا ہے۔ جبکہ پریم چند کی ادبی جہات و خدمات پر نہ جانے کتنے تحقیقی مقالے مختلف زبانوں میں لکھے جا چکے ہیں۔ اس کے باوجود پریم چند ہر دور میں تحقیق کاروں کے لیے ایک نئے روپ میں ابھر کر سامنے آتے ہیں۔ ان کی تخلیقات ہمارے بدلتے ہوئے معاشرے کے لیے ایک مشعل راہ کی شکل میں ہمیشہ موجود ہوتی ہیں۔ پریم چند کی کل کہانیوں کی تعداد پر بات کرنا اب کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ کیونکہ ماہرین پریم چند نے اب تک ان کی تمام ہندی اور اردو کہانیوں کو یکجا کر کے تقریباً صحیح تعداد کا پتا لگا لیا ہے۔ ڈاکٹر قمر رئیس نے اپنی کتاب پریم چند کے نمائندہ افسانے کے مقدمے میں ان کی کہانیوں کے کل 14 مجموعوں کے حوالے سے بات کی ہے۔ قمر رئیس نے ان 14 مجموعوں میں شائع ہونے والی پریم چند کی کل کہانیوں کی تعداد 195 بتائی ہے۔ حالانکہ انہوں نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ پریم چند کی بہت ہی اہم کہانیاں جس میں روٹھی رانی اور کفن کا ذکر ہوتا ہے۔ وہ ان مجموعوں میں نہیں شامل ہیں۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ ہندی مجموعوں میں شائع ہونے والی ان کی کہانیوں کی تعداد اس سے زیادہ ہے۔ مزید قمر رئیس نے ڈاکٹر جعفر رضا کا ذکر کرتے ہوئے ہندی میں شائع ہونے والی پریم چند کی کہانیوں کے حوالے سے یہ کوٹ کیا ہے کہ ''اس طرح پریم چند کی کہانیوں کی کل تعداد 273 قرار پاتی ہے۔'' (پریم چند کہانی کار رہنما صفحہ نمبر 351)

ہماری بحث یہاں پریم چند کی کل کتنی کہانیاں ہیں اس سے نہیں ہے بلکہ کتنی کہانیاں ایسی ہیں جن میں دلت کرداروں کے حوالے سے گفتگو ہوئی ہے یا ان کو مرکزی کردار کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے۔ ہندی میں ان کی کہانیوں کا ایک کلیات موجود ہے، جس کا عنوان "مانسروور" ہے۔ یہ کل آٹھ حصوں میں تقسیم ہے اور اس میں ان کی کل کہانیوں کی تعداد 224 بتائی گئی ہے، جو کہ ایک مستند تعداد مانی جا سکتی ہے۔ ہندی اور اردو کی دونوں بحثوں کو دیکھ کر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ پریم چند کی کہانیوں کی کل تعداد چاہے 224 ہو یا 273 لیکن ان کی ان تمام کہانیوں میں محض 15 کہانیاں ایسی ہیں جس میں دلت مسائل پر گفتگو ہوئی ہے یا ایک دلت کو مرکزی حیثیت کردار کی حیثیت سے منظر عام پر لانے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان کہانیوں کے عنوان کچھ اس طرح سے ہیں؛ ٹھاکر کا کنواں، گلی ڈنڈا، گھاس والی، دودھ کی قیمت، شودر، نیک بختی کے تازیانے، راہ نجات، نجات، آگا پیچھا، کفن، مندر، منتر، لانچھن، موٹھ اور وِدھونس وغیرہ۔ پریم چند کی 15 یہ ایسی کہانیاں ہیں جن میں مرد، عورت، بوڑھا بوڑھی اور بچے کی شکل میں دلت کرداروں کی عکاسی کی گئی ہے۔ پریم چند کا بڑا کمال یہ ہے کہ ہندوستان کے طبقاتی نظام میں جہاں اعلیٰ طبقے کے لوگوں کو اہمیت حاصل تھی، اس کے باوجود انھوں نے دلت کردار کو مرکزی میں رکھتے ہوئے اس کے ذاتی مسائل کے ساتھ ایک بہترین انداز میں پیش کیا ہے۔ اس مضمون میں دلت کردار کے دو رنگ دیکھنے کو ملیں گے۔ ایک تو یہ کہ دلت اپنے مسائل سے جوجھتا ہوا موت کو گلے لگا کر ان مسائل سے نجات پانے کا راستہ نکالتا ہے۔ وہیں دوسری طرف ان کے یہاں دلت کردار نگاری کا دوسرا رنگ یہ ہے کہ وہ خود کو فنا کرنے کی بجائے اپنے اندر قابلیت پیدا کر کے اسی ہندوستانی سماج میں عزت کی زندگی جینا پسند کرتے ہیں۔ گرچہ یہ راستہ آسان نہیں ہے لیکن ایسا کر کے پریم چند نے دلت سماج میں نئے ڈھنگ سے جینے کی امید پیدا کی ہے اور نئی طرز زندگی کا راستہ ہموار کیا ہے۔

گوَرا

شودر افسانے کا مرکزی کردار گوَرا کی زندگی کا سفر اس کی ٹریجڈی کی اصل حقیقت ہے۔ اس کے خاوند کے دل میں پیدا ہونے والا شبہ اس کی زندگی کا خاتمہ

کرتا ہے۔ وہ اتنی خوبصورت عورت ہے کہ اس کی فکر میں اس کی ماں دن بہ دن کمزور ہوتی جاتی ہے۔ اس کا دل کش بدن اور اس کی خوبصورتی لوگوں کے ذہن میں وہم پیدا کرتی ہے جس کی وجہ سے اس کی عفت مشکوک ہو جاتی ہے۔

گورا کی زندگی کی شروعات ایک اتفاق کے ساتھ ہوتی ہے۔ پردیسی منگرو کی نگاہ جب گورا کی خوبصورتی پر پڑتی ہے تو گورا کی خوبصورتی اس کی انکھوں میں رچ بس جاتی ہیں۔ نتیجتاً دونوں کی آپس میں سگائی ہو جاتی ہے لیکن جات پات کا بھید بھاؤ گورا کی خوبصورتی اور اس کی عفت کو مشکوک بنا دیتا ہے۔ منگرو جو گورا کو ایک طویل عرصے کی عبادت کے بعد ملا ہے اسے چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔ ذات پات اور بھید بھاؤ کی وجہ سے منگرو کبھی اسے چھوڑ کر جا سکتا ہے، اس بات سے گورا بالکل بے خبر تھی۔ اس لیے اسے منگرو کے واپس لوٹ آنے کی پوری امید رہتی ہے۔ وہ اپنے منگرو کی محبت میں مانگ میں سندور ڈالتی ہے خوبصورت کپڑے پہنتی ہے۔ اس کی نظر میں منگرو آج بھی محبت کرنے والا ایک ایماندار اور طاقتور انسان ہے۔ یہاں تک کہ منگرو کے بارے میں وہ جتنی بھی بات کرے کم ہے۔ یہاں گورا کا کردار بالکل سَرل اور خوبصورت نظر آتا ہے۔

لیکن گورا کا یہی بھولا پن اس کی زندگی تباہ کرنے کے لیے کافی ہے۔ بھولی گورا کلکتے سے آئے انجان بوڑھے براہمن پر بھروسہ کر کے اس کے ساتھ چلنے کے لیے راضی ہو جاتی ہے۔ کسی کا مستقبل کیسے کوئی جان سکتا ہے۔ بوڑھے براہمن کے ساتھ گورا کا جانا اس کی تباہی کی اور جانا ثابت ہوا۔ راستے میں وہ اپنے خاوند سے ملاقات کے بارے میں جو کچھ بھی تانے بانے بنتی ہے وہ ایک ہندوستانی عورت میں فطری طور پر دیکھی جا سکتے ہیں۔ ایک طویل عرصے کے بعد اچانک شوہر کا سامنے آنا، بیوی کا اس سے روٹھ کر منہ موڑ لینا، ناراضگی ظاہر کرنا، رونا پھر گلے سے لپٹ جانا، اس طرح کے خیالات گورا کے دل میں فطری معلوم ہوتے ہیں۔ جو ہر حال میں ایک عورت کو خوشی فراہم کرتے ہیں۔ لیکن گورا کے نصیب میں خوشی کہاں تھی؟ جو آخر کار کلکتہ پہنچتے ہی اسے سب معلوم بھی ہو گیا۔

کلکتہ پہنچنے پر گورا کو سوائے مایوسی کے کچھ بھی حاصل نہیں ہوا۔ مزید بوڑھے براہمن نے اس سے کہا کہ ابھی کل ہی منگرو یہاں سے کسی جہاز پر بیٹھ کر دور چلا گیا ہے۔ اس کے پاس جانے کے لیے جہاز سے آٹھ دن کا سفر طے کرنا ہو گا۔ پھر کہیں تمہاری ملاقات منگرو سے ہو پائے گی۔ یہ سننا تھا کہ گورا کا دل درد سے بھر گیا اور اسے کسی انہونی کا ڈر ستانے لگا۔ جہاز پر سفر کے دوران ملی عورت اسے مرِچ دیس کی مصیبتوں سے واقف کراتی ہے جس سے گورا بہت ڈر جاتی ہے۔ لیکن جہاز سے اترنے کے بعد منگرو کا دیدار ہوتے ہی وہ منگرو کی باہوں میں جانا چاہتی ہے لیکن سنکوچ کی وجہ سے نہیں جاتی۔

یہاں گورا کا ایک دوسرا روپ لیکن ہندوستانی ناری کی صورت میں ہی دکھائی دیتا ہے۔ جب وہ کہتی ہے کہ بھلے ہی منگرو نے اسے اپنے پاس بلایا ہو لیکن وہ منگرو کے کندھوں پر بھار بن کر نہیں رہے گی۔ لیکن وہ اس بات سے بے خبر تھی کہ جس مقام پر وہ پہنچی ہے وہ جگہ کوئی معمولی جگہ نہیں تھی بلکہ وہاں عورتیں سوائے بھوگ کے سادھن کے اور کچھ نہیں تھیں۔ کسی عورت کا وہاں اکیلا رہنا ناممکن تھا۔ گورا کے اوپر آنے والی مصیبتوں کے بارے میں سوچ کر منگرو سہم سا جاتا ہے۔ اب گورا منگرو کے لیے کسی دیوی سے کم نہیں ہے۔ اس کی عزت بچانے کے لیے وہ دنیا بھر کی ترکیبیں سوچنے لگتا ہے۔ لیکن اس جگہ کی ریت رواج کے مطابق گورا کی عزت کو بچا پانا بہت مشکل کام تھا۔ منگرو اپنی دیوی کی حفاظت کے لیے انگریز شہدوں کی ہنٹروں کی مار کھانا پسند کرتا ہے لیکن وہ کسی بھی صورت میں گورا کو اپنی آنکھوں کے سامنے ان کے پاس جانے دینا پسند نہیں کرتا۔ لیکن یہاں بھی گورا ایک ہندوستانی عورت کے

روپ میں پھر دکھائی دیتی ہے وہ اپنے شوہر کی جان بچانے کے لیے خود کو آگے کر دیتی ہے۔ جس سے ہنٹر کی مار گورا پر پڑے اور منگرو بچ جائے۔ یہاں تک کہ گورا کا قدم یہی نہیں رکتا بلکہ وہ منگلوں کی جان کی خاطر خود کو انگریز صاحب کی کوٹھی میں رکنے اور خون کا گھونٹ پینے کے لیے منا لیتی ہے۔ لیکن قبل اس کے کی انگریز اسے ہاتھ لگائے وہ بہت ہی چالاکی اور خوش اسلوبی سے بولنا شروع کرتی ہے اور یہاں پر پہلی بار گورا کا بیان ایک ناری وادی اور ہندوستانی عورت کے روپ میں اسے منظر عام پر لاتا ہے۔ وہ انگریز کے دل میں محبت اور انسانیت کے جذبات کو بیدار کرنا چاہتی ہے کیونکہ اس کے پاس یہی وہ ہتھیار تھا جس سے کہ وہ انگریز سے خود کو اور خود کے شوہر کو بچا سکتی تھی۔ لہٰذا اس نے جب اچانک سے دیوار پر ٹنگی انگریز صاحب کی ماں کی تصویر دیکھی تو فوراً اس نے اپنا نظریہ اور بیان اس طرف موڑ دیا اور اس نے کہا کہ "۔۔۔

لیا۔ رائے صاحب نے ہنٹر سے نتھوا کی جو پٹائی کی کہ اس کا جسم بے جان ہو گیا۔ نتھوا نے ادھمرے جسم کی حالت میں رائے صاحب کے بنگلے کو ہمیشہ کے لیے الوداع کہہ دیا۔ رائے صاحب کی اس مار کو نتھوا کبھی بھی بھلا نہیں سکتا تھا۔ لہذا یہ مار نتھوا کو اپنی زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے مجبور کرنے لگے۔

آخر کار نتھو کی بے چینی اس کے لیے راہ ہموار کرتی ہے۔ نتھوا اپنی سوجھ بوجھ سے کام لیتا ہے۔ وہ کوئی آسان راہ نہیں چاہتا۔ وہ محنت کرنا جانتا ہے اور اپنے لیے ایک نئی راہ بنانا چاہتا ہے۔ لیکن یہ سب کرنے کے لیے اسے اپنے پیچھے ایک سپورٹ کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ لہذا وہ اپنے سماج کے لوگوں کے درمیان جانا پسند کرتا ہے۔ جہاں اسے گائکی کے فن میں ترقی کرنے کا موقع ملتا ہے۔ جس میں اسے آسمان کی بلندیاں حاصل ہو جاتی ہیں۔ پریم چند اس کے اس فن کی تعریف اس طرح کرتے ہیں "..... گانا، شہنائی بجانا، پکھاوج، سارنگی، تمبورا، ستار، یہ سبھی باجے بجانا جانتا تھا۔ استادوں کی اس کی معجزہ خیر دانائی پر تعجب ہوتا تھا....." استادوں کی نظر میں نتھوا ایک ہیرے کے جیسا بن گیا تھا۔

نتھوا کی شہرت دور دراز علاقوں میں پھیلنے لگی۔ یہاں تک کہ گوالیئر کے ایک سمیلن میں اسے سونے کا تمغہ انعام میں حاصل ہوا۔ اور گوالیئر کے سنگیت اسکول میں پانچ سالوں میں اسکول کی اعلیٰ مقام کو حاصل کر کے وہ اپنے لاسانی فن کا مظاہرہ کرتا ہے جس سے وہ سماج میں زیور کی مانند بن جاتا ہے۔ اب اس میں سوچنے سمجھنے کی صلاحیت بھی بیدار ہو چکی تھی۔ وہ اپنی عزت واحترام کا بھی خیال کرتا ہے اور وہ اپنا رویہ بھی اونچے خاندان کے لوگوں کے جیسا بنا کے رکھتا ہے۔ اس طرح وہ اب نتھو رام سے نا۔ را۔ آچاریہ کی حیثیت سے مقبول عام ہو گیا۔ یہاں تک کہ راج درباروں سے اسے اچھی تنخواہ بھی ملنے لگی۔ نتھو نے یہ سب کچھ محض 18 برس کی عمر میں حاصل کر لیا۔

اس کی محنت اور لگن کی پیاس صرف ہندوستانی گیتوں تک محدود نہیں رہی۔ وہ مغربی سنگیت میں بھی مہارت حاصل کرنے کے لیے جرمنی سے سنگیت میں آچاریہ کی پدوی لے کر اِٹلی کا سفر کرتے ہوئے آخر کار لکھنو میں مقیم ہوتا ہے۔ پریم چند نے نتھو کے کردار کو ترقی دینے اور ایک نئی صورت میں دکھانے کے لیے اِتفاقی عناصر سے بہت حد تک کام لیا ہے۔ مثلاً نتھوا کا رائے صاحب کی کوٹھی سے بھاگ جانا اور پھر اپنے سماج کے لوگوں کے درمیان جا کر گائکی کی تعلیم حاصل کرنا اور نتھو رام سے نا۔ را۔ آچاریہ تک کا سفر طے کرنا اور پھر مغربی ممالک کا سفر طے کرتے ہوئے لکھنؤ میں آکر مقیم ہونا، جہاں پر اسی رائے صاحب کی کوٹھی ہے جن کے یہاں سے نتھوا بچپن میں کوڑے کی مار کھا کر بھاگا تھا۔ یہ سب محض ایک اتفاق ہی تو ہے اور اس سے بھی بڑا اتفاق وہاں نظر آتا ہے جب نتھو کی شادی رتنا سے ہو جاتی ہے۔

لکھنو میں آچاریہ کا جہاں ایک طرف شاندار استقبال ہوتا ہے وہیں دوسری طرف رتنا کو سامنے کھڑی پا کر اس کے بھی پیر کانپنے لگتے ہیں۔ انہیں اس بات کا ڈر ستانے لگتا ہے کہ کہیں رائے صاحب کو یہ نہ پتا چل جائے کہ آچاریہ کوئی اور نہیں بلکہ وہی بچپن کا بھاگا ہوا نتھو ہے۔ مثلاً ایک دولت انسان دنیا بھر میں کتنا بھی نام کما لے کتنا بھی اونچا مقام حاصل کر لے لیکن جب وہ اپنی ذات کے کرب کو محسوس کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک ڈر پیدا ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کی آچاریہ جی کے رہنے کا انتظام جس بنگلے میں ہوا ہے وہ کوٹھی رائے صاحب کی ہی ہے۔ جہاں رتنا کا پلنگ دیکھ کر ان کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ رتنا سے شادی کی بات ہونے پر وہ غور و فکر میں پڑ جاتے ہیں۔ یہاں پر آچاریہ کا ذہنی کشمکش میں مبتلا ہونا فطری ہے۔ آج بھی ان کے پاس اتنی ہمت نہیں ہے کہ وہ اپنی اصلیت ظاہر کر سکیں۔

لیکن یہاں پر کہانی کار نے ایک اچھا طریقہ یہ اپنایا ہے کہ رتنا کو اس انداز سے بیان کیا ہے کہ رتنا آچاریہ کی حقیقت کے بارے میں سب جانتی ہے اور اس بات سے اسے کوئی دقت نہیں ہے۔آچاریہ سے رتنا کی شادی سماج میں پھیلی غیر برابری کو دور کرنے کا ایک راستہ ہے۔ مجموعی طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس کہانی میں نتھوا کا کردار اپنی قسمت کی خوبیوں سے بھرا ہے یہی وجہ ہے کہ جس پلنگ کی وجہ سے اسے رائے صاحب کا بنگلہ چھوڑنا پڑا تھا آج اس کی قسمت نے اسی پلنگ پر اسے ایک جمائی کی صورت میں بھیجا ہے۔ یہ قسمت کی خوبی اور بلندی نہیں تو پھر اور کیا ہے۔

دُکھی

دکھی پریم چند کا افسانہ نجات کا مرکزی کردار ہے۔ گرچہ اس افسانے میں دکھی کے علاوہ اس کی بیوی جھریا بھی موجود ہے۔ لیکن پوری کہانی کا تانا بانا دکھی کے ارد گرد گھومتا ہے اس لحاظ سے اس افسانے کا مرکزی کردار دکھی ہے۔ پریم چند کے کسی افسانے میں مرکزی کردار ایک ہیرو کے مانند طاقتور اور سڑے گلے نظام سے بغاوت کرنے والا دکھائی دیتا ہے تو وہیں دوسرے افسانے میں پریم چند کا مرکزی کردار ہندوستانی سماج کے بنائے ہوئے فرسودہ رواجوں کی جکڑ میں بے بس اور لاچار اپنی جان دینے کو مجبور دکھائی دیتا ہے۔ دکھی پریم چند کے دوسرے مرکزی کرداروں کی طرح ہے جسے فرسودہ رسموں کی پاسداری میں اپنی جان گوانی پڑتی ہے۔ کیونکہ اس افسانے کا مرکزی کردار دکھی توہم پرستی کا شکار ہے۔ جس کی وجہ سے وہ پنڈت گھاسی رام سے ساعت شگون پوچھنے جاتا ہے اور اس کا یہ کارنامہ ہی اس کا خاتمہ کر دیتا ہے۔افسانے کے آغاز میں ہی دکھی کی زبان سے ادا ہونے والے الفاظ دلت سماج کی حقیقت بیان کرتے ہیں۔ دلت انسان کی طرح ہی دلتوں کا سامان بھی اچھوت معلوم پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ توہم پرست دکھی پنڈت جی کے آنے سے قبل اُن کے بیٹھنے اور انہیں سیدھا دینے کے تمام انتظامات کے بارے میں اپنی بیوی سے ذکر کرتا ہے۔ وہ پنڈت جی کے خاطر تواضع میں ہر ممکن کوشش کرتا ہے یہاں تک کہ پنڈت جی کو ان کے گھر بلانے جاتے وقت اپنے سر پر گھاس کا ایک گٹھر بھی لے جاتا ہے تاکہ پنڈت جی خوش ہو جائیں اور اس کا کام کر دیں۔

اس افسانے میں پریم چند کا مرکزی کردار اپنے نام کے اصل معنی کی ادائیگی پوری طریقے کرتا ہے۔ جس طرح اس کا نام دکھی ہے اسی طرح وہ سچ میں دین ہین ہے۔ وہ پنڈت جی کو دیوتا مانتا ہے اور ان کے سامنے اپنے آپ کو بالکل کمزور اور ذلیل انسان سمجھتا ہے۔اور آخر کار خود کو اتنا کمزور پاتا ہے کہ اس کی جان نکل جاتی ہے۔ جب کہ وہ اپنے تمام کاموں میں فرتیلا ہے اور پنڈت جی کے یہاں پہنچنے پر ان کی گایوں کو گھاس ڈالنا، دروازے پر جھاڑو لگانا، بیٹھک کو گوبر سے لیپنا اور یہاں تک کہ بھوسا بھی پھٹا پھٹ ڈھو کر گھر میں رکھ دیتا ہے۔ وہ اپنا کام اچھی طرح کرتا ہے لیکن اس کی سدھ لینے والا وہاں کوئی نہیں ہے، بلکہ ایک کے بعد دوسرا کام دینے کے لیے پنڈت جی تیار بیٹھے ہیں۔ جب کچھ نہیں بچا تو اسے لکڑی کی گانٹھ ہی چیرنے کے لیے دے دیا گیا۔اور دکھی بیچارہ پنڈت جی کے ڈر سے، ان کی قد و قامت، ان کی پنڈتائی کے ڈر سے خالی پیٹ ہی لکڑی پھاڑنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔ پریم چند لکھتے ہیں کہ "پنڈت جی بھوجن کرنے چلے گئے۔ دکھی نے صبح سے کچھ نہیں کھایا تھا۔ اسے بھی زور کی بھوک لگی تھی لیکن وہاں کھانے کو دھرا ہی کیا تھا؟ گھر یہاں سے میل بھر تھا۔ وہاں کھانے چلا جائے تو پنڈت جی بگڑ جائیں۔ بیچارے نے بھوک دبائی اور لکڑی پھاڑنے لگا۔" دکھی کا کردار قدم قدم پر دکھ سہنے والا ہی ہے۔ دکھی مذہبی اقدار کی پاسداری کرنے والا ہے لیکن ایسے پاسداری کا کیا جو اسے بھوکے پیٹ کام کرنے پر مجبور کرے۔ اور اسے اپنے حقوق کے لیے بولنے کی

طاقت میں نہ عطا کرے۔اس کا بھولا پن اس کی جان لینے پر تلا ہوا ہے۔"ہاتھ اٹھائے نہ اٹھتے تھے۔پاؤں کانپ رہے تھے۔ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔پھر بھی اپنا کام کیے جا رہا تھا۔"

غریبی اور سماجی بے دخلی نے دکھی کو اس طرح جکڑ رکھا تھا کہ اپنے لیے بھی بغاوت کرنے کی اس میں ذرا بھی تاب نہ تھی۔وہ اس طرح شکار ہو چکا ہے کہ ہر جگہ خود کو ہی گنہگار سمجھتا ہے۔یہاں تک کہ جب اسے تمباکو پینے کا خیال آتا ہے تو اس میں بھی وہ یہی سمجھتا ہے کہ براہمن تمباکو نہیں پیتے ہیں۔تمباکو میں پیتا ہوں اور یہ میری کمزوری کی نشانی ہے۔اس کے کردار میں چھوا چھوت کا بھی دباؤ اس قدر رچا بسا ہوا ہے کہ وہ جھریا کو سخت ہدایت دیتا ہے کہ پنڈت جی کو سیدھا دیتے وقت بہت خیال رکھنا ہے کہیں غلطی سے وہ چھو نہ جائیں۔اور پھر چلم پینے کے لیے آگ مانگنے پر پنڈتائن کی زبان سے جو برے الفاظ نکلتے ہیں اس وقت بھی اسے اپنے دین ہین ہونے کا احساس ہوتا ہے اور جب پنڈتائن کے آگ پھینکنے کی وجہ سے وہ جل جاتا ہے تب بھی اسے یہی لگتا ہے کہ اس کے گناہوں کی سزا اسے یہی مل گئی۔

دکھی بے وقوف تو نہیں ہے لیکن وہ لاعلمی کی حالت میں سماجی بندھنوں میں اس کا جکڑا ہونا فطری ہے اور مذہبی بندھنوں نے اسے اس قدر بھولا بنا دیا ہے کہ وہ اس سے آگے اپنا ذہن لگا ہی نہیں پاتا۔کیونکہ دکھی جہاں کہیں تھوڑی بھی ہمت کر کے اپنی سہولت کے مطابق کچھ کرنا بھی چاہتا ہے تو پنڈت جی کی ڈانٹ ڈپٹ اور بری ساعت نکالنے کا ڈر اسے پنڈت جی کے کہے مطابق کام کرنے پر مجبور کر دیتا ہے۔اچھی ساعت نکلوانے کے جوش نے اسے ایسی طاقت عطا کی کہ اس نے آخر کار گانٹ والی لکڑی چیر ہی ڈالی لیکن ساتھ ہی وہ بھی چکّر کھا کر زمین پر گر گیا اور پھر کبھی نہیں اٹھا۔اس مرکزی کردار کے ساتھ سب سے دکھ کی بات یہ ہے کہ سماجی بندھن اس کا پیچھا اس کے مرنے کے بعد بھی نہیں چھوڑتے۔کیونکہ ہندو شاستروں میں کہیں نہیں لکھا ہے کہ ایک دلت کی لاش کو کبھی پنڈت ہاتھ لگائے گا۔نتیجتاً مرنے کے بعد پنڈت جی اسے رَسّی سے باندھ کر گھسیٹتے ہوئے میدان میں چھوڑ آتے ہیں جہاں چیل کوّے اس کی لاش کو نوچتے پھرتے ہیں۔دکھی کی مذہبی رواداری کا یہی انعام تھا۔

پریم چند کے بیشتر افسانوں میں دلت کرداروں کی سماجی حیثیت نہایت ہی قابل مذمت ہے۔اس مضمون میں تین کہانیوں کے مرکزی دلت کرداروں کی کہانی بیان کی گئی ہے۔جن میں ابتدا میں تینوں کرداروں کی حیثیت ایک جیسی ہے لیکن کہانی کے اختتام تک آتے آتے ان تینوں کرداروں میں سے ایک کردار نتھوا کی قسمت بدل جاتی ہے۔وہ نتھوا سے نا۔را۔آچاریہ بن جاتا ہے۔جبکہ گورا اور دکھی آغاز سے انجام تک ہزار ہا مصیبتوں میں گھرے رہتے ہیں اور ان کے انتقال کے بعد ہی انھیں اس دنیاوی تکالیف سے نجات حاصل ہوتی ہے۔نتھوا اور گورا و دکھی میں محض ایک فرق واضح طور پر نظر آتا ہے اور یہ کہ نتھوا اپنے اندر قابلیت پیدا کرتا ہے وہ قسمت اور قدرتی طور پر حالات بدلنے کی فراق میں نہیں رہتا ہے۔وہ ہندوستان سے گانکی کا تعلیمی سفر شروع کرتا ہے اور مغربی ممالک سے گانکی کے نئے نئے ہنر سیکھتے ہوئے ہندوستان لوٹتا ہے۔اسی ہندوستانی سماج میں جہاں اس کی محض ایک چھوٹی سی غلطی کی وجہ سے کوڑوں کی بوچھار کا سامنا کرنا پڑا تھا۔آج وہ اسی سماج میں اپنی قابلیت کی بنا پر اسی کوٹھی میں ایک جمائی کی حیثیت سے داخل ہوتا ہے۔جب کہ گورا اور دکھی کے اپنی جان دینے کے بعد ہی سماجی دکھوں سے نجات فراہم ہوتی ہے۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ پریم چند نے نتھوا کے ذریعے کہیں نہ کہیں دلتوں کے لیے

ایک راہ ہموار کرنے کی کوشش ہے اور وہ ہے ان کی قابلیت۔ اگر دلت کرداروں کے اندر قابلیت پیدا ہو، خواہ وہ اعلیٰ تعلیم کے ذریعے ہو یا پھر کسی فنون لطیفہ کے ذریعہ۔ یہی وہ راہ نجات ہے جس سے دلتوں کی زندگی میں ایک اہم تبدیلی آسکتی ہے۔

حواشی

۱۔ رئیس، ڈاکٹر قمر۔ پریم چند کے نمائندہ افسانے۔ ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ۔ ۱۹۹۶

۲۔ رضا، ڈاکٹر جعفر۔ پریم چند: کہانی کار ہنما۔ رام نراین لال بینی مادھو، کٹرہ روڈ الہ آباد۔ ۱۹۶۹

۳۔ رئیس، ڈاکٹر قمر۔ پریم چند فکر و فن۔ پبلیکشنز ڈویژن، پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی۔ ۱۹۸۰

۴۔ گوپال، مدن (مرتبہ)۔ کلیات پریم چند جلد ۱۴، ۱۳، ۱۲، ۱۱، ۱۰، ۹۔ قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی۔ ۲۰۰۰

۵۔ انجینز، اصغر علی۔ پریم چند: حیات اور فن۔ این سی ای آر ٹی، نئی دہلی۔ ۱۹۸۱

۶۔ پریم چند۔ مانسرور۔ جلد ۱ تا ۸۔ آن لائن ہندی کوش (انٹرنیٹ آرکائیو)

☆☆☆

مصحفی کے قصائد نورالحسن نقوی کی نگاہ میں

ڈاکٹر محمد معین الدین

شعبۂ اردو،

ذاکر حسین دہلی کالج، دہلی یونی ورسٹی، دہلی

تلخیص: قصیدے کے حوالے سے عمومی تاثر یہی رہا ہے کہ یہ صنف محض مدح وستائش تک محدود رہی ہے۔ چونکہ بادشاہوں، نوابوں اور امراء کے اقتدار کا سورج غروب ہو چکا ہے، اس لیے قصیدے کو بھی اکثر ایک فراموش شدہ، از کارِ رفتہ اور غیر مربوط صنفِ سخن قرار دیا جاتا ہے۔ یوں ماضی میں "ام الاصناف" کہلانے والی یہ صنف کبھی 'قصہ پارینہ' تو کبھی 'بے وقت کی راگنی' سمجھ کر ادب کے حاشیے پر ڈال دی گئی۔ تاہم شمس الرحمٰن فاروقی اس سطحی اور محدود نقطۂ نظر کو چیلنج کرتے ہوئے قصیدے کی معنویت کو ایک نئے فکری افق سے دیکھنے کی دعوت دیتے ہیں۔ فاروقی کے نزدیک قصیدہ محض مدح کا آلہ نہیں بلکہ ایک ہمہ جہت ادبی اظہار کا وسیلہ ہے، جس میں خطیبانہ آہنگ، شعری تخیل، لسانی نزاکت، تہذیبی حوالہ جات، فکری گہرائی اور جذباتی ترفع جیسی خصوصیات بدرجہ اتم موجود ہیں۔ ان کا اصرار ہے کہ اگرچہ قصیدہ اپنی روایتی صورت میں معاصر دور میں شاذ و نادر ہی دکھائی دیتا ہے، تاہم اس کے اندر موجود ادبی و فنی امکانات آج بھی پوری تابناکی کے ساتھ زندہ ہیں۔ ان کے خیال میں قصیدہ آج بھی زبان و بیان کی تہذیب، شعری لطافت اور فنی شعور کی تفہیم کے لیے ایک اہم حوالہ ہے۔ اس طرح فاروقی کی فکری بصیرت قصیدے کو ماضی کی گرد سے نکال کر ایک زندہ اور فعّال صنف کے طور پر متعارف کرواتی ہے۔

اگر ہم شمس الرحمٰن فاروقی کے مذکورہ افکار کو نورالحسن نقوی جو مصحفی شناسی میں اہم مقام رکھتے ہیں اور مصحفی کے قصائد کو تاریخی، لسانی اور تہذیبی دستاویز قرار دیتے ہیں، کے زاویۂ نگاہ سے مربوط کرتے ہوئے قصائد مصحفی کو قومی تعلیمی پالیسی 2020 (جہاں ادبی ورثے کی بازیافت، ثقافتی آگہی، تخلیقی و تنقیدی صلاحیتوں کی تربیت، اور اخلاقی و جمالیاتی شعور کی آبیاری کی تلقین کی گئی ہے) کے تناظر میں دیکھیں تو یہ بات ابھر کر سامنے آتی ہے کہ مصحفی کے قصائد اپنے عہد کی نمائندہ آواز ہیں، جو اپنی تہذیبی نزاکت، جمالیاتی ذوق اور زبان و بیان کی سلاست کے باعث نئی نسل کے لیے فکری و لسانی تربیت کا بہترین ذریعہ فراہم کرتے ہیں۔ ان کے قصائد میں فصاحت و بلاغت، محاوراتی چابک دستی اور تہذیبی روایت کی گہری چھاپ ملتی ہے جو طلبہ کو زبان دانی اور تخلیقی اظہار میں مہارت بخشنے کے ساتھ ساتھ تنقیدی شعور کی تربیت بھی دیتی ہے۔ اگر تعلیمی نصاب میں ان قصائد کو شامل کیا جائے اور طلبہ کو ان میں پوشیدہ علامتی، فکری اور سماجی ابعاد کو سمجھنے کا موقع دیا جائے تو یہ نہ صرف ان کی علمی و ادبی تربیت میں معاون ہوں گے بلکہ انھیں اپنی ثقافت اور ادبی ورثے سے جوڑنے میں بھی مددگار ثابت ہوں گے۔ اس لحاظ سے مصحفی کے قصائد نہ صرف قصیدہ نگاری کی فنی عظمت کا مظہر ہیں بلکہ قومی تعلیمی پالیسی کے بنیادی اہداف کی تکمیل میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ قصائدِ مصحفی کو نورالحسن نقوی کے تنقیدی زاویۂ نگاہ سے دیکھنے سے اس امر کا ادراک ہوتا

ہے کہ ہمارا کلاسیکی ادبی سرمایہ بالخصوص صنف قصیدہ بصورت دیگر آج بھی نہ صرف زندہ ہے بلکہ ادبی، فکری اور جمالیاتی سطح پر مؤثر و متحرک ہے بشرطیکہ اسے معاصر تنقیدی اصول، جدید لسانیاتی رجحانات اور موجودہ تعلیمی تناظر میں دیکھا جائے۔

کلیدی الفاظ: دواوین، مؤلفین، مونو گراف، متحقق، بیّن، تفوّق، کثیر التصانیف، کثیر التلامذہ، کُلّی، اردوئے معلّیٰ، عوام النّاس، جزالت، علوِ خیال، بلند آہنگ، مشّاقی، معتدبہ، مترشح، طنطنہ و طمطراق، ممدوحین، حلول، مومنیت، مُصحفیّت، متمکّن، توصیفی تنقید، تنقیصی تنقید، انشائیہ تنقید، پیوند کاری، شگوفہ و گل کاری، ھل من مزید، جاذبہ، عنان، مبرّا، کڑوے نیم، عمرِ نوح، نصیبِ سکندر، رقابتی، عداوتی، شش جہاتی، پنج جہاتی، کدورت، تیغ برّاں۔

شیخ غلام ہمدانی مصحفی (متوفی 1240ھ/1824ء) کے کلیات، دواوین و انتخابات اور ان میں موجود تقاریظ و مقدمات نیز ان پر تحریر کئے گئے انفرادی مضامین و مقالات سے قطع نظر ان کے فن اور شخصیت کے تعلق سے چند مصنفین و مؤلفین اور ان کی باضابطہ کتابوں کا احاطہ کیا جائے تو ہماری نگاہ ابواللیث صدیقی اور ان کی تصنیف 'مصحفی اور ان کا کلام (1969ء)'، افسر صدیقی امروہوی اور ان کی کتاب 'مصحفی: حیات و کلام 1975ء)'، نورالحسن نقوی کا تیار کردہ مونو گراف '(ہندستانی ادب کے معمار) مصحفی' 1989ء) اور ان کا تحقیقی شاہکار 'مصحفی: حیات و شاعری (1998ء)' اور پروفیسر نذیر احمد اور ان کی مرتب کردہ کتاب 'شیخ غلام ہمدانی مصحفی: تحقیقی و تنقیدی جائزے (2005ء)' پر ٹھہرتی ہے۔ مذکورہ مصنفین میں چونکہ نورالحسن نقوی کی تحقیق مصحفی کی حیات و شاعری پر مرکوز رہی ہے، اس لئے یہ مضمون انہی کے زاویہ نگاہ پر مبنی ہے۔ مصحفی اٹھارہویں صدی کے ان عظیم شخصیات میں ہیں جن کی شعری و نثری خدمات نے اردو زبان و بیان، اردو روزمرہ و محاورات کی تشکیل ہی میں نہیں بلکہ اردو کو سادہ، سلیس، رواں اور ادبی زبان بنانے میں بھی بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ فارسی دواوین کے علاوہ اردو کے کل نو دواوین متحقق ہو چکے ہیں جن میں ایک مکمل دیوان محض قصیدوں پر مشتمل ہے جن کی کل تعداد چھیاسی ہے اور یہ قصائد بقول افسر صدیقی امروہوی چار ہزار سات سو بہتر اشعار[1] پر مشتمل ہیں۔ قصیدوں کی اتنی بڑی تعداد پوری اردو شاعری میں کہیں نہیں ملتی۔ یہ ان کی شاعرانہ عظمت اور قادرالکلامی کی بیّن دلیل ہے۔ تعداد کے اعتبار سے اگر مصحفی کو اردو کا سب سے بڑا قصیدہ نگار قرار دیا جائے تو شاید بے جا نہ ہوگا۔ مصحفی کو کئی اعتبار سے اپنے معاصرین پر تفوّق حاصل ہے۔ وہ جہاں کثیر التصانیف ہیں تو وہیں کثیر التلامذہ ہونے (افسر صدیقی امروہوی کے مطابق شاگردوں کی تعداد 133 ہے[2]) کا فخر بھی اُنہی کو حاصل ہے۔ ہمارے بیشتر محققین و ناقدین نے حسرت موہانی کی اس رائے سے کلی طور پر اتفاق کیا ہے کہ میرؔ و سوداؔ کے بعد متقدمین شعراء میں مصحفی کا ہم پلہ کوئی شاعر ہی نہیں۔ غور طلب امر یہ ہے کہ مصحفی جتنے بڑے شاعر تھے اتنی ہی تاخیر سے عوام الناس سے روشناس کرائے گئے۔ اس تاخیر کے اسباب تو کہیں نظر نہیں آتے تاہم اس تعلق سے حسرت موہانی کے اظہار کردہ کلماتِ افسوس جو لائی 1933ء میں 'اردوئے معلّی' میں کچھ یوں ملتے ہیں کہ " مصحفی کی استادی کو دیکھو اور پھر ان کی گمنامی کو، اعتراض ہوگا کہ مصحفی کی گمنامی کا دعوی غلط ہے۔ بندہ کہتا ہے کہ صرف نام کی شہرت کا قائل نہیں کہیں ان کا کلام چھپا ہو تو دکھاؤ"[3]۔ اسی سلسلے میں نورالحسن نقوی، نیاز فتحپوری کا یہ اقتباس نقل کرتے ہیں۔

> میری وابستگی کلام مصحفی و میر کے ساتھ مومن سے بھی پہلے کی ہے اور اس لیے اصلاً مجھے سب سے پہلے انہی دونوں کو لینا چاہیے تھا لیکن میر کو تو میں نے اس لیے ترک کر دیا کہ اس پر بہت کچھ لکھا جا چکا تھا مصحفی

کی طرف توجہ کرنے میں اس لیے تاخیر ہوئی کہ اس کا کلام ملتا نہیں اور وہ جو عام طور پر بازار میں میسر آتا تھا وہ اتنا اور ایسا نہ تھا کہ اسے سامنے رکھ کر کوئی فیصلہ کیا جاتا۔ صرف ایک نسخہ جس میں کلام مصحفی کا انتخاب رامپور میں کیا گیا تھا کہیں کہیں مل جاتا تھا لیکن وہ نہایت ناقص اور نامکمل تھا اور اسے دیکھ کر مصحفی کی شاعری پر حکم لگانا قرین انصاف نہ تھا۔ اس کے بعد جب حسرت موہانی نے غیر مطبوعہ کلام شائع کیا تو مصحفی کی شاعری کو سمجھنے کا کچھ موقع ملا لیکن چوں کہ اس کا پورا کلام سامنے نہ تھا اور جی چاہتا تھا کہ سب کا سب مطالعے میں آجائے اس لیے اور بھی تاخیر ہوتی رہی لیکن آٹھوں دیوان کہاں میسر آتے۔ اس لیے آخر کار یہی فیصلہ کیا گیا کہ مصحفی کا جتنا اور جیسا کلام مل سکتا ہے اسی پر قناعت کرنا چاہیے۔[4]

مذکورہ اقتباس سے پتہ چلتا ہے کہ ایک عرصے تک نظر انداز کیے جانے کے بعد مصحفی کی طرف توجہ مبذول کی گئی۔ ایسے میں مصحفی کے حوالے سے نورالحسن نقوی کی جملہ تحقیقیات کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے۔ اردو زبان وادب کی تاریخ میں مصحفی کی زود گوئی اور بسیار نویسی ہمیشہ موضوع بحث رہی ہے خواہ وہ ضرورت کے پیش نظر رہی ہو یا ان کی عین فطرت کا تقاضا رہا ہو۔ انھوں نے اپنے عہد کی مروجہ تمام اصناف سخن مثلاً غزل، مثنوی، رباعی، قطعات، سلام و مرثیہ وغیرہ پر طبع آزمائی کی تاہم شعری تخلیقات میں غزل کے بعد جس صنف نے مصحفی کو سب سے زیادہ اپنی طرف متوجہ کیا وہ قصیدہ ہے۔ بلاشبہ ہماری زبان میں قصیدے کے سب سے بڑے شاعر سودا ہیں جن کے کلیات میں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کل قصائد کی تعداد تقریباً پچپن تک پہونچتی ہے مگر نورالحسن کی تحقیق کے مطابق مصحفی نے مختلف ممدوحین کی شان میں کل چھیاسی قصیدے کہے ہیں۔ یہاں تک کہ انھوں نے سودا کے بعض مقبول قصائد کے جواب میں بھی متعدد قصیدے تحریر کیے ہیں۔ اس سے ان کی مشاقی اور پر گوئی کا محض ثبوت ہی نہیں ملتا بلکہ یہ بھی تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ اس صنف سخن کو انھوں نے ادبی و فنی سطح پر نہایت سلیقے اور پر وقار طریقے سے برتا ہے۔ اسی لیے نورالحسن نقوی نے اُنہیں اردو قصیدہ نگاری میں وہ مقام و مرتبہ عطا کر دیا جو سودا سے فقط ایک درجہ کم ہے۔

ممکن ہے یہ کہا جائے کہ مصحفی نے قصیدے معاشی ضرورت کے پیش نظر کہے۔ کیونکہ بادشاہوں، امیروں اور نوابوں کی مقرر کی ہوئی تنخواہیں اور ان کے عطا کردہ انعامات ہی اس زمانے میں شعرا کا اصل ذریعۂ معاش تھے۔ نورالحسن نقوی نے اس ممکنہ سوال کا سدِّباب کچھ یوں کیا ہے کہ مصحفی کے تقریباً ایک چوتھائی قصیدے صرف بزرگان دین کی شان میں کہے گئے ہیں جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قصیدہ نگاری سے ان کا مدعا محض حصول معاش ہی نہیں بلکہ ان کے شوق کی قلبی و روحانی تسکین بھی تھا۔ نورالحسن نقوی کا جواب اگر ہم تسلیم بھی کر لیں پھر بھی مصحفی کے یہاں قصائد کی تعداد ان کی پریشان حالی اور اقتصادی تنگ دستی کو ظاہر کرتی ہے۔ بہر حال قصائد کے اعداد و شمار شاعرانہ عظمت کی دلیل نہیں بلکہ فن کی کسوٹی پر کھرا اترنا ہی ان قصائد اور ان کے خالق کے معیار کو متعین کرتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ناقدین کے نزدیک قصیدہ گوئی میں سودا سے بڑھ کر کوئی دوسرا نہیں۔

گذشتہ سطور میں یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ اردو قصیدہ نگاروں میں سب سے زیادہ قصیدے مصحفی نے تخلیق کیے۔ نورالحسن نقوی کے مطابق ان میں سے بیشتر قصیدے ایسے ہیں جن میں آداب قصیدہ نگاری کا پورا لحاظ رکھا گیا ہے اور فن کی کسوٹی پر بھی مصحفی کے صرف یہی قصیدے کھرے اترتے ہیں۔ چونکہ وہ غزل میں دھیمی موسیقی اور نرم گفتاری کے قائل تھے، لہذا ان کی طبیعت کے لیے دشوار تھا کہ جزالت، دقت بیانی اور شان و شکوہ جیسی قصیدے کی بنیادی شرط کے ساتھ انصاف کر پاتے۔ شاید یہی وجہ رہی کہ ان کے قصائد بلند آہنگی، جوش و جذبے اور طنطنہ و طمطراق سے عاری نظر آتے ہیں لیکن اس

سے اتنا فائدہ ضرور ہوا کہ اردو قصیدے کو مصحفی نے دھیمی موسیقی اور نرم گفتاری کے ایک نئے لب و لہجے، رنگ و آہنگ اور نئی طرز ادا سے روشناس کرایا اور اسی صفت نے ان کے قصیدوں کو دیگر قصیدہ نگاروں سے مختلف بنا دیا۔ مصحفی کے قصیدوں میں نورالحسن نقوی نے مختلف رنگ و روپ کی نشاندہی کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

> حسب ضرورت کہیں وہ لمبی بحر کا انتخاب کرتے ہیں، کہیں چھوٹی بحر کا، کبھی لمبی ردیف اختیار کرتے ہیں تو کبھی صرف قافیے پر اکتفا کرتے ہیں۔ کسی قصیدے کی زبان سادہ و سلیس ہے تو کسی کی رنگین و پر تکلف۔ کہیں فارسی لفظوں اور ترکیبوں کی فراوانی ہے، کہیں ہندی کے شبدوں کا استعمال اور کہیں ان دونوں کی ہنر مندانہ پیوند کاری۔ مندرجہ ذیل قصیدے بطور ثبوت پیش کیے جا سکتے ہیں:

(۱) ہے یاں قلم فکر کی جاگیر ہوا پر

(۲) ہو چکا دور میر اور مرزا

(۳) شب دوشینہ رکھی میں نے پلک پر جو پلک

(۴) میں ایک رات جو تھا غم کے ساتھ ہم بستر

(۵) یمنی ہے لالہ رنگ تو پکھراج ڈھڈہا

(۶) لیتے خمیازہ جو اس گل کی گئی چولی چُس

(۷) تُلتا میں اس کے پلے میں ہوتا جو انوری

(۸) ہو کے آپس میں چہ روز اور چہ شب ساٹھوں ایک[5]

مذکورہ بالا اقتباس اور اس میں مذکورہ شعری مثالوں سے مصحفی کی سادہ و سلیس زبان، غزل کا سا طرز بیان اور مثنوی جیسی چھوٹی بحروں کا استعمال اور ان کے عام فہم اسلوب کا اندازہ ہوتا ہے۔ نورالحسن نقوی کا خیال ہے کہ مصحفی نے ساری زندگی غزل گوئی اور قصیدہ نگاری دونوں سے یکساں سروکار رکھا۔ چنانچہ غزل کی طرح قصیدے میں بھی ان کا قلم آخری سانس تک رواں دواں رہا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے یہاں غزل قصیدے میں اور قصیدہ غزل میں حلول کر گیا۔ بحیثیت فنکار اردو قصیدہ نگاری میں مصحفی کا مقام و مرتبہ اور بحیثیت قصیدہ گو قصیدہ کے فن اور اس کے لوازمات سے کس حد تک انھوں نے انصاف کیا ہے۔ نورالحسن نقوی نے ان ساری باتوں کا اپنی کتاب ''مصحفی: حیات و شاعری'' میں مفصل و مدلل جائزہ لیا ہے۔ اب ہم دیکھیں گے کہ قصیدہ کے عناصر ترکیبی کے حوالے سے نورالحسن نقوی نے مصحفی کو کیا مقام عطا کیا ہے۔ قصیدے کا پہلا رکن جسے تشبیب یا نسیب کہا جاتا ہے، جہاں کبھی شراب و شباب کی باتیں ہوتی ہیں تو کبھی پند و نصائح کی تو کبھی بہار و خزاں کی، بسا اوقات شاعر تعلّی کا اظہار کرتے ہوئے اپنی مدح آپ بھی کرتا ہے۔ نورالحسن نقوی تشبیب کے سلسلے میں لکھتے ہیں:

قصیدے کا یہ حصہ بہت پر کشش ہوتا ہے۔ عربوں نے اس حصے کو اتنا پسند کیا کہ شاعروں سے صرف تشبیب کہنے کی فرمایش کی گئی اور یہی حصہ قصیدے سے الگ ہو کر غزل کہلایا۔ شعرا تشبیب پر سب سے زیادہ توجہ صرف کرتے رہے ہیں، غالب کو اپنی تشبیب پر بڑا ناز تھا۔ سودا کی تشبیب بھی نہایت قابل توجہ ہوتی ہے۔ مصحفی بھی اس میدان میں اپنی زبان کے نامور شعرا سے پیچھے نہیں رہے۔[6]

اس میں کوئی دورائے نہیں کہ مصحفی کا ہنر تشبیب کے معاملے میں بام عروج پر نظر آتا ہے جس کا اساسی پہلو یہی ہے کہ مصحفی اصلاً غزل کے شاعر ہیں اور غزل میں جو خوبیاں مقصود ہوتی ہیں تشبیب بھی انہی کا تقاضا کرتی ہے اور تشبیب ہی تو قصیدے سے جدا ہو کر غزل کہلائی۔ لہٰذا غزل کے شاعر کی تشبیب سے فطری مناسبت لازمی امر ہے۔ مذکورہ اقتباس میں مصحفی کے تعلق سے تشبیب کے حوالے سے نورالحسن نقوی نے جو نکات اجاگر اور مترشح کیے ہیں اس سے اتفاق کرنا راقم السطور کی نگاہ میں درست ہے۔ کیونکہ نورالحسن کے مطابق مصحفی نے اساتذۂ متقدمین کے کلام اور بالخصوص فارسی شعرا کے قصائد کا بہ نظر غائر مطالعہ کیا تھا۔ اس لیے ان کی تشبیب نگاری میں ان کے پیش رووں کے علاوہ اساتذۂ فارسی کے اثرات جابجا نظر آتے ہیں اور ان کی تشبیب نگاری میں موضوعات کا تنوع دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ جن موضوعات کا انھوں نے انتخاب کیا ہے ان میں خودستائی، شاعروں کے ذاتی مسائل و مصائب، حریفوں پر وار، موسم بہار اور غم مفلسی کا بیان قابل ذکر ہے اور ان میں بھی مناظر بہار مصحفی کا پسندیدہ موضوع ہے۔ چنانچہ راقم کے نزدیک انہی ''مناظر بہار'' کے طفیل تشبیب اپنے اعلیٰ وارفع مقام پر متمکن نظر آتی ہے۔ جن حضرات نے نورالحسن نقوی کے علاوہ مصحفی کے قصائد کا عمیق مطالعہ کیا ہوگا اور ان قصائد کے بطون میں جھانکنے کی کوشش کی ہوگی تو وہ یقیناً مصحفی کی تشبیب پر ایمان بھی لائیں گے اور اس پر سر بھی دُھنیں گے۔

نورالحسن کے مطابق مصحفی رعایتوں اور مناسبتوں کے بادشاہ ہیں۔ مدحِ امام حسین میں انھوں نے جو قصیدہ کہا ہے اس کی تشبیب موسم بہار کی جیتی جاگتی تصویر ہے، اس میں خون حسین کی رعایت و مناسبت سے جو گل کاریاں کی گئی ہیں اردو میں اس طرح کی تشبیب کی مثال شاذ و نادر ہی ملتی ہے۔ نورالحسن نقوی نے مثالیں بھی پیش کی ہیں جن کی یہاں گنجائش نہیں۔ اس تشبیب کا تجزیہ انھوں نے کچھ یوں کیا ہے "خون حسین کی رعایت سے پھولوں کی لال لال ڈالیاں اور چمن کے لالہ رنگ پھول شاعر کی توجہ کا مرکز بنتے ہیں۔ خاک چمن بیابان کربلا کی یاد دلاتی ہے۔"[7] تشبیبوں کا جائزہ لینے کے بعد نورالحسن اس نتیجے پر پہونچتے ہیں کہ مصحفی نے تشبیب نگاری میں معنی آفرینی، مضمون بندی اور ندرت خیالی جیسی خصوصیات میں تنوع کا ثبوت دیا ہے۔ جا بجا ان کی علمیت اور مشاقی نظر آتی ہے اور یہ بات پایہ ثبوت کو پہونچ جاتی ہے کہ صنف قصیدہ میں بھی مصحفی کا رتبہ بہت بلند ہے اور معاصرین میں کوئی ان کا ثانی نہیں۔ البتہ پیش رو شعرا میں اگر کوئی ہمسر ہے تو وہ صرف سودا ہیں۔ تشبیب کے بعد گریز کی باری آتی ہے نورالحسن نقوی اس کی اہمیت بیان کرتے ہوئے مصحفی کی گریزوں کا جائزہ لیتے ہیں۔

اس میں کوئی دورائے نہیں کہ گریز کے لیے بڑی صلاحیت اور مشاقانہ مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔ دراصل یہ شاعر کے امتحان کا مقام ہوتا ہے کیونکہ اسے تشبیب سے مدح کو پیوست کرنے کے لیے ایسی تدبیر اختیار کرنی پڑتی ہے کہ دونوں کے بیچ کا جوڑ نظر نہ آئے اور ایسا محسوس ہو کہ شاعر نے یہ کام دانستہ نہیں کیا ہے بلکہ بات سے بات نکل آئی ہے۔ بقول نورالحسن نقوی دھاگے کے دوسروں کے درمیان دکھائی نہ دینے والی یہ گرہ جسے گریز کا نام دیا گیا ہے قصیدہ نگار سے مہارت اور غور و فکر دونوں کا مطالبہ کرتی ہے۔ میں اگر یوں کہا جائے کہ گریز، پیوندکاری میں شگوفہ و گل کاری کا نام ہے تو مبالغہ نہ ہوگا۔ مصحفی اس مرحلے سے بھی کامیابی و کامرانی کے ساتھ عہدہ برآ ہوتے نظر آتے ہیں۔ نورالحسن نقوی نے مثالیں پیش کر کے مصحفی

کی تشبیبوں اور گریزوں کی خوبیوں کو اجاگر کرنے کی کامیاب کوششیں کی ہیں لیکن وہ اس قدر اختصار کے درپے ہیں کہ ہمارا دل اور دماغ ھل من مزید؟ کا مطالبہ کرنے لگتا ہے لیکن ان تمام پہلوؤں سے قطع نظر نورالحسن نقوی کی اس بات کا اعتراف ضرور کرنا پڑے گا کہ ان کی تحقیقی بصیرت اور تنقیدی شعور سطحی نہیں ہے بلکہ انھوں نے مصحفی کی قصیدہ نگاری کو بہت گہرائی اور گیرائی سے سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ گریز کے بعد قصیدے کا اصل مدعا مدحِ ممدوح ہے۔ بالفاظ دیگر یوں کہہ لیا جائے کہ قصیدے کے تمام اجزاے ترکیبی یعنی تشبیب و گریز وغیرہ کا مقصد ہی یہی ہے کہ کسی ممدوح کی مدح کی جائے تاکہ اس کی تصویر اور کردار نیز عادات واطوار ہمارے سامنے متشکل ہو جائیں۔

نورالحسن نقوی قصائد مصحفی کا مطالعہ پیش کرتے ہوئے بڑی بے لاگ اور مبنی بر حقیقت رائے کا اظہار کرتے ہیں کہ قصیدے کا مدحیہ حصہ کسی بھی صورت میں نہ دروغ گوئی سے پاک ہو سکتا ہے نہ مبالغہ آرائی سے خالی۔ یہ وہ مقام ہے جہاں زمین وآسمان کے قلابے ملانا ہی شاعر کا کمال تصور کیا جاتا ہے اور اسی خوبی کی بنیاد پر اسے قادر الکلام شاعر مانا جاتا ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ قصیدے کا اندازِ بیان پر شکوہ، علو خیال، بلند آہنگ، دقت بینی اور طنطنہ و طمطراق جیسی خصوصیات کا حامل ہو۔ مصحفی اس شرط پر کھرے نہیں اتر پاتے کیوں کہ بقول نورالحسن نقوی ان کی شاعری کی خاصیت نرم گفتاری اور دل گدازی ہے۔ ان کے یہاں مبالغہ اور بلند آہنگی دونوں کی کمی نظر آتی ہے۔ مگر چونکہ عربی و فارسی پر انھیں مکمل عبور حاصل تھا اس لیے شان و شکوہ، طنطنہ و طمطراق اور مبالغہ و غلو جیسی خوبیوں کے نہ ہونے کے باوجود بھی اپنی زبان دانی کا بھرپور استعمال کرتے ہوئے مدح گوئی میں بھی خاطر خواہ کامیابی حاصل کر لیتے ہیں۔ مدح میں مبالغہ آرائی کی اہمیت کے سلسلے میں نورالحسن لکھتے ہیں:

> قصیدے کی دلکشی کا راز تشبیب و گریز میں پوشیدہ ہے لیکن اس صنف کا جزوِ اعظم تو مدح ہے۔ یہی قصیدہ نگاری کا مقصد و منشا ہے اور اس جزو کے تقاضے جداگانہ ہیں یہاں مبالغہ بلکہ غلو کا دور دورہ ہے۔ اس کے بغیر ممدوح کی تسلی نہیں ہوتی۔ میر حسن ایک دن سرِ دربار اپنی مثنوی سنا رہے تھے۔ نواب کی مدح سرائی کرتے ہوئے فرمایا کہ ایک دن میں سات سات دوشالے دیے تو شاعر کے ایک بدخواہ نے ٹوکا کہ حضور نے تو اس سے کہیں زیادہ دوشالے ایک ایک دن میں دیے۔ شاعری میں تو مبالغے سے کام لیا جاتا ہے، نہ یہ کہ اصل سے بھی کم بتایا جائے۔ بس مثنوی نواب کے دل سے اتر گئی۔ مطلب یہ کہ خواہ مولانا حالی کی پیشانی پر شکنیں پڑ جائیں مگر یہاں تو ایک کی جگہ ایک لاکھ کہنا پڑتا ہے۔ یہاں مبالغہ آرائی کی حکمرانی ہے۔ شاعر کتنا ہی خوش گو کیوں نہ ہو، اگر مبالغہ آرائی کا ملکہ نہیں تو مدح گوئی کا میدان اس پر تنگ ہو جاتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ نرم و نازک لہجے کی یہاں گنجائش نہیں مدح گوئی مطالبہ کرتی ہے گھن گرج، طمطراق، شان و شکوہ کا اور یہ سودا پر ختم ہے۔ مصحفی کے یہاں مبالغہ بھی کم ہے اور بلند آہنگی بھی۔[8]

مذکورہ اقتباس کے مطالعے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ دیگر ناقدین کی طرح نورالحسن نقوی کے نزدیک بھی مبالغہ قصیدے کے لیے لازمی امر ہے۔ انھوں نے حالی کی پیشانی پر شکنوں کی پروانہ کرتے ہوئے یہاں تک لکھ دیا کہ اگر مبالغہ آرائی کا ملکہ نہیں تو شاعر پر مدح گوئی کا میدان تنگ ہو جاتا ہے۔ ہاں ایک بات اور قابل توجہ ہے کہ ظہیر احمد صدیقی نے جس طرح مومن کو سودا سے بڑا قصیدہ گو قرار دے کر اپنی نری مومنیت کا ثبوت دیا ہے، نورالحسن نقوی کے یہاں اِس موقع پر اُسی طرح کی مُصحفیت نظر نہیں آتی ہے بلکہ اعتدال و توازن کے دامن کو بڑی مضبوطی سے تھامے ہوئے یہ کہتے نظر

آتے ہیں کہ مصحفی کے یہاں مبالغہ بھی کم ہے اور بلند آہنگی بھی بلکہ ان کی شاعری کی خصوصیت ہی نرم گفتاری ہے۔اسے عیب کہیے یا ہنر؟ بہر حال مصحفی کے قصیدے سودا کے قصیدوں سے مختلف ہیں۔ان تمام امور سے واضح ہوتا ہے کہ نورالحسن نقوی اصل میں نہ توصیفی تنقید کے قائل ہیں اور نہ تنقیصی تنقید کے بلکہ وہ تو ایک ایسے تنقیدی پل کی تعمیر کرتے ہیں کہ جس کے بار سے ادب خواہ مخواہ دب نہ جائے۔

مدح کے بعد نورالحسن نقوی نے قصیدے کے آخری رکن عرض مدعا اور دعا پر تفصیلی اظہار خیال کیا ہے۔اور قصائد مصحفی میں اس رکن کی نوعیت کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے۔عرض مدعا اور دعا یہ دونوں اصطلاحیں ایک ہی عنصر کہلاتی ہیں۔کیوں کہ شاعر دعائیہ کلمات کے ساتھ ہی اپنا مدعا بھی پیش کرتا ہے لیکن نورالحسن نقوی نے ان دونوں کو علیحدہ ذیلی عنوانات کے تحت بیان کیا ہے۔عرض مدعا کی تین صورتیں انھوں نے پیش کی ہیں اور ان تینوں کا اہتمام مصحفی کے قصیدوں میں ملتا ہے۔درج ذیل اقتباس دیکھیں:

> ارباب اختیار سے عرض مدعا کی تین صورتیں ممکن ہیں۔پہلی تو یہ کہ کچھ طلب ہی نہ کیا جائے۔ممدوح سے مدح کا حال کب چھپا رہتا ہے۔وہ خود جانتا ہے کہ قصیدہ نگار کی ضرورتیں کیا ہیں۔دوسری یہ کہ دست سوال دراز تو کیا جائے لیکن جو کچھ طلب کیا جائے وہ اشارے کنایے میں۔تیسری اور آخری یہ کہ قصیدہ نگار اپنا مدعا صاف صاف بیان کردے۔ مصحفی کے قصیدوں میں عرض مدعا کی یہ تینوں صورتیں موجود ہیں۔[9]

محولہ بالا اقتباس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ بہر حال قصیدے کا ایک واضح مقصد ہوتا ہے۔قصیدہ نگار مدح سرائی کرتا ہے تو اس کا صلہ بھی چاہتا ہے خواہ وہ مادی اور دنیوی منفعت ہو یا روحانی اور اُخروی۔نورالحسن نقوی کے مطابق سرورِ کائنات سے شفاعت کی درخواست کی جاسکتی ہے۔اپنے پیر و مرشد سے قربت کی تمنا کی جاسکتی ہے۔نورالحسن نقوی نے مصحفی کے ایک قصیدے میں ان کے پیر و مرشد سے ان کی قربت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کچھ یوں لکھا ہے کہ "مصحفی اپنے پیر مولانا فخرالدین کے اوصاف بیان کرنے کے بعد اس رنج و تعجب کا ذکر کرتے ہیں جو دہلی چھوڑنے اور لکھنؤ پہنچنے کے بعد ان پر گزر رہا ہے۔اور یہ کہ 'یہی جینا ہے تو جینے سے ایسے موت بہتر ہے' اور آخر میں اس تمنا کا اظہار کرتے ہیں کہ کاش حضرت کا جاذبہ انہیں دہلی کھینچ کر بلائے۔قصیدے کا خاتمہ اس مصرعے پر ہوتا ہے۔'عنان مصحفی کو اس طرف کھینچو تو بہتر ہے[10]"۔نورالحسن نقوی نے عرض مدعا کی مذکورہ تینوں صورتوں کو مصحفی کے قصیدوں سے عملی طور پر ثابت کیا ہے۔

نورالحسن نقوی کے مطابق مصحفی کا قصیدہ نمبر 54 خیالی رام کی مدح میں ہے۔وہ یہاں ممدوح سے کھلے لفظوں میں کچھ طلب نہیں کرتے بلکہ خود کلامی کے انداز میں کہتے ہیں کہ مصحفی اس در سے تیری آرزوئیں پوری ہوں گی ممدوح کو دعا دے اور قصیدہ ختم کردے۔شعر:

تمام یاں سے مقاصد تیرے برآویں گے	دعائے دولت و حشمت پہ کر قصیدہ تمام

میر زا جعفر کی مدح والے قصیدہ نمبر 37 میں مصحفی اپنا مدعا کنایاتی و اشاراتی انداز میں بیان کرتے ہیں۔دیکھیے یہ شعر:-

غرض اس بات سے یہ ہے کہ تو اے ابر کرم	برس اس طرح کہ دھوڈالوں میں خاطر سے غبار

نورالحسن نقوی نے عرض مدعا کی تیسری شکل کی مثال مصحفی کے قصیدے نمبر ۸۴ سے دی ہے جو کہ میر فضل علی کی مدح میں ہے۔ یہاں وہ اپنا مقصد واضح الفاظ میں بیان کرتے نظر آتے ہیں۔ مثالوں کی یہاں گنجائش نہیں۔ قصیدے کے آخری رکن کے پہلے جز ''عرض مدعا'' کے بعد اب ہم رکن اخیر کے جزو ثانی ''دعا'' کے سلسلے میں نورالحسن نقوی کی آراء پر نگاہ ڈالتے ہیں۔

حسبِ دستور تقریباً ہر قصیدہ دعائیہ کلمات پر ختم ہوتا ہے۔ عام طور پر قصیدہ نگاروں کا یہ بھی دستور رہا ہے کہ ممدوح اور اس کے بہی خواہوں کو دعا دینے کے ساتھ ساتھ مخالفین کو بد دعا بھی دیا کرتے ہیں۔ نورالحسن نقوی کے مطابق مصحفی اس روایت کا خاص اہتمام کرتے ہیں۔ ایک قصیدے میں انھوں نے سلیمان شکوہ اور اس کے خیر خواہوں کے حق میں دعا کرنے کے بعد بد خواہوں کو بد دعائیں بھی دی ہیں۔ نورالحسن نقوی مدحیہ حصے کی طرح دعائیہ حصے میں بھی مبالغہ کو لازمی قرار دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک مبالغے کے بغیر دعا کا تصور ہی نہیں۔ ان کے مطابق ممدوح جتنا حوصلہ مند، فراخ دل اور مدح گو کا مربی و محسن ہوگا تو دعائیہ کلمات بھی قصیدہ نگار کے دل سے اتنے ہی موثر انداز میں نکلیں گے، یہاں تک کہ قارئین بھی اس آخری جز سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ دعا میں مبالغے کے سلسلے میں نورالحسن نقوی لکھتے ہیں:۔

> مبالغے کے بغیر دعا کا تصور ممکن نہیں۔ غالب نے اپنے ممدوح کو ہزار برس سلامت رہنے کی دعا دی تھی اور وہ بھی اس مزید دعا کے ساتھ کہ ہر برس پچاس ہزار دنوں کا ہو۔ یہ بات کچھ شاعری تک ہی محدود نہیں۔ دعا نثر بلکہ بول چال کی زبان میں دی جائے تو بھی مبالغہ آرائی کے بغیر چارہ نہیں۔ بچپن میں بزرگ خواتین کی کڑوے نیم سے بھی بڑا ہونے کی دعا آج تک دل میں مٹھاس گھول دیتی ہے۔ عمر نوح اور نصیب سکندر کی دعا آج بھی عام ہے۔[11]

مذکورہ اقتباس میں نورالحسن نقوی نے کڑوے نیم، عمر نوح اور نصیب سکندر کی جو مثالیں پیش کی ہیں ان سے مصحفی کی مبالغہ آرائی کو تقویت پہنچتی ہے نیز ساتھ ہی ساتھ نورالحسن نقوی کی قصیدے کی تنقید کے حوالے سے دور بینی کا بھی پتہ چلتا ہے۔ ان مثالوں سے وہ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ مبالغہ آرائی کوئی عیب نہیں ہے بلکہ یہ ہماری روزمرہ کی زندگی میں بھی شامل ہے تو پھر صنف قصیدہ میں مبالغہ آرائی اور غلو پر کس قسم کا اعتراض؟ بلکہ یہ تو عوامی زبان کا بھی حسن ہے اور قصیدے میں تو سونے پر سہاگا۔ اصل میں قصیدے کے دعائیہ حصہ میں حسن و تاثیریت مبالغے کی بدولت پیدا ہوتی ہے۔ نورالحسن نقوی کے بقول مصحفی نے بھی قصیدے کی مجموعی فضا کو ذہن میں رکھتے ہوئے اس کے آخری جزو میں زیادہ سے زیادہ شعری وسائل کا سہارا لیا ہے جس سے ان کی دعائیں خاص طور پر دلکش اور موثر نظر آتی ہیں۔ قصیدے کے اجزائے ترکیبی سے متعلق نورالحسن نقوی کی بحث انہی دعائیہ کلمات پر اختتام کو پہنچتی ہے۔

مجموعی طور پر اس پوری بحث سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ قصائد مصحفی میں بعض خوبیوں مثلاً شوکت الفاظ، پر شکوہ لہجہ، بلند آہنگ تراکیب اور شان و طمطراق وغیرہ کے نہ ہونے کے باوجود بھی مصحفی، نورالحسن نقوی کے نزدیک ایک کامیاب قصیدہ نگار ٹھہرتے ہیں۔ کامیاب قرار دیے جانے کی وجہ شاید مصحفی کا جملہ اجزائے ترکیبی کو اعتدال و توازن کے ساتھ برتنا ہے۔ نیز نورالحسن نقوی نے مصحفی کی نرم و گداز گفتاری کو ان کی سب سے بڑی خوبی قرار دیا ہے جس نے انھیں دیگر قصیدہ نگاروں سے جدا اور منفرد کر دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ عمومی طور پر قصیدوں میں ممدوح، مدح اور ممدوح کے واقعات و

کارنامے جیسے موضوعات کے بیچ شاعر کی زندگی اور شخصیت دب کر رہ جاتی ہے لیکن مصحفی کے قصیدوں میں ممدوحین کے ساتھ ساتھ ان کی ذاتی زندگی اور شخصیت بھی صاف نظر آتی ہے۔اس تناظر میں اگر یوں کہہ دیا جائے کہ مصحفی کے قصیدے ان کی شخصیت کے بھی غماز ہیں تو غلط نہ ہوگا اور یہی شخصیت کی غمازی ان کا تشخص بھی اور اختصاص بھی۔

عام طور پر یہ مشہور ہے کہ مصحفی معاش کے لیے اپنا کلام فروخت کیا کرتے تھے، کبھی نظر ثانی کی ضرورت بھی محسوس نہیں کی، یہاں تک کہ بعض شعراء نے اپنا کلام مصحفی کے نام سے بھی شائع کر دیا۔انہی وجوہات کی بنیاد پر کہا جاتا ہے کہ بہ استثنائے دیوان قصائد ان کے دواوینِ غزلیات میں اچھے شعر کم نظر آتے ہیں۔نورالحسن نقوی نے بھی ان کی غزلیات کو شکوک وشبہات سے مبرّا قرار نہیں دیا مگر ان کے قصائد میں شکوک وشبہات کے امکانات سے انکار کرتے ہوئے یہ بتاتے ہیں کہ مصحفی نے اس صنف میں جو کچھ کہا وہ سب اپنی اصلی حالت میں یہاں موجود ہے۔لہذا اردو شاعری میں ان کے مقام ومرتبے کا تعین ان کے قصیدوں کے بغیر ممکن نہیں۔ مصحفی کی قصیدہ گوئی کے بعد اب ہم ان کی ہجو نگاری کے حوالے سے نورالحسن نقوی کی تنقید کا جائزہ لیں گے۔

نورالحسن نقوی کا خیال ہے کہ مصحفی نے عمر کے کسی بھی حصے میں ہجو گوئی کو اپنا شعار نہیں بنایا۔بد گوئی کو معیوب سمجھتے ہوئے ہمیشہ اس سے اپنا دامن بچایا۔نورالحسن نقوی کی یہ بات مان بھی لی جائے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سودا، انشا اور جرأت جیسے شعراء سے مصحفی کی جو رقابتی وعداوتی معرکہ آرائیاں رہی ہیں وہ ضرور بدرجہ مجبوری رہی ہوں گی۔شاید اسی لیے سودا کی شاعری سے متاثر ہونے کے باوجود سودا کے پسندیدہ شغل ''ہجو گوئی'' کو اپنا مشغلہ نہ بنا سکے۔معاصرین سے بارہا تکلیف پہونچنے کے باوجود مصحفی ان کے جواب میں سخت رویہ نہیں اپناتے بلکہ بڑے خفیف انداز اور مؤدب ومہذب لہجے میں اپنے دل کی بھڑاس نکالتے ہیں۔نورالحسن نقوی مصحفی کی اسی طبیعت وفطرت کے متعلق لکھتے ہیں:

> ہم عصروں سے بارہا انہیں تکلیف پہونچی۔ان کے خلاف سخت سست کہا بھی لیکن درپردہ۔۔۔'بعض'، 'کچھ'، 'چند' جیسے لفظوں کی نقاب ڈال کر۔۔۔دیوان قصائد اور غزلیات ہی میں نہیں بلکہ تذکروں میں چند شاعروں کے خلاف اظہار خیال کیا لیکن یہ ایک وقتی کیفیت تھی۔جلد ہی دل صاف بھی ہو گیا۔سودا کے خلاف بعض نازیبا کلمات نظم اور نثر دونوں میں ان کے قلم سے نکلے اور اس کا سبب سودا کی بے التفاتی تھی۔[12]

مذکورہ اقتباس میں جو چند چیزیں سامنے آتی ہیں ایک تو یہ کہ مصحفی کا انداز ہجو بھی نہایت خفیف اور مہذب ہوا کرتا تھا۔دوسرے یہ کہ ان کی ہجوؤں میں جو کچھ کہا جاتا تھا وہ وقتی کیفیت کا اظہار ہوتا تھا یعنی وقت کے ساتھ ساتھ دل کی یہ رنجش وکدورت دور ہو جایا کرتی تھی۔تیسری چیز یہ کہ ہجو گوئی کی پہل مصحفی نے کبھی نہیں کی بلکہ کبھی معاصرین کی عدم توجہی کے سبب جیسا کہ لکھنؤ میں سودا کی بے التفاتی کا معاملہ رہا، یا پھر انشا کی جانب سے چھیڑ چھاڑ کی پہل رہی۔نورالحسن نقوی کے مطابق اس چھیڑ چھاڑ کا سبب بھی انشا کی شوخی طبع کے سوا اور کچھ نہیں تھا، انشا اپنی طبیعت سے مجبور تھے۔بطور نتیجہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ مصحفی کا میلان طبع ہجو گوئی کی طرف نہیں تھا۔نورالحسن نقوی کے مطابق ہجو نگاری سے دامن بچانا ایک انسان کی شرافت وعظمت کا ثبوت بے شک ہو سکتا ہے لیکن صنف قصیدہ سے ہجو کو جدا کر دیا جائے تو قصیدے کی ایک جہت کم ہو جاتی ہے اور بات بالکل درست ہے کیونکہ قصیدہ کا اطلاق مدح اور ذم دونوں ہی پہلو پر ہوتا ہے۔بہر حال یہ بھی ممکن ہے کہ نورالحسن نقوی یہاں یہ کہنا چاہتے ہوں کہ مصحفی کی شش جہاتی شخصیت میں سے

ہجو نگاری کو اگر خارج کر دیا جائے تو محض پنج جہاتی شخصیت بن کر رہ جائے گی۔ نورالحسن کے مطابق مصحفی کی ہجو نگاری کا آغاز تعلّی سے ہوا۔ وہ کہتے ہیں اگر مصحفی اس صنف کی طرف باضابطہ توجہ کرتے تو ہجو گو شعرا میں بھی نمایاں مقام حاصل کر سکتے تھے۔ اس سلسلے میں وہ لکھتے ہیں:

> ہجویہ اشعار ان کے کلام میں کم ہیں مگر ان کے مطالعے سے اندازا ہوتا ہے کہ اس صنف کی طرف توجہ کرتے تو ہجو گو شعرا کی صف میں بھی نمایاں مقام حاصل کرتے۔ شہر آشوب دہلی اور قصیدہ تیغ براں میں انہوں نے معاصر شخصیات کو نہیں بلکہ اپنے عہد کی انسانی کمزوریوں کو نشانہ بنایا ہے۔ اعلیٰ درجے کی ہجو میں یہ خصوصیت ضروری ہے۔ قصیدے کے عنوان تیغ برّاں سے یہ گمان ہوتا ہے کہ اس زمانے کی معاشرتی خرابیوں کے خلاف انہوں نے تیغ بے نیام بلند کی ہوگی مگر وہ صرف ان کا سرسری بیان کر کے رہ جاتے ہیں۔[13]

مذکورہ اقتباس سے یہ وضاحت ہوتی ہے کہ مصحفی نے باضابطہ طور پر ہجویات کی طرف توجہ نہیں کی ورنہ ان کے دواوین میں ہجویہ اشعار کی بجائے مکمل قصائد یا ہجویہ نظمیں ضرور ہوتیں۔ ہاں اگر بدرجہ مجبوری ہجویں لکھیں بھی تو جہاں تک ممکن ہوا متانت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ مثلاً جب انشاء سے تکرار کی نوبت آہی پہونچی تب انھوں نے قلم اٹھایا اور سنجیدہ لہجے میں مع دلائل ان کے اعتراضات کے جواب دیے۔ بہر حال یہ بات اپنی جگہ درست ہے کہ مصحفی قصیدہ نگاری کی طرح ہجو نگاری میں کامیاب نہ ہو سکے۔ لیکن بقول نورالحسن نقوی "مصحفی نے اتنے بہت سے اور اتنے عمدہ قصیدے کہے ہیں کہ اعلی درجے کے دو قصیدہ نگاروں کے نام لیے جائیں تو ان میں سے ایک نام ضرور مصحفی کا ہوگا"۔[14]

اختتامیہ کے طور پر یہاں ایک اہم نکتے کا ذکر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قصیدہ ایک عرصے سے تنقید کی نظر میں مغضوب صنف رہی ہے۔ روایتی بیانیہ اسے صرف مدح وستائش تک محدود رکھ کر مردہ اصناف کے خانے میں رکھتا آیا ہے۔ یہ رویہ دراصل تنقیدی سہل نگاری کا نتیجہ ہے، جو صنفِ قصیدہ کی فنی، فکری اور تہذیبی جہات کا غیر منصفانہ تجزیہ پیش کرتا ہے۔ ایسے میں (ماہنامہ 'اردو دنیا'، جلد: 18، شمارہ: 5، (مئی 2017)، ص 85 پر شائع) شمس الرحمٰن فاروقی کا موقف ایک فکری مداخلت کے طور پر سامنے آتا ہے، جو قصیدے کی بازگشت کو محض ماضی کی بازگشت نہیں بلکہ حال کی ادبی گفتگو کا جزو قرار دیتا ہے۔

فاروقی اس روایت شکن زاویے سے قصیدے کی قرأت کے قائل ہیں، جس میں وہ اسے ایک زندہ اور ہمہ جہت صنف قرار دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک قصیدہ محض مدح سرائی نہیں بلکہ ایک ایسا بیانیہ ہے جو تہذیبی تحفظ، لسانی اظہار اور جذباتی بلند پروازی کا آئینہ دار ہے۔ وہ ان فکری جہات کو سامنے لاتے ہیں جنہیں روایتی تنقید اکثر نظر انداز کرتی رہی ہے۔ جیسے قصیدے کی خطیبانہ ساخت، اس کا علامتی نظام اور تہذیبی شعور کی بازآفرینی۔ فاروقی کا اصرار ہے کہ اگر قصیدے کو معاصر ادبی اصولوں کی روشنی میں پرکھا جائے تو یہ صنف نہ صرف معنوی امکانات سے بھرپور دکھائی دیتی ہے بلکہ زبان وبیان کے ارتقا میں بھی نمایاں کردار ادا کر سکتی ہے۔

اگر ہم اس تنقیدی زاویے کو قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تناظر میں پرکھیں تو ارود قصیدہ گوئی میں بالخصوص مصحفی کے قصائد کی معنویت اور بھی گہری ہو جاتی ہے۔ یہ پالیسی محض نصابی تبدیلی کا منصوبہ نہیں بلکہ ایک فکری منشور ہے جو ادب کو شخصیت سازی، اخلاقی تربیت، لسانی آگہی اور تنقیدی شعور کی بنیاد تسلیم کرتی ہے۔ ایسے میں مصحفی کے قصائد صرف ادبی متون نہیں، بلکہ وہ فکری متن بن جاتے ہیں جو طلبہ کو اپنے لسانی ورثے، تہذیبی شعور، اور

جمالیاتی ذوق سے روشناس کرا سکتے ہیں۔ مصحفی کے قصائد اردو کے کلاسیکی شعری سرمائے میں ایک خاص مقام رکھتے ہیں، لیکن ان کی معنویت محض جمالیاتی نہیں بلکہ تہذیبی و فکری بھی ہے۔ ان کے ہاں جو تہذیبی قرینہ، وضع داری اور سماجی مشاہدہ ملتا ہے، وہ قصیدے کو محض درباری مدح سے بلند کر کے ایک فکری بیانیے میں ڈھال دیتا ہے۔ ان کا شعری لہجہ محاوراتی فصاحت، سلیس تراکیب و علائم سے مزین ہے، جو تنقیدی مطالعے کے وسیع امکانات فراہم کرتا ہے۔ یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ مصحفی کے قصائد میں مدح کے پردے میں جو تہذیبی منظر نامہ ابھرتا ہے، وہ نئی نسل کے لیے محض ماضی کا نوحہ نہیں بلکہ اپنے حال کی تفہیم کا وسیلہ بن سکتا ہے۔ اگر ان قصائد کو تعلیمی سطح پر محض تاریخی نمونے سمجھ کر پڑھانے کے بجائے، تنقیدی شعور کی تربیت کے لیے استعمال کیا جائے تو طلبہ زبان و ادب کی پیچیدگیوں کو بہتر انداز میں سمجھ سکتے ہیں۔ مصحفی کے ہاں جو علامتی اظہار، بین السطور طنز، اور سماجی اشارات پائے جاتے ہیں، وہ قصیدے کو ایک بامعنی، فکری اور تنقیدی صنف کے طور پر زندہ رکھتے ہیں۔ فاروقی کے مذکورہ خیالات اور نورالحسن نقوی کے نظریات میں کوئی تعارض نہیں۔

حاصل بحث یہ کہ نورالحسن نقوی مصحفی کے قصائد کو محض روایتی مدح سرائی کے بجائے تہذیبی دستاویز کے طور پر دیکھا ہے۔ اُن کے نزدیک مصحفی کے ہاں قصیدہ ایک فکری و تہذیبی بیانیہ بن کر ابھرتا ہے، جس میں صرف درباری رسم و رواج کی جھلک نہیں، بلکہ اُس دور کی سماجی، لسانی اور ثقافتی کیفیات کا عکس بھی موجود ہے۔ ان کی تنقید نہ صرف قصیدے کی ہیئت، موضوعات اور فکری پہلوؤں کی تفہیم میں مدد کرتی ہے بلکہ وہ اس صنف کے ارتقائی سفر کو بھی ایک نئے زاویے سے دیکھنے کا شعور عطا کرتی ہے۔ نتیجتاً، یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اردو قصیدہ بالعموم اور قصائد مصحفی بالخصوص، ماضی کی صدائے بازگشت نہیں بلکہ ایک ایسا ادبی و فکری مظہر ہیں جو قومی تعلیمی پالیسی کے بنیادی اہداف یعنی ادبی شعور، تہذیبی آگہی، تنقیدی بصیرت اور لسانی بالیدگی کو تقویت بخشنے کا اہم وسیلہ بن سکتے ہیں۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ ہم قصیدے کو نئے زاویے سے دیکھنے اور پڑھنے کا حوصلہ پیدا کریں۔ قصیدے کے حوالے سے نورالحسن نقوی کے انداز نقد کی بات کریں، تو ان کا انداز تنقید غیر متعصبانہ اور محققانہ ضرور ہے مگر تنقید کے بجائے تبصراتی انداز غالب ہے۔ زبان و اسلوب کی بات کریں تو آل احمد سرور جیسی عام فہم، سادہ اور سلیس زبان ضرور ہے مگر ان کی طرح افسانوی رنگین بیانی نہیں یعنی کہ انھوں نے تنقید کو انشائیہ تنقید نہیں بنایا۔ کیونکہ آل احمد سرور کی زیادہ تر تنقیدی تحریروں میں یہ حسن یا نقص نظر آتا ہے۔ غرض یہ کہ نورالحسن نقوی کے یہاں ناقدانہ رویہ کم سہی مگر تنقیدی شعور ضرور دیکھنے کو ملتا ہے۔

حواشی و حوالے:

1. افسر صدیقی امروہوی، مصحفی حیات و کلام، مکتبہ نیا دور، کراچی، 1975، ص 151۔
2. ایضاً، ص 178۔
3. بحوالہ نورالحسن نقوی، ہندوستانی ادب کے معمار مصحفی، ساہتیہ اکادمی، نئی دہلی، 1889، ص 7۔
4. ایضاً، ص 8۔
5. نورالحسن نقوی، مصحفی: حیات و شاعری، مجلس ترقی ادب، لاہور، 1998، ص ص 111-110۔
6. نورالحسن نقوی، ہندوستانی ادب کے معمار مصحفی، ساہتیہ اکادمی، نئی دہلی، 1889، ص 89۔
7. نورالحسن نقوی، مصحفی: حیات و شاعری، مجلس ترقی ادب، لاہور، 1998، ص 112۔

8. ایضاً، ص ص113-114۔
9. ایضاً، ص115۔
10. ایضاً، ص115۔
11. ایضاً، ص116۔
12. ایضاً، ص118۔
13. نورالحسن نقوی، مصحفی کی ہجو گوئی، مشمولہ 'غالب نامہ' جلد:26، شمارہ:(جنوری2005)، ص169۔
14. نورالحسن نقوی، مصحفی: حیات و شاعری، مجلس ترقی ادب، لاہور، 1998، ص118۔

☆☆☆

تاریخ ادب اردو اور افسانہ نگاری

ڈاکٹر خوشنما علی

اسسٹینٹ پروفیسر، شعبہ اردو

دیانند گرلز پوسٹ گریجوئٹ کالج

سول لائنس، کانپور

کہتے ہیں کہ ادب اپنے سماج کا آئینہ ہوتا ہے اور ہمیں کسی بھی عہد کی تہذیب و تمدن کی معلومات حاصل کرنی ہو تو ہمیں اس دور کے ادب پر نظر ثانی کرنی چاہئے۔ جس طرح ادب اپنے عہد کی عکاسی کرتا ہے اسی طرح ادبی رسائل و جرائد اپنے عہد کے تخلیقی سفر کے اہم و مخصوص دستاویز ہوتے ہیں جو کہیں نہ کہیں ادبی تخلیقات کو ایک پیرائے میں پرونے کا کام سرانجام دیتے ہیں۔ جہاں وہ ایک طرف کسی قلم کار کی غیر مطبوعہ تحریروں کی اشاعت کر کے عوام الناس تک ان تخلیقات کے رسائی کا ذریعہ بنتے ہیں تو دوسری طرف مورخین، طالب علم اور ریسرچ سکالرز کے لئے ایسا مواد فراہم کرتے ہیں جو انکی تحقیق میں براہ راست کارآمد و مفید ثابت ہوتا ہے۔ یہ ادبی رسائل ہی ہیں جن سے ہم کسی عہد کے ادبی رجحانات و میلانات کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ بقول ڈاکٹر اوج کمال:

"ادب ایک شعوری عمل ہے جس میں آمد اور آورد کو بڑا دخل ہے۔ اخبار میں شائع ہونے والی بے شمار خبروں کا تعلق محض اطلاع بہم پہنچانے تک ہے جس میں صحافت کبھی مشن کا درجہ اختیار کر لیتی ہے تو کبھی پیشے کا، لیکن ادب کا براہ راست تعلق قوتوں سے ہے جس کے اظہار کے لئے ادبی رسائل ایک ذریعہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ادیب سماج میں پھیلے ہوئے بے شمار مسائل سے نظر نہیں چرا سکتا خواہ وہ سیاست کے موضوعات ہو یا مذہب و معاشرت اور اقتصادیات کے۔ وہ حساس موضوعات کو شاعری، ناول، افسانے، کہانیوں کے پیکر میں ڈھال کر اس کی ایسی تصویر کشی کرتا ہے کہ قاری ایک کیفیت سے دوچار ہو جاتا ہے اور اس کا تاثر سماج میں تبدیلی کا باعث بنتا ہے۔"(۱)

اردو زبان وادب کے ارتقاء میں ادبی و تحقیقی مجلہ نے ہمیشہ ایک کلیدی رول ادا کیا ہے۔ادبی رسائل کی رسائی عوام تک ہوتی ہے اور ان کا موثر انداز عوام کے زہن پر نقش کرتا ہے۔اردو زبان میں ادبی مجلات کے ابتدائی نقوش ہمیں ۱۹ویں صدی کی دوسری دہائی میں شائع ہونے والے اخبارات ورسائل میں ملتے ہیں جن میں سر فہرست کلکتہ سے شائع ہونے والا "جام جم "(۱۸۲۲ء)،اس کے بعد دہلی سے شائع ہونے وال شمالی ہند کا پہلا اخبار "دہلی اردو اخبار "(۱۸۳۶ء) ہے۔ لکھنؤ سے شائع ہونے وال رسلہ "اودھ پنچ،اودھ اخبار،لاہور سے شائع ہونے والا رسالہ "مخزن، نقوش،ادب لطیف وغیرہ،ان کے علاوہ رسالہ "دلگداز،زمانہ،ہنس، الاخلاق، سوغات، وغیرہ شامل ہیں اس دور میں شائع ہونے والے اور بھی ادبی رسائل ہیں جن کی فہرست الہلال،البلاغ، تہذی بہت طویل ہے اور ہر ایک کا ذکر نہیں کیا جاسکتا لیکن ان رسائل کی ادبی خدمات کو نظر انداز بھی نہیں کیا جاسکتا اس دور میں شائع ہونے والے تمام اخبارات وادبی رسائل نے اپنے فرائض کو بہت ہی ذمہ داری سے سرانجام دیا ہے جو نا قابل فراموش ہے۔ جس روایت کی داغ بیل ہمارے اسلاف نے ڈالی تھی اس روایت کی پاسبانی دور حاضر میں بھی ہمارے ادبی رہنما اس ہی ذمہ داری سے سرانجام دے رہے ہیں۔ان رسائل میں "شاعر، نیادور،ادبی نشیمن، فکر و نظر، فکر و تحقیق، تہذیب الاخلاق،اردو دنیا،ایوان غزل،مژگاں،آج کل "وغیرہ سر فہرست ہے یہ ادبی جرائد سرکاری تعاون سے ہندوستان کے مختلف شہروں سے مسلسل ادبی خدمات سرانجام دے رہے ہیں،کچھ ایسے رسائل بھی ہیں جو کسی فرد کی ذاتی کوششوں اور ذوق ادب کے زیر سبب منظر عام پر قاری کے دل پر دستک دے رہے ہیں ایسے رسایل کی فہرست بھی بہت طویل ہے ہر ایک کا ذکر اس مقالے میں نہیں کیا جاسکتا لیکن چند مشہور و معروف رسائل کے نام کچھ اس طرح ہیں، "کاوش،ادبستان موٴ،اردو ورثہ،دستک، کوہ مارہ، گلوبل وادئ سخن،اور تاریخ ادب اردو وغیرہ۔ یہ رسائل وانکے مدیران نے نہ صرف اردو ادب کو فروغ دینے میں اپنا اہم کردار ادا کیا ہے بلکہ ان نئے مہیا کرایا جن کی رسائی عوام تک ہے۔platform تخلیق کاروں کو ایک عالمی

شہر دہلی کی تاریخی سرزمین آج سے نہیں بلکہ زمانۂ قدیم سے ہی اردو شعر وادب کا مرکز رہا ہے اور نہ صرف اردو شعر وادب کو فروغ دینے میں اس سرزمین نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ دہلی شہر ہمیشہ سے اردو ادب کے پودے کو پروان چڑھانے میں ایک مالی کی طرح اپنی خدمات سرانجام دیتا رہا جو کسی شجر کو اس وقت تک اپنی محنت نما آب سے سینچتا رہتا ہے جب تک وہ ناتواں پودھا ایک مضبوط اور لہلہاتے شجر میں نہ تبدیل ہو جائے۔"تاریخ ادب اردو سرزمین دہلی سے شائع ہونے والا ایک سہ ماہی ادبی مجلہ ہے جو پروفیسر یحییٰ محمد صبا اور ارتضیٰ کریم کی زیر نگرانی میں ۲۰۱۹ء سے مسلسل شائع ہو رہا ہے، بہت ہی کم وقت میں اس رسالہ نے نہ صرف ہندوستان میں بلکہ بین الاقوامی سطح پر ایک منفرد شناخت قایم کی ہے۔تاریخ ادب اردو کا عالمی سطح پر ادبی تنقید، و نئی نئی تحقیق کے متعلق نظریات ورجحانات پر مشتمل معیاری ادب کو شائع کرنا اولیں مقصد ہے،اسی کے ساتھ نئے قلم کاروں کی غیر مطبوعہ تحریروں کو بھی شائع کر کے دور حاضر کے ادب کو فروغ دینا اور ساتھ ہی ساتھ اس ادب کو قارین تک

پہنچانہ اس کے مقاصد میں شامل ہے۔تاریخ ادب اردو نہ صرف اپنے قارین کو معیاری ادب سے لطف اندوز کر رہا ہے بلکہ ہمہ وقت کے عصری تقاضوں کو بھی بخوبی پورا کر رہا ہے۔رسالہ تاریخ ادب اردو کا ہر ایک رسالہ ایک اہم نسخہ ہے جو نہ صرف ہمہ وقت کے محققین کو اپنی تحقیق میں مدد دیتا ہے بلکہ آنے والے وقت میں بھی یہ بے حد مددگار و معاون ثابت ہونگے۔بقول عابد رضا بیدار:

"ایک رسالہ کا مقصد ہر قسم کے علمی، اخلاقی، تاریخی، فلسفی اور تمدنی و خوبی مضامین اور (۲) عمدہ کتابوں پر ریویو شائع کرنا ہے۔"

جیسا کے عابد رضا صاحب نے کہا ہے کہ ایک ادبی مجلہ ہر قسم کے موضوعات کی اشاعت کرتا ہے رسالہ تاریخ ادب اردو اس قول کی پاسبانی مکمل طور سے کرتا ہوا نظر آتا ہے۔تاریخ ادب اردو میں ہر قسم کے علوم و فنون پر محیط مضامین شائع کئے جاتے ہیں، جو نہ صرف معیاری ادبی معلومات فراہم کراتے ہیں اور مستند حوالہ جات پر مبنی ہوتے ہیں، جو اپنے قارین کو ادبی دنیا خصوصا اردو زبان و ادب کی ہمہ وقت کی تبدیلیوں اور بدلتے ہوئے نئے رجحانات سے ہمکنار کراتا ہے۔اس رسالہ کے ذریعہ نئی سوچ و فکر اور نئے نئے تجربات کو فروغ ملا ساتھ ہی ساتھ ان ادبی تحقیقات کو ترجیح دی گئی جو حالات حاضرہ کے روزمرہ کے مسائل کو موضوع بحث لا رہے تھے۔تاریخ ادب اردو میں شائع ہونے والے مضامین نہ صرف نوع انسانی کے مسائل کو اپنی عمیق تحقیق سے اجاگر کرتے ہیں بلکہ رنگ آمیز تخلیقات کو جاذب نظر اور ادبی آہنگ بھی بخشنے کا کام سرانجام دے رہے ہیں۔جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ اخبارات و رسائل اپنے عہد کے احوال، تہذیب و تمدن اور معاشرے کی حقیقی تصویر اور تاریخ ہوتے ہیں، یہ نہ سرف ادبی حیثیت کے حامل ہوتے ہیں بلکہ ان کی تاریخی اہمیت بھی ہوتی ہے اسی ضمن میں ڈاکٹر روشن آرا راؤ لکھتی ہیں:

"مجلاتی صحافت حالات و واقعات اور نظریات کی بنیاد پر زندگی کے مختلف پہلوؤں کو پیش کرتی ہے۔سوچ کے خوبصورت دھاروں کو خوبصورت لفظوں میں ڈھال کر مجلات کی زینت بنا دیا جاتا ہے۔وہ کبھی نثری شہ پاروں کا روپ دھار لیتے ہیں اور کبھی نظم کے پیرائے میں ڈھل کر ماضی حال اور مستقبل کو سمیٹ لیتے ہیں۔جریدہ قارین کی تربیت کے فرائض بھی انجام دیتا ہے۔واقعات کے پس منظر اور پیش منظر سے بھی آشنا کرتا ہے۔تفریح فراہم کرنا بھی اس کے مقصد میں شامل ہے۔کیونکہ

ہفت روزہ، پندرہ روزہ، یا ماہوار رسالوں کے پاس حالات وواقعات کا تجزیہ کرنے

اور ان کے اثرات کو ضبط تحریر میں لانے کے لئے وقت بھی ہوتا ہے، پیرایہ بیان بھی

(۳)"اور اسلوب بھی۔

ادبی رسائل ہمیشہ سے مختلف اصناف کو فروغ دینے میں معاون اور کار آمد ثابت ہوئے ہیں رسالہ تاریخ ادب اردو کے ذریعہ ان نئے قلم کاروں اور انکی تخلیقات کو معیاری قارین مل رہے ہیں جو نہ صرف اردو ادب کے شیدائی ہیں بلکہ شعر وادب پر اچھی گرفت بھی رکھتے ہیں جو اپنی تنقیدی رائے سے انکی تخلیقات کا تجزیہ بھی کرتے ہیں جس سے ان قلم کارون کی حوصلہ افزائی ہوتی اور انہیں motivation اور بہتر لکھنے کے لئے ملتا ہے۔

تاریخ ہندوستان کے اوراق کو ہم پلٹتے ہوئے جب اس دور کو دیکھتے ہیں جس عہد میں ہندوستان کو ۲۰۰ سال کی غلامی کے بعد آزادی ملی تھی اس وقت بھی اردو ادب کے قلم کاروں نے جو کچھ بھی دیکھا و برتا وہ سب اپنی تحریروں میں قلم بند کر قاری کے سامنے پیش کر دیا چاہے وہ تقسیم ہندوستان کی روداد ہو یا پھر اس تقسیم سے رونما ہونے والے فرقہ وارانہ ومذہبی فسادات ہو، یا کوئی سیاسی داؤ پیچ کے مسائل ہو۔ مختصر کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ایک حساس قلم کار خواہ وہ افسانہ نگار ہو، ناول نگار ہو یا کوئی شاعر، وہ جو کچھ بھی اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے، محسوس کرتا ہے اس کی ہو بہو تصویر کشی اپنی تحریروں میں کرتا ہے اور معاشرے کے سامنے پیش کرتا ہے۔ عصر حاضر کے قلم کار بھی اپنی

تحریروں میں ایسے موضوعات کو جگہ دے رہے ہیں جو بدلتے وقت کے سیاسی داؤ پیچ، مذہب وفرقہ کے نام ہونے والے ظلم وجبر وفسادات، معاشیعات، سے جڑے ہوئے ہیں۔ آج کا ادیب بے باکی سے اپنے قلم کی چابق نما ضرب سے معاشرے میں ہو رہے ظلم وبربریت، انتہاپسندی، مذہبی تفکرات جیسے موضوعات پر ضرب لگا رہا ہے۔ یہ ادیب نہ تو ماضی کے نہاں خانوں میں جائے پناہ تلاش کرتے ہیں اور نہ تاریخ کے اوراق کو پلٹتے ہیں بلکہ حالات حاضرہ پر بات کرتے ہے اور ان حالات کی حقیقی انداز میں ترجمانی کرتے ہیں، یہ کسی خاص تحریک کے مقلد نہ ہو کر حقیقت پسندی کو ترجیح دیتے ہیں اور اس ہی رجحان نے علامتی پیرائے اظہار کو بھی فروغ دیا ہے۔ خوف، تشکیک، تنہائیکی کیفیت آج کے انسانوں کا مقدر بن چکی ہے، گزشتہ چند سالوں پر نظر ثانی کریں تو ہم دیکھتے ہیں کہ ملک میں ایک عجب سی بے چینی، کرب واضطراب کا عالم ہے، ۲۰۲۰ء میں جہاں ساری دنیا کرونا جیسی وبا کی ضد میں آئی اور اس کی وجہ سے لاکھوں افراد اپنی زندگی کھو بیٹھے، نہ جانے کتنے افراد اپنی زندگی کو سڑکوں پر، تنگ حالی، بے بسی، بے چارگی کے عالم میں گزارنے کو مجبور ہو گئے۔ بیشتر افراد کو نہ سہی علاج میسر ہوا اور نہ مرنے والوں کو دو گز زمین یا چتا نصیب ہوئی۔ انسان نے شاید کبھی خود کو اتنا بے بس اور محکوم نہ محسوس کیا ہو گا جو کرونا اور لاک ڈاؤن اور اس رونما ہونے والے حالات نے کرا دیا۔ یہ وہ دور تھا جہاں ساری دنیا کا نظام درہم برہم ہو چکا تھا وہی رسالہ "تاریخ ادب اردو" ایسے مشکل وقت میں بھی اپنی خدمات سرانجام دے رہا تھا۔ اس رسالے نے اردو زبان وادب کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، سماجی اصلاح

کرنے، علمی سوچ و فکر کو فروغ دینے و عوام میں علمی وادبی ذوق پیدا کرنے کی سعی کی اور ادبی حلقوں میں سر گرمی پیدا کی اور اپنے جدید رجحانات کے ذریعہ عوام میں ایک خاص مقام بنانے میں بہت ہی مختصر سے عرصہ میں کامیابی حاصل کی۔ کسی بھی ادبی مجلہ کی کامیابی کا دار و مدار اس کے نگراں و مدیر کی محنت کے ساتھ ساتھ اس میں شائع ہونے والے مضامین، اور ادب پر بھی ہوتا ہے۔ رسالہ "تاریخ ادب اردو" اپنے پہلے شمارے کی اشاعت کے وقت سے ہی صنف افسانہ کے فروغ میں پیش پیش رہا ہے۔ پہلا شمارہ، (اپریل سے جون ۲۰۱۹) جس میں کل دو افسانے شائع ہوئے تھے جن کا عنوان "تلخ از ذبیح اللہ ذبیح، و بھوک از محمد رضی صدیقی" تھا۔ یہ دونوں ہی افسانے حالات حاضرہ کے حقیقی مسائل کی بخوبی ترجمانی کرتے ہیں۔ جہاں افسانہ "تلخ" میں افسانہ نگار نے عورتوں کے ساتھ مردانہ سماج کی طرف سے ہونے والے جنسی استحصال کی طرف اشارہ کرتے ہوئے دور حاضر کی نسائی قوم کو ایک پیغام دیا ہے کہ مزاج کی تلخی اگر آپکو معاشرے میں کھلے گھوم رہے حیوان نما انسانوں سے تحفظ دیتا ہے تو اپنے مزاج کو تلخ کر لے،، آج کی عورتوں کو اپنے مزاج میں چاند کی چاندنی جیسی ٹھنڈک نہ لا کر سورج کی دہکتی ہوئی لپٹوں جیسی تپش لانی چاہیئے۔ وہی اس شمارے کا دوسرا افسانہ آج کی جدید سوچ و فکر رکھنے والے انسانوں ہو چکا ہے جیسے کسی کے مرنے یا جینے سے کوئی فرق نہیں پڑتا نہ ان میں practical بناتے بناتے اتنا modern کی کہانی بیان کرتا ہے جو خود کو ہمدردی، محبت، انسیت جیسے جذبات رہ گئے ہیں اور نہ ہی یہ ماضی کی یادوں کو اپنے سینوں کی ڈائری میں سنجوتے ہے۔ جس طرح یہ دور مشینی دور بن گیا وہ ان سب کیفیات سے emotions ہے نہ feelings کرنے لگا ہے جس میں نہ react ہے ویسے ہی اس دور کا انسان بھی مشین کی ترح ہی کوسوں دور جا چکا ہے۔ اسی طرح تاریخ ادب اردو کے دیگر شماروں میں جو افسانے شائع ہوئے ان میں "ہیڈ کوارٹر بنام لاک داؤن، محبت بنام لاکڈاؤن، از ڈاکٹر شیریں فاطمہ "ایسے افسانے ہے جو کرونا جیس

دیا تھا اور اس وبائی دور سے رونما حالات کے پس منظر میں لکھے گئے۔ جس طرح اچانک لاکڈاؤن کے اعلان نے پورے ملک کے سماجی و معاشی نظام کو کر لاکداؤن کے جو منفی اثرات ملک پر پڑے ان سب واقعات کی ترجمانی ہمیں ان افسانوں میں ملتی ہے۔ ان افسانوں freeze کے علاوہ جو دیگر افسانے منظر عام پر آئے ان میں "گیہوں کے دانے، میاں، منت ٹیلرس (ترجمہ)، سیوئیوں کی مٹھاس (ترجمہ)، مکر، غلطی" وغیرہ جیسے مقبول اور قابل ستائش افسانے شامل ہیں۔ ان افسانوں کے علاوہ صنف افسانہ کے ضمن میں تنقیدی مضامین بھی شامل ہیں جو قابل ذکر ہیں، "راجستھان کے اہم افسانہ نگار از مختار ٹونکی, آزادی سے قبل اجمیر میں اردو افسانہ از چھوٹو لال، علامتی افسانے کا عروج اور سریندر پرکاش۔ ل. احمد کی افسانوی نثر" وغیرہ جیسے مضامین شامل ہیں۔ ان تنقیدی بھی رسالہ platform مضامین کے ذریعہ عصر حاضر کے نئے قلم کاروں کو نہ صرف فروغ ملا بلکہ ان کی تخلیقات کو ایک عالمی تاریخ ادب اردو نے عطا کیا اسی کے ساتھ تاریخ ادب اردو، اردو افسانہ نگاری کے فروغ میں اپنا اہم کردار نبھا رہا ہے۔ اس ادبی مجلہ کے زیر سبب قارین کو بھی نئی سوچ و فکر کے ادب کو پڑھنے کا موقع فراہم ہو رہا ہے اور اردو ادب کے مختلف حلقوں میں ان نئے قلم کاروں و ادب کے شناسائی ہو رہی ہے اور ساتھ ہی ساتھ تنقید اور تبصرہ کی روایت کو فروغ مل رہا ہے۔ رسالہ تاریخ ادب اردو نے نہ صرف صنف افسانہ کو فروغ دیا بلکہ اردو ادب کی مختلف اصناف پر تنقیدی و تحقیقی مضامین شائع کئے، جو نہ صرف عصر حاضر کے طالب علم ور سرچ سکالرز کے لئے معاوین و مددگار ثابت ہو رہے ہیں بلکہ آنے والے وقت میں یہ تاریخی دستاویز ثابت ہونگے۔

حوالہ جات

ا۔ڈاکٹراوج کمال، بیسویں صدی کے منتخب ادبی رسائل کا تحقیقی مطالعہ۔ص ۵۱۔(۲۰۱۴)،وفاقی یونیورسٹی، کراچی۔

.۲۔عابد رضا بیدار،اردو کے اہم ادبی رسالے اور اخبار،ص ۲۱۷

۳۔روشن آرا راؤ،مجلاتی صحافت کے ارادتی مسائل،ص ۳۱(۱۹۸۷)،اسلام آباد۔

☆☆☆

اکیسویں صدی میں ہندوستانی غزل کے موضوعات: ایک جائزہ

عصمت خاتون

ریسرچ اسکالرر، شعبہ اردو، پاٹلی پتر یونیورسٹی، پٹنہ

تلخیص: شاعری کی آبرو، غزل کی آبیاری مختلف ممالک میں ہو رہی ہے جس میں ہندوستان بھی شامل ہے۔ اردو غزل کی تاریخ میں ہندوستانی غزل کی ایک شاندار روایت ہے۔ اس میں صدیوں کی تہذیب پوشیدہ ہے۔ اردو غزل شاہی اور درویشی رہگزر سے گزرتے ہوئے ایک طویل اور کامیاب سفر کرتے ہوئے بڑے آن بان اور شان سے اکیسویں صدی میں پرویش کر چکی ہے۔ ہندوستانی غزل اپنے روایتی شان و شوکت کے ساتھ کلاسیکی موضوعات جیسے عشق و محبت۔ ہجر و وصال، حسن و جمال اور تصوف کو برقرار رکھتے ہوئے، موجودہ سماج کی تہذیبی و اخلاقی شکستگی کا نوحہ، اپنے عہد کے خلفشار و انتشار، معاشی فکر و تردّد، فرقہ وارانہ فسادات، شناخت کا بحران، لسانی اور علاقائی تشدّد، نیا عریاں کلچر، مفلسی، خودکشی، جہیز، اقدار کی پامالی، ہوس کی اجارہ داری، ملک کی مخصوص سیاست، تعصب، ذات پات کی مستحکم ہوتی دیواریں، مادیت پرستی، اخلاق و مرّوت اور انسانیت کے جذبوں کا انحطاط، آبروریزی جیسے ان تمام موضوعات کو اردو غزل بیان کر رہی ہے۔

کلیدی الفاظ: خلفشار بحران #انحطاط # مستحکم # تردّد # تعصب # تصوف # تشدّد # انتشار

ہندوستان میں اکیسویں صدی کی اردو غزل کا جائزہ لیتے ہوئے بے اختیار سب سے پہلا نام پدم شری انعام یافتہ ممتاز شاعر ڈاکٹر کلیم عاجزؔ فخرِ عظیم آباد کا آتا ہے جنہیں اس صدی کا میرؔ بھی کہا جاتا ہے۔ کلیم عاجزؔ کا تعلق مردم خیز سرزمین بہار سے ہے۔ کلیم عاجزؔ کا کلام مختلف دائرہ ہائے فکر کا حامل ہے۔ تخیل ،جذبات و احساسات، علمی تفکر ان کے اشعار میں یہ تمام خصوصیات پائی جاتی ہے۔ ان کی غزلیں بیک وقت کلاسیکیت اور رومانیت کے تجربوں سے گزرتی ہوئی دکھائی پڑتی ہے۔ کلیم عاجزؔ نے سیاسی و سماجی مسائل کو بھی بڑے فنکارانہ انداز میں اپنی غزلوں میں پیش کیا ہے۔ چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

اے اہل زمانہ جسے تم ڈھونڈھ رہے ہو

وہ فتنہ عالم مری غزلوں میں چھپا ہے

میری شاعری میں نہ رقص جام نہ مے کی رنگ فشانیاں

وہ کھ بھروں کی حکایتیں وہی دل جلوں کی کہانیاں

ایک گھر بھی سلامت نہیں اب شہر وفا میں

تو آگ لگانے کو کدھر جائے ہے پیارے

اُٹھتے ہوؤں کو سب نے سہارا دیا کلیمؔ

گرتے ہوئے غریب سنبھالے کہاں گئے

بہاروں کی نظر میں پھول اور کانٹے برابر ہیں

محبت کیا کریں گے دوست و دشمن دیکھنے والے

کرے ہے عداوت بھی وہ اس ادا سے

لگے ہے کہ جیسے محبت کرے ہے

اب انسانوں کی بستی کا یہ عالم ہے کہ مت پوچھو

لگے ہے آگ اک گھر میں تو ہمسایہ ہوا دے ہے

سنے گا کون میری چاک دامانی کا افسانہ

یہاں سب اپنے اپنے پیرہن کی بات کرتے ہیں

وہ کہتے ہیں ہر چوٹ پر مسکراؤ

وفا یاد رکھو ستم بھول جاؤ

دنیا میں غریبوں کو دو کام ہی آتے ہیں

کھانے کے لیے جینا جینے کے لیے کھانا

میں محبت نہ چھپاؤں تو عداوت نہ چھپا

یہ یہی راز میں اب ہے نہ وہی راز میں

تو رئیس شہر ستم گراں میں گدائے کوچہ عاشاقاں

تو امیر ہے تو بتا مجھے میں غریب ہوں تو برا ہے کیا

ہمارے قتل سے قاتل کو تجربہ یہ ہوا

لہو لہو بھی ہے مہندی بھی ہے شراب بھی ہے

دل درد کی بھٹی میں کئی بار جلے ہے

تب ایک غزل حسن کے سانچے میں ڈھلے ہے

اکیسویں صدی کے اردو غزل گو شعراء میں ڈاکٹر وسیم الدین جمالیؔ کا نام کافی نمایاں ہے۔ان کا تعلق علم وادب کا گہوارہ علی گڑھ سے ہے۔پیشہ کے اعتبار سے ڈاکٹر ہیں اور شاعری کا فطری ذوق وشوق رکھتے ہیں۔جمالیؔ صاب کا اولین مجموعہ کلام ''خار و گل''(۲۰۲۲ء) میں شائع ہوا۔ان کی غزلوں کا جب ہم مطالعہ کرتے ہیں تو ایک بات واضح ہوتی ہے کہ ان کا مطالعہ ومشاہدہ کافی وسیع ہے۔انہوں نے اپنی شاعری میں مفلسی، غریبی، بھوکمری، بے حسی، زیست کی تلخیاں، رشتوں کی ناقدری، فرقہ وارانہ فسادات، مذہبی سیاست، تعصب، نفرت، خود غرضی، جیسے موضوعات کو قلمبند کیا گیا ہے۔جمالیؔ صاحب کی غزلوں کے متعدد اشعار موجودہ عہد اور معاشرے کے زوال کی عکاسی کرتی ہے۔چند شعار ملاحظہ فرمائیں۔

کسے گمان تھا ایسا بھی دور آئے گا

ہمارا خون ہمیں سے نظر چرائے گا

بہت سے لوگ ایسے ہیں کہ جو فاقوں سے مرتے ہیں

اگر وہ بھی مرے ساتھ جیتے، کتنا اچھا ہوتا

جدھر بھی دیکھو، ہے دکھتی ہر ایک نظر میں آگ

گلی گلی میں دھواں ہے، ہر ایک گھر میں آگ

زندگی کے دوڑ میں سب کو بس اپنی فکر ہے

دوسروں کے درد سے ہر شخص بے پرواہوا

جس نے بہائے خون کے دریا معصوموں کی بستی میں

پوچھ رہا ہے معصومی سے، ہوا ہے قتل عام کہیں

روٹی اپنی سینک رہے ہیں نام پہ مذہب کت یہ لوگ

ان کو اس سے مطلب کیا رحمان کہاں اور رام کہاں

بھوکے بچّے ڈھوتی ماں کی سوکھ گئی ہے بھوک سے چھاتی

دودھ کہاں سے لائے گی، وہ اس کی جیب میں دام کہاں

صبح سے لے کر شام تلک جن کو نہ ملے دو روٹی بھی

ایسے غریبوں کی قسمت میں چین کہاں آرام کہاں

دہلیز پر عدالت کی انصاف مر گیا

الزام میرے قتل کا میرے ہی سر گیا

نہ ایسی دیکھی ہے بے حسی، نہ ہی ایسا دیکھا نگر کبھی

ہیں ہزاروں لاشے پڑے ہوئے، کوئی آنکھ بھی تر نہیں

ہوں کہاں پڑا میں کس حال میں، میرے ہم مکیں کو خبر نہیں

جسے لوگ کہتے ہیں گھر مرا، وہ مکان ہے میرا گھر نہیں

ہو وہ، شہر، یہ کہ گاؤں ہو، ہوا عجیب سب کا مزاج ہے

یہاں کون رہتا ہے پڑوس میں، اب کسی کو اِس کی خبر نہیں

نہیں ہے وہ وقت دور جب کہ، سب بھول جائیں گے خوں کے رشتے

جسے سمجھتے ہو خون اپنا، وہ خون بے اعتبار ہو گا

جس کی خاطر دن بھر دوڑا، کر دی شب کی نیند حرام

وہ بھی غرض کا بندہ نکلا، خط کیسا پیغام کہاں

عجب ہے دور اے جمالیؔ، کہ ساری قدریں بدل گئی ہیں

وہ سرخرو ہوگا جو جھوٹ کہہ کر، یہ کہہ کے سچ سنگسار ہوگا

جلے مکان کے ملبے یہی بتاتے ہیں

ہوئے تھے نفرت کے شعلے یہاں جوان کبھی

حرام دھن سے جو شب رنگین بناتے ہیں

انہیں ہی لوگ کیوں اپنا مکیں بناتے ہیں

شہر تو پہلے بھی تھے بدنام فتنوں کے لیے

گاؤں سے بھی بھائی چارے کی فضا غائب ہوئی

زندگی کی دوڑ میں سب کو بس اپنی فکر ہے

دوسروں کے درد سے ہر شخص بے پرواہوا

ہم نے تو ماں باپ کو بھی بانٹ ڈالا گھر کے ساتھ

اے! جمالیؔ کس طرح رشتوں کا بٹوارہ ہوا

ملک ہندوستان کے نامور شاعر اور ادیب اظہر بخش اظہرؔ کا شعری مجموعہ ''محبوبِ خیالی'' (۲۰۱۶ء) میں شائع ہوا۔ اس میں شامل غزلوں کے بیشتر اشعار موجودہ صدی میں ملک کی سماجی و سیاسی پستی اور اپنے عہد کے انتشار و خلفشار کی روداد بیان کرتی ہے۔ چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

لوگ میرے قاتل کو سر آنکھوں پر لے کر پھرتے ہیں

قتل ہوا ہے میرا لیکن میرا چرچہ تھوڑی ہے

کٹھوا میں انواؤ میں سورت میں لُٹ جاتی ہے یہ

بیٹیوں کے واسطے ماحول ہی بدذات ہے

پاکسو بل بیٹیوں کے حق میں اک سوغات ہے

آصفہ کے قاتلوں کو پھانسی ہو تب بات ہے

ستّا پانے کے لیے خون بہانے والے

اپنی ہی نیتی کی پتوار پے سر پٹکیں گے

ہم گؤ جیسوں کا قتل عام کرتے ہیں

ایک دن خود ہی تلوار پے سر پٹکیں گے

ترے چاہنے سے چلے جائیں گے کیا

وطن میں ہمارا بھی حصہ بہت ہے

حسن کی دیوی بنی بیٹھی ہیں دل ہے بت کدہ

چند مسلم لڑکیوں نے ہم کو ہندو کر دیا

سیاستداں ہیں تو کیا سوچتے ہیں کیجیے حملہ

ہماری قوم کا قاتل مسیحا بن کے رہتا ہے

خوں بہا دیتے ہیں ظالم تخت پانے کے لیے

لوگ کتنا گر گئے ہیں خود کو اُٹھانے کے لیے

سمے پھر آ گیا ہے چلو مندر بناتے ہیں

الیکشن ختم ہوتے ہی یہ مدّا چھوڑ دینگے ہم

ہمیں کچھ خوف دکھلا کر ہمارا خوف دکھلا کر

ہمارے نام سے ساری سیاست چلتی رہتی ہے

سلیمان فراز حسن پوری کا تعلق امروہہ سے ہے۔اس صدی کی دوسری دہائی میں آپ کا مجموعہ کلام ''احساس'' شائع ہوا۔اس میں شامل غزلیں موجودہ ہندوستان کی عدالت اور انساف کی مجروح ہوتی روحوں کی عکاسی کرتی ہے اور سیاسی و سماجی برائیوں کا بے نقاب کرتی ہے۔ان کی غزلوں کے چند اشعار

ہمارے ملک میں مظلوم جیل جاتے رہے

وہ چھوٹ جاتے ہیں جن کا قصور ہوتا ہے

فیصلہ رشوت کے دم پر اس کے حق میں ہو گیا

میرے ہاتھوں سے پرکھوں کا گھر جاتا رہا

کون سا منصف تھا وہ کا کی عدالت تھی یہاں

جو حق کہتا گیا اس کا ہی سر جاتا رہا

دورِ حاضر میں رقیبوں کی ضرورت کیا ہے

دوستوں ہی کے کرم توڑ کے رکھ دیتے ہیں

''بابائے اردو تمل ناڈو''آفاقی شاعر وادیب علیم صبا نویدی ایک عہد ساز شخصیت ہیں۔آپ کا پہلا مجموعہ کلام ''میری غزلیں''(۲۰۲۳ء)میں شائع ہوا۔نمونہ کلام

عریانیت پسند ہے نظروں کی کائنات

تیور بدلنے لگتے ہیں منظر کو دیکھ کر

چاہتوں نے دشمنی ایجاد کی

لوگ اپنے قد سے اونچے ہو گئے

گھر جل رہا تھا سب کے لبوں پر دھواں سا تھا

کس کس پہ کیا ہوا تھا غضب بالنے نہ پائے

عہدِ حاضر کے معروف و مقبول شاعر منظر بھوپالی کا شعری مجموعہ ''لاوا''میرے پیشِ نظر ہے جو اکیسویں صدی کے آغاز میں منظرِ عام پر آیا۔اس مجموعہ کلام کا جب مطالعہ کرتے ہیں تو پاتے ہیں کہ منظر بھوپالی کی غزلیں فکر و خیال کی ندرت اور اظہار قوت سے پُر ہیں اور منفرد موضوعات کو برتنے میں انھیں

دسترس حاصل ہے۔انہوں نے اپنی غزلوں میں اس صدی کے تمام رنج والم، خلفشار وانتشار، سیاسی وسماجی مسائل کو بروے کار لایا ہے۔چند اشعار پیشِ خدمت ہے ملاحظہ فرمائیں۔

اُس کا لہجہ بول رہا ہے خون بہانا باقی ہے

اور ابھی تو شہروں شہروں آگ لگانا باقی ہے

ہمارے شہر میں انصاف 'اندھا بھی ہے بہرہ بھی

کائی سنتا نہیں جب سانحہ آواز دیتا ہے

پھر بہو جلانے کا حق تمہیں پہنچتا ہے

پہلے اپنے آنگن میں بیٹیاں جلا دینا

ہم انسان کہاں جائیں گے ہم کو بتاتا کوئی نہیں

مندر اک مورت کا گھر ہے مسجد بھی مقتل بابا

ہے غضب صاحبِ کردار کہے جاتے ہیں

گھر جو توڑیں 'وہی معمار کہے جاتے ہیں

یہ نے ضمیری میں ہے کہ جس میں یزید وراون سے بھی آگے

مری دعا ہے کہ مرا بچہ نہ آج کے رہنماؤں سا ہو

سچائی کو ڈھونڈھنے والے بازاروں میں سچ مت بیچ

پوچھ صلیبوں سے سچ کیا ہے زندانوں میں چل

کبھی وہ روزی کبھی آشیانہ چھین لیتا ہے

جہاں ملتا ہے موقع 'آب ودانہ چھین لیتا ہے

ہم اگر آدمی ہیں تو پھر آدمیت کی باتیں کریں

جنگ و نفرت کے حامی ہیں جو وہ دماغوں سے بیمار ہیں

دربدر بھٹکنا کیا دفتروں کے جنگل میں

بیلچے اُٹھا لیناڈ گریاں جلا دینا

نمائش کی بڑی عادت ہے اپنے رہنماؤں کو

ملک ہندوستان کے ممتاز شاعر عقیل نعمانی کسی تعارف کے محتاج نہیں۔اس صدی کی دوسری دہائی میں آپ کا مجموعہ کلام ''رقصِ تنہائی'' شائع ہوا۔اس میں شامل غزلوں کے چند نمائندہ اشعار۔

فرض ہے بھائی کی امداد مگر کیا کیجیے

کو گ اس فرض کو احسان سمجھ لیتے ہیں

ظلم اردو پہ بھی ہوتا ہے اس نسبت سے

لوگ اردو کو بھی مسلمان سمجھ لیتے ہیں

کسی کی تعظیم کو اٹھنا ہے جھڑکنا ہے کسے

اک نظر دیکھ کے دربان سمجھ لیتے ہیں

دردؔ سرونجی کا مجموعہ کلام ''کسک''(۲۰۱۸ء) میں شائع ہوا۔ نمانہ کلام۔

دوستوں کی دوستی اس دور میں

یاد رکھنا! پُرخطر ہو جائے گا

بیچ دیگا طنز سکّوں میں تجھے

کا بھروسہ آج کے انسان کا

زر پرستی نے بنا دیا آدمی کو خود غرض

ہے وہی اب جان کا دشمن جو تھا بازوئے دوست

جی رہا ہوں مگر اس درجہ حراساں ہو کر

صبح ہوتی ہے تو شام سے ڈر لگتا ہے

فیضؔ بہرائچی نئی نسل کے شعراء میں شمار کیے جاتے ہیں۔ان کا پہلا مجموعہ کلام ''احساساتِ فیض''(۲۰۱۵ء)میں شائع ہوا۔ نمانہ کلام:

جدھر دیکھو ادھر نفرت ہی نفرت ہے عداوت ہے

لگے ہیں لوگ دنیا میں محبت کو مٹانے میں

اپنے سوا کسی کو کسی کی خبر نہیں

ایسا فریب نفس میں الجھے ہوئے ہیں سب

ممتاز شاعر سلطان شمسیؔ دبستانِ کا شمار دبستانِ عظیم آباد کے سینئر شعراء میں ہوتا ہے۔اکیسویں صدی کی دوسری دہائی میں ان کے دو شعری مجموعے ''ریت کا سفر''(۲۰۱۷ء)اور ''انداز سخن''(۲۰۲۲ء)منظرِ عام پر آئے۔ان کی غزلیں معنی و مفاہیم شعوری پختگی،اظہار و اسلوب، تشبیہ و استعاروں کی سطح پر خوب نکھری ہوئی ہے۔ان کی غزلوں میں عصری معاملات و مسائل کا برملا اظہار ملتا ہے۔ذیل میں سلطان شمسیؔ کے چند اشعار درج کیے جا رہے ہیں جس سے انکے شعری آہنگ اور مضوع کا پتہ چلتا ہے۔

یہ شہر شہر ستم سا دکھائی دیتا ہے

شہر خلوص کا سوکھا دکھائی دیتا ہے

بڑھتا ہوا ظلم ان کا مٹا دے گا خود انکو

مظلوموں پر بے وجہ جو بیداد کرتے ہیں

آئے گا اس شہر میں کیسے کوئی بھی رات میں

پاسباں ہی راہزن بن کر ہے بیٹھا گھات میں

کاندھوں پہ اپنی موت لے آئی زندگی

تم کو خبر نہیں ہے یہ دنیا عجیب ہے

پل میں بیوہ جوان بیبیاں ہو گئیں

اور خاموش پھر بستیاں ہو گئیں

کرب میں مبتلا ہے سارا جہاں

نفرتوں کا ہر طرف ہے سیل رواں

نیا زمانہ نئی روشنی تلاشنے والوں

سنبھل کے چلنا کے جاری سفر ہے تیسے کا

عہدِ حاضر کے نامور غزل گو شعراء میں اعجاز اعظمی کا شمار ہوتا ہے۔ان کا تعلق مردم خیز سرزمین اعظم گڑھ سے ہے۔آپ کا شعری مجموعہ ''اعجاز سخن''(۲۰۰۸ء)میں شائع ہوا۔اعجاز اعظمی ایک تجربہ کار اور جہاں دیدہ شاعر ہیں۔انہوں نے اپنی غزلوں میں سماجی و سیاسی ماحول کی تلخ حقیقتوں اور موجودہ صدی کے پیدہ شدہ مسائل کو بر روئے کار لایا ہے۔چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

ایسی تاریکی و تنہائی کہ لرزاں ہے وجود

شہر سے دور یہ ویرانہ بسایا ہوتا

کچھ تہمتوں کی گرد میرے سر پر ڈال کر

تو نے میری وفاؤں کا اچھا صلہ دیا

تیری نسبت سے مرے شہر میں کیا کیا نکلا

کبھی خنجر کبھی لشکر کبھی فتویٰ نکلا

چوہے تھے گر مکان میں چوہوں کو مارتے

چوہوں کے ساتھ گھر بھی ناحق جلا دیا

اسلم سیفی کا تعلق گیا(بہار) سے ہے۔اس صدی کی دوسری دہائی میں آپ کا مجموعہ کلام ''پھول جیسی گفتگو''(۲۰۱۷ء)میں شائع ہوا۔اس میں شامل غزلوں کا جب مطالعہ کرتے ہیں تو پاتے ہیں کہ بڑے چابکدستی کے ساتھ آپ نے موجودہ صدی کے سیاسی و سماجی برائیوں کے ساتھ نسائی مسائل کا بھی برملا اظہار کیا ہے۔چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

ملا گھر میری بیٹی کو مشکلوں سے بہت

یہ اور بات ہے کہ بک گیا مکان میرا

زندگی الجھی ہوئی ہے پھر نئے سوالوں میں

جیسے کوئی الجھا ہو مکریوں کے جالوں میں

مجھ کو سچ بولنے دیتا نہیں ماحول میرا

ڈال دیتا ہے زباں پہ میری تالا کوئی

مجرموں کو تو رہائی مل گئی ہے

اور ہم سولی پہ سیفیؔ چڑھ گئے ہیں

اس قدر ماحول پر ٹیلی ویژن کا اثر

دور ہوتی جا رہی ہیں لڑکیاں تہذیب سے

اردو غزل کا ایک معتبر نام سید شکیلؔ دسنوی کا وطن صوفیوں کی سرزمین بہار شریف س (بہار) ے تعلق رکھتے ہیں۔ سائنس کے طالب علم رہے اور اردو زبان وادب کے عاشق صادق۔ انجینئر کے پیشہ سے منسلک رہے اردو غزل کے گیسو سنوارتے رہے۔ آپ کے شعری مجموعے ''زندگی اے زندگی'' اور تنہا تنہا'' کی غزلوں کا انتخاب ''دلِ آشنا'' (۲۰۰۶ء) میں منظرِ عام پر آیا۔ آپ کا ایک مجموعہ کلام ''کتنی حقیقت کتنا خواب'' (۲۰۰۵ء) میں شائع ہوا۔ آپ کی بیشتر غزلیں اس صدی کی المناک داستاں کی روداد بیان کرتی ہے۔ چند اشعار پیشِ خدمت ہے۔

موت کے خونخوار پنجوں میں سسکتی حیات

آج ہے انسانیت کی ہر ادا سہمی ہوئی

لوگ عادی ہو گئے ہیں حادثوں کے کس قدر

پُرسکوں سڑکوں پہ بھی مڑ مڑ کے اکثر دیکھنا

آج ہے انسانیت کی ہر ادا سہمی ہوئی

چینختیں ہیں وحشتیں، ساری فضا سہمی ہوئی

کیوں چمن اُڑھے ہوئے ہے آج شعلوں کی ہوا

بھاگتی ہے آبلہ پا کیوں صبا سہمی ہوئی

اب تو آنکھیں آنسوؤں کو بھی ترستی ہیں شکیلؔ

ہو نہ جائے ایک دن ہر خواب پتھر دیکھنا

حق اور سچ کا شاعر سلیمؔ ٹانڈوی ملک ہندوستان کے مردم خیز سرزمین رامپور کی خاک سے گلِ گلزار ہوئے ہیں۔ان کا اصل نام سلیم احمد ہے اور تخلص سلیمؔ فرماتے ہیں ضلع رامپور کا مشہور قصبہ ٹانڈو کے ایک مذہبی اور تعلیم یافتہ خاندان کے چشم وچراغ ہیں۔آپ کا مجموعہ کلام ''یہ کہانی ہے مختصر میری''(۲۰۱۸ء)میں شائع ہوئی۔ سلیمؔ ٹانڈوی کی غزلوں کا مطالعہ کرتے ہیں تو پاتے ہیں کہ ان کا ایک ایک شعر مفکر، جہاں دیدہ، تجربہ ساز، داخلی کیفیت وجدانی محرک اور تخلیقی بصیرت کی عمدہ مثال پیش کرتا ہے۔ان کی غزلوں کے متعدد اشعار عکس صاف نظر آتا ہے جس میں تہذیب وشقافت کے مٹتے دھارے، نیا عریاں کلچر، ملک کی مخصوص سیاست، خود غرضی، بے بسی، مفلسی، فریب، مکاری وعیّاری، سچائی اور انصاف پرستی کی ناقدری، ذات پات کی مستحکم ہوتی دیواریں، انسانی بقا کے زوال کا اندیشہ، فرقہ وارانہ فسادات، تعصب، معاشی فکر وتردّد، انسانی قدروں کی پامالی، جہیز، رشوت، بھرشٹاچار جیسے سنگین موضوعات کی عکاسی کی گئی ہے۔چند اشعار مثال کے طور پر پیشِ خدمت ہے ملاحظہ فرمائیں۔

عل وانصاف کو، رشوت نے کیا رخصت

پائے انصاف کوئی ظلم کا مارا، کیسے

کتنے معصوموں کو بے گور کفن دفنا دیا

دیش میں فرقہ پرستی نے ہوا پانے کے بعد

ہمہ وقت الفت کی کمی ہے

ہے نفرت آدمی کو آدمی سے

کوئی تو اس میں مشیت کی مصلحت ہو گی

وطن میں آبروریزی ہے ہر جگہ میری

انصاف کا طاقت سے گلا گھونٹنے والا

شیطان کی اولاد ہے، انسان نہیں ہے

دامِ فریب و فکر میں پھنستا ہے آدمی

دلدل میں خواہشات کی دھنستا ہے آدمی

ہم سمجھتے تھے کہ لائیگی فراغت تعلیم

کیا خبر تھی کہ چلا آئے گا الحاد بھی ساتھ

کیا ہے عزم، حق گوئی کا جب سے

زمانے کی نظر ہے اور میں ہوں

ارض و سما بھی چیخ اٹھیں رو دیا کریں

ان کے ستم کا آج اگر تذکرہ کریں

بے حرمتی خدا کے جو گھر کی کیا کریں

اپنی تباہیوں کی وہ راہ تکا کریں

ہمدم کسے کہیں، کسے اپنا کہا کریں

مظلوم کس سے شکوہ جور و جفا کریں

پٹتے رہیں گے دیش میں کب تک سلیم ہم

مل جل کے، آو آج کوئی فیصلہ کریں

نئی تہذیب کی گو شان ہے عریانیت لیکن

برہنہ بنتِ حوّا کا بدن اچھا نہیں لگتا

وہ جو ہر بات پہ آمادہ شر لگتا ہے

کچھ تو نااہل ہے۔ کچھ تنگ نظر لگتا ہے

اپنی مجبوری کے باعث وہ، نہ رشوت دے سکا

دی سزا منصف نے، مجرم اُس کو ٹھرانے کے بعد

جو بنے ایک روح دو قالب

ان میں بھی انتشار دیکھا ہے

گنے جاتے تھے کل تک رہزنوں میں

جنھیں میں آج رہبر دیکھتا ہوں

سلیمؔ اب حاجتوں کا ہے یہ عالم

کہ فکرِ مال و زر ہے اور میں ہوں

نظر آتا ہے جس فیشن میں تن اچھا نہیں لگتا

حیاداروں کو ایسا پیرہن اچھا نہیں لگتا

اس دور میں نفرت کے سوا کچھ نہیں

ہم بھائی بھائی سے جدا دیکھ رہے ہیں

دیکھا نہ گیا جب حالِ زبوں، بولے کہ یہ ہے انجامِ جنوں

اے کاش جفاؤں پر اپنی۔ اک شمّہ تو شرماتا کوئی

اربابِ عقل و ہوش کی حالت عجیب ہے

روتا ہے خود پہ۔ غیروں پہ ہنستا ہے آدمی

تیر نظروں کا پتا دے گیا

تو میرے قتل کا مشورہ دے گیا

انسانیت کے ظرف کو پیروں سے روند کر

بد قسمتی کہ یوں نہ شوالے بنا کریں

یہ کھلا خط آپ کا کب مشرقوں کے نام ہے

آپ کا سیدھا نشانہ مذہب اسلام ہے

غربت میں موٹر سائیکل کی مانگ کھلتی ہے

وگرنہ کب، کسے بیٹی کا دھن اچھا نہیں لگتا

عہدِ رنگیں پھر شرافت کا یہاں ہوگا سلیمؔ

ہاں،، نئی تہذیب کا۔ تختہ الٹ جانے کے بعد

اشعار میں افکار کی سورش ہے ہمارے

موجوع غزل، حسن کا عنوان نہیں ہے

اردو ادب کے علمبردار شروتؔ زیدی بھوپالی کا شمار عہدِ حاضر کے نامور اردو غزل گو شعرا مین ہوتا ہے۔ پیشہ کے اعتبار وکیل ہیں۔ آپ نے زندگی اور زمانے کے تجربات ومشاہدات کے لئے شاعری کی آبرو غزل کا سہارا لیا۔ اکیسویں صدی میں ان کے چار شعری مجموعے ''رہنمائی کے لئے'' (۲۰۱۱ء)''بندگی کے بعد بھی''(۲۰۱۱ء)''منزلوں کے پار''(۲۰۱۶ء) کتابوں کا سفر''(۲۰۲۳ء) شائع ہو چکے ہیں۔ آپ غزلوں پر جب ہم نظر ڈالتے ہیں تو ان میں جہاں عہدِ حاضر کے سیاسی وسماجی مسائل کی ترجمانی ملتی ہے وہیں اردو زبان وادب کے مسائل کو بھی بڑے فنکارانہ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ شروتؔ زیدی بھوپالی کی غزلوں کے نمائندہ اشعار

منہ تکا کرتے ہیں بازار میں بکنے کے لیے

زندگی اپنی ہے اردو کے رسالوں کی طرح

نئی صدی کا فسانہ ہے مختصر اتنا

پرانے دور میں دیکھا نہیں تھا سر اتنا

ہر شخص کی آنکھوں میں ہے ایک کرب کا عالم

ہر شخص کے سینے میں کہیں آگ لگی ہے

یہ سیاسی دور بھی کیا خوب ہے الجھا ہوا

ہم سلجھتے جا رہے ہیں وقت کی تکرار میں

خاندانوں کو مٹا دے گی مقدمے بازیاں

گھر لپٹ کے روئے اپنے در و دیوار سے

بربادی کی لکیروں سے ہے تصویریں عیاں

آئینے پہچانتے ہیں آپ کو کردار سے

مندر مسجد کے جھگڑے سب ختم کرو

اہل سیاست اشکوں میں گھر سب ڈوبے ہیں

بازار سے کیا کوئی شکایت کرے شروتؔ

گھر میں بھی تو اردو کے رسائل نہیں ملتے

اپنی صدی کی کوئی کہانی لیے ہوئے

آئے ہیں بھانت بھانت کے انسان گھاٹ پر

اکیسویں صدی کے نامور اردو غزل گو شعراء میر سجادؔ کا تعلق بزرگانِ دین کی سرزمین پھلواری شریف (بہار) سے ہے۔ آپ کے دو شعری مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

۱۔ کوزے میں سمندر (۲۰۱۳ء)

۲۔ شہرِ افکار (۲۰۱۷)

میر سجادؔ کی غزلوں کے چند منتخب اشعار

اے خدا جانے کہاں انسانیت گم ہو گئی

آدمیت کی کمی ہے آدمیت کے شہر میں

تنہائیوں کی دھند کچھ اتنی تیز ہے

ہر شخص جیسے تیر رہا ہو خلاؤں میں

تمام شہر میں رنج و ملال ہے پیارے

میری حیات بھی زندہ مثال ہے پیارے

وقت سجاوٹوں جوں جوں بدلتا رہا

رنگ اپنا بھی غزل بدلتی رہی

ہندوستان کے ممتاز شاعر، نامور ادیب اور اردو زبان و ادب کے عزیز استاد پروفیسر مقبول فاروقی صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ان کا شعری سفر چار دہائیوں پر مشتمل ہے۔اس صدی کی دوسری دہائی میں آپ کا مجموعہ کلام ''سرِ شام''(۲۰۱۶ء) میں شائع ہوا۔پروفیسر مقبول فاروقی صاحب کی غزلوں میں موجودہ عہد کے مضطرب و منتشر حالات، اطراف کے سیاسی و معاشرتی تغیرات کا برملا اظہار ملتا ہے۔چند اشعار پیشِ خدمت ہے ملاحظہ فرمائیں۔

دیکھیے اہل سیاست کی کرشمہ سازیاں

دیتے ہیں تخریب کو بھی نام تعمیر کا

ظلمت تہذیب میں ڈوب گیا ہے جہاں

سوچ میں ہوں عہد نو اصل میں دن ہے کے رات

اوروں کی خطائیں ہی نظر آتی ہیں اُن کو

جو اپنے گریبان میں جھانکا نہیں کرتے

چمن میں اب وہ گل نہیں ہے

کسی بھی ساخ پر بلبل نہیں ہے

یہاں اب نفرتوں کی کھائیاں ہیں

دلوں کے بیچ اب وہ پل نہیں ہے

کچھ یوں ہے کہ اب مل کے خوشی بھی نہ ملے گی

بچھڑیں گے تو آنکھوں میں نمی نہ ملے گی

سوچا بھی نہ تھا ایسے بدل جائے گا یہ شہر

لوٹوں تو مجھے گھر کی گلی بھی نہ ملے گی

کچھ دیر تو احباب میں ہنس بول کے کاٹو

اب آگے تو یہ زندہ دلی بھی نہ ملے گی

شہرہ آفاق نظم ''اردو ہے میرا نام میں خسرو کی پہیلی'' کے شاعر اقبال اشہرؔ کا تعلق ہندوستان کی راجدھانی دہلی سے ہے۔ آپ اردو اور ہندی دونوں ادب کی دنیا کا ایک معروف و مقبول نام ہیں۔ ان کے تین شعری مجموعے ''رت جگے''، ''غزل سرائے''۔ ''دھنک تیرے خیال'' (۲۰۰۵ء) اردو زبان میں اور ایک شعری مجموعہ ''اردو ہے میرا نام'' ہندی زبان میں شائع ہو چکے ہیں۔ ان کا شعری مجموعہ ''دھنک تیرے خیال'' (۲۰۰۵ء) تک میری رسائی ہوئی ہے، اس میں شامل غزلوں کا جب ہم مطالعہ کرتے ہیں تو پاتے ہیں کہ اقبال اشہرؔ نے باپنے احساسات وجذبات کے ساتھ ساتھ اس صدی کی خاموشی، رنج و غم، پشیمانی، تنہائی، کرب جیسے موضوعات کو بھی قلم بند کیا ہے۔ چند نمائندہ اشعار

پر پھیلائے ڈول رہی ہے بستی بستی خاموشی

ست رنگ سپنے بنتے رہے میں اور میری خاموشی

بنا رہا ہے کس لیے یہ آنسوؤں کا دائرہ

تراش کوئی قہقہ کہ یہ صدی اداس ہے

کون کس کے اندر جھانکے اتنی فرصت کس کے پاس

اپنا اپنا دکھ ہے سب کا اپنی اپنی خاموشی

حصارِ اعتبار میں نہ عکس ہے نہ آئینہ

یہ کیس اانقلاب ہے، یہ کیسی واردات ہے

زاہد عیشؔ اردو غزل کی دنیا کا ایک معتبر نام ہے۔ان کا تعلق بہار سے ہے۔ان کا مجموعہ کلام ''چٹکیاں''(۲۰۱۴ء) میں شائع ہوا۔ان کی غزلوں کے متعدد اشعار موجودہ سماج کی تہذیبی واخلاقی شکستگی اور سیاسی مسائل کی ترجمانی کرتے ہیں۔چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

عورتوں کو عروج حاصل ہے

جتنا چاہیں بن سنور جائیں

شاہروں کو روشنی بخشی

شرٹ پتلون میں نظر آئیں

بیٹے کل تک میں تیرا سب کچھ تھا

آج میں تیرے اختیار میں ہوں

تو بلندی سے دیکھ لے نیچے

میں یہاں تیرے انتظار میں ہوں

یہ جو روز روز سنسد میں ہاتھا پائی ہے

برا نہ مانیے روٹین کروائی ہے

سکولر واد کا جھنڈا لیے قانون بیٹھا ہے

میاں زاہدؔ میاں ماری، جو پہلے تھی سواب بھی ہے

ماں باپ کی بیماری میں پردیش سے زاہدؔ

پیشے تو چلے آتے ہیں بیٹے نہیں آتے

مانوس موضوعات اور عام جذبوں میں گہرے معنی واظہار والے شاعر فہمیؔ بدایونی کا شمار اکیسویں صدی کے ممتاز اردو غزل گو شعراء میں ہوتا ہے۔ان کے تین شعری مجموعے ''پانچویں سمت''، ''دستکیں نگاہوں کی''، ''ہجر کی دوسری دوا'' شائع ہو چکے ہیں۔

فہمیؔ بدایونی کی غزلوں کے چند نمائندہ اشعار۔

عدالت فرش مقتل دھو رہی ہے

اصولوں کی شہادت دھو رہی ہے

ابھی دیکھا ہے کچھ ٹی۔وی میں شاید

مرے بچے مجھی سے ڈر

پریشاں ہے وہ جھوٹا عشق کر کے

وفا کرنے کی نوبت آگئی ہے

میں نے اس کی طرف سے خط لکھا

اور اپنے پتے پہ بھیج دیا

خوشی سے کانپ رہی تھیں یہ انگلیاں

ڈیلیٹ ہو گیا اک شخص سیو کرنے میں

لیلیٰ گھر میں سلائی کرنے لگی

قیس دلی میں کام کرنے لگا

میں تو رہتا ہوں دشت میں مصروف

قیش کرتا ہے کام کاج میرا

میں تو رہتا ہوں دشت میں مصروف

قیس کرتا ہے کام کاج مرا

واحد انصاری برہانپوری کی غزلوں کا مجموعہ ''عکسِ غم''(۲۰۲۰ء) میں شائع ہوا۔ان کی غزلوں کے متعدد اشعار موجودہ عہد اور معاشرے کے زوال کی عکاسی کرتی ہے۔چند اشعار ملاحظہ فرمائیں

منافقت ہے دلوں میں زباں پر یاری ہے

ہر ایک شخص یہاں جھوٹ کا پجاری ہے

افسوس کر رہے ہیں جو انسانیت کا خون

چہرے پہ ان کی رنگ ندامت نہیں ذرا

وقار انہی کی نگاہوں میں میرا کچھ بھی نہیں

لٹا میں جن کے لیے بار ہا مروت میں

میں دور ہو گیا ہوں اپنوں سے اور بھی واحدؔ

دیئے وہ زخم یگانوں نے مجھ کو الفت میں

شہر بھوپال کے مشہور شاعر حبیب انجمؔ دیناوی کا مجموعہ کلام ''سوزِ دروں''(۲۰۰۷ء) میں شائع ہوا۔اس میں شامل غزلیں ملک ہندوستان کی موجودہ سیاست کی روداد بیان کرتی ہے۔چند نمائندہ اشعار

جم گئے ہیں ہر طرف فرقہ پرستی کے قدم

سیکولر آئین کا لٹ کر رہا آخر بھرم

اقتدار کی بھوک اور موقع پرستی کے دھڑے

لوٹ کر ملکی معشیت اب اڑاتے ہیں مزے

جھوٹے وعدوں کا ملا ہے ووٹروں کو یہ انعام

بڑھ کہ مہنگائی نے سبکا جینا کر دیا حرام

اقتداری بھوک کا چوبیس سمتی کارواں

کیا پتا لے جائے گا ملک ملت کو کہاں

خدادین صاحب اردو ادب کی دنیا میں اپنے قلمی نام ایم۔کے۔اثرؔ کے نام سے معروف و مقبول ہیں۔اس صدی کی دوسری دہائی میں ان کے دو شعری مجموعے ''نفی رنگ''اور ''چھٹی حس کا پہلا دریا'' شائع ہو چکے ہیں۔ایم۔کے۔اثرؔ کی غزلوں میں عصری حسیت کی توانائی ہے۔چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

وقت نے چہرا بگاڑا اپنا

کسی بچے کی شرارت نہ سمجھ

ہمارے درمیاں حالات نے کیا بے بسی رکھ دی

کہ ہر مجبور نے گھبرا کر اپنی زندگی رکھ دی

ہر ایک چہرے دہشت کی ہے آویزاں نئی تختی

ہمرے عہد نے کس دور کی یہ خاموشی رکھ د

گھٹن ہے کمروں میں اور ارتعاش جسموں میں

نظر اُٹھاؤں تو گڑتی ہے کیل جسموں میں

ملک ہندوستان کے معروف شاعر ڈاکٹر ظفر مرادآبادی کا مجموعہ کالام ''اشک لہجے''(۲۰۰۹ء) میں شائع ہوا۔ چند اشعار

جھوٹ، دھوکا، گمراہی کے ہو نہ جب تک حاشیے

کاروبار زیست کے بازار کا توہین ہے

وہ وعدہ بھی کتے گا تو، مکر جائے گا ایک پل میں

وہ اپنے جھوٹے وعدوں کی سیاست کیسے چھوڑ دیگا

ممتاز شاعر قیصرؔ عزیز کا تعلق مغربی بنگال سے ہے۔ آپ کے شعری مجموعے ''تکمیل آرزو''(۲۰۰۹ء) اور تعمیل آرزو''(۲۰۱۱ء) منظرِ عام پر آچکے ہیں۔ آپ کی غزلوں میں موجودہ معاشرے کی جھلک ملتی ہے۔ چند اشعار پیشِ خدمت ہے ملاحظہ فرمائیں

حادثے بکھرے پڑے ہیں راستے میں ہر طرف

ہر قدم پر ہو رہا ہے امتحان زندگی

قیصرؔ خلوص و وفا کی باتیں کریں بھی کیا

شرم و لحاظ ہے نہ وہ انداز پیار کا

ماں باپ کی پڑھاپے میں لیتا نہیں خبر

ماں باپ نے جوان کیا جس کو پال کر

میری یہ ضد خلوص کا پیکر بنے رہیں

اور بھائیوں کو صحن میں دیوار چاہیے

مہدیؔ پرتاپ گڑھی کا مجموعہ کلام ''سانس لیتا شہر''(۲۰۱۳ء) میں شائع ہوا۔ نمونہ کلام۔

یہ بھی اس کی سیاست نہ ہو

جو اُٹھی ہے نظر لطف کی

حادثے جو شہر میں ہوتے رہے

سب ہمارے نام سے جوڑے گئے

چہروں کے آئینے بھی اب دل کی بات نہیں کہتے

اب تو کوئی فرق نہیں ہے اپنوں اور بیگانوں میں

نئی غزل میں ملی ہوئی ہے موسموں کی سفاکی

ہے لفظ لفظ میں سچائی اور بے باکی

بڑھتی طوالت اب میری قلم کو روک رہے ہیں اور مجھے اس کا اعتراف ہے کہ میں اکیسویں صدی کی ہندوستانی غزل کے موضوعات کے حوالے سے بہت ایسے شعراء کے کلام کو پیش نہیں کر پا رہی ہوں۔ اس مضمون میں کئی معتبر نام چھوٹ رہے ہیں جن میں عزیز نبیلؔ، سراج عالم زخمیؔ، عادل راہیؔ، ڈاکٹر رفیق انجم، عین تابسؔ، نادم آشرفی برہان پوری، استیاق دانش، بیدار بھاپالی، راحت اندوری، شاہد ماہلی، ملک زادہ جاویدؔ، منیبؔ مظفر پوری، ڈاکٹر یوسف اعظمی، ڈاکٹر حنیف ترین، ذہین بیکانیری، عادل رضا منصوری، راشد طراز، منظر اعجاز، کیفی سنبھلی، ڈاکٹر نفیس تقی، حسن نواب حسن، ضیا فاروقی، امیرؔ امام، ارشد کمال، انور آفاقی، اعجاز انصاری، رضا اشکؔ، تفضیل احمدؔ، سلطان اختر، عالم خورشید، ارشاد خان سکندرؔ، ڈاکٹر یونس غازی، خواجہ جاوید اختر، طارق متین، جے۔ پی۔ سعید، افتخار راغبؔ، تاج پیامی، نوشادؔ اورنگ آبادی، حافظ کرناٹکی، رفیق رازؔ، منظر شہاب، ظفر کلیم، آتشؔ رضا، عتیق اللہ، مراق مرزا، خورشید اکبر، شپسر رسول، حسنین عاقب، مبارک انصاری، ظفر امام، اسدر رضاؔ، ضمیر یوسف، خلیل مامون، مطفر حنفی، کوثر مظہری، عطا عابدی، واجد سحری، فردوس گیاوی، احمد محفوظ، عرفان صدیقی، خالد عبادی، شہباز ندیم ضیائی، مخمورؔ سعیدی، ظفر انصاری ظفرؔ، عبدالاحد سازؔ، منصور

عمر، نجمالثاقب، اظہر نیر، مختار طلسری، شکیل جمالی، فراغ روہوی، سعید رحمان، احمد ضیائی، سالم سلیم، عشرت ظفر، خالد محمود وغیرہ ایسے شعراء ہیں جنہوں نے اپنی شاعری کے اعلیٰ معیار سے اکیسویں صدی میں بھی اردو شاعری کے دامن کو وسیع کر رہے ہیں۔

کتابیات

بنیادی ماخذ:

نام کتاب مصنف ناشر، طابع سن اشاعت

پھر ایسا نظارہ نہیں ہوگا، کلیم عاجزؔ، اردو بکر یو، نئی دہلی، ۲۰۰۸ء

خار و گل، ڈاکٹر وسیم الدین جمالیؔ، مائی بک سلیکٹ پبلشنگ، دہلی، ۲۰۰۲ء

یہ کہانی ہے مختصر میری سلیمؔ ٹانڈوی، مرکزی پبلیکیشنز، دہلی، ۲۰۱۸ء دلِ ناآشنا، سید شکیلؔ دسنوی، ایڈ شوٹ پبلیکیشنز، ممبئی، ۲۰۰۶ء

کتنی حقیقت کتنا خواب، شکیلؔ دسنوی، ایڈ شوٹ پبلیکیشنز، ممبئی، ۲۰۰۵ء

عکسِ غم، واحدؔ انصاری برہانپوری، سویر پرنٹنگ پریس، برہانپور۔ ۲۰۲۰ء

چھٹی حس کا پہلا دریا۔ایم۔کے۔اثرؔ، عرفان گرافکس، ہوڑہ، کولاتا، ۲۰۱۶ء

اشک لہجے، ڈاکٹر ظفر مرادآبادی، نیو الائڈ پرنٹرس، دہلی، ۲۰۰۹ء

تکمیل آرزو، قیصرؔ عزیز، اتقا پبلشنگ ہاؤس، دہلی، ۲۰۰۹ء

تعمیل آرزو، قیصرؔ عزیز، اتقا پبلشنگ ہاؤس، دہلی، ۲۰۱۱ء

ریت کا سفر، سلطان شمسی، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، ۲۰۱۷ء

کتابوں کا سفر، شروتؔ زیدی بھوپالی، شائن پبلیشرز، بھوپال، ۲۰۲۳ء

کوزے میں سمندر، میر سجادؔ، میر اردو مرکز، بہار، ۲۰۱۳ء

شہرِ افکار، میر سجاد۔دارالاشاعت مصطفائی، دہلی، ۲۰۱۷ء

رقصِ تنہائی، عقیل نعمانی، ــــــــــ۲۰۱۷ء

سرِ شام، ڈاکٹر مقبول فاروقی، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، ۲۰۱۶ء

لاوا، منظر بھوپالی، ــــــــ۲۰۰۱

احساساتِ فیض، فیض بہرائچی، تاج گرافکس، بہرائچ، ۲۰۱۵ء

احساس، فراز حسن پوری، مشکوٰۃ پرنٹرس، علی گڑھ، ۲۰۱۵ء

کسک، درد سرونجی، شبد پرنٹنگ پریس، بھوپال، ۲۰۱۸ء

میری غزلیں، علیم صبا نویدی، تمل ناڈو اردو پبلیشرز، چینئی، ۲۰۲۳ء

☆☆☆

علامہ اقبال کی نظم ''خفتگان خاک سے استفسار'' کا ایک مطالعہ

ڈاکٹر محمد محسن

کروڑی مل کالج، دہلی یونیورسٹی، دہلی

ملخص اس نظم میں علامہ اقبال مردوں سے سوال فرماتے ہیں کہ دنیا میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے ان کے دیدار کی خواہش کا اظہار کیا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب آیا کہ تم مجھے ہر گز نہیں دیکھ پاؤ گے۔ کیا عالمِ آخرت میں دیدارِ الٰہی ہو گا یا وہاں بھی جواب ملے گا لن ترانی کہ تم مجھے ہر گز نہیں دیکھ پاؤ گے۔ اسی طرح یہ دنیا اندھیروں اور تاریکیوں کا گھر ہے ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے۔ گویا پوری دنیا تاریکیوں سے معمور ہے۔ کیا عالمِ آخرت بھی اسی طرح اندھیروں سے بھرا ہوا ہے یا وہاں اللہ تعالیٰ کے نور کی تجلی سے عالمِ جاودانی منور اور روشن ہے۔ اسی طرح کے بہت سے سوالات اس نظم میں مردوں سے کیے گئے ہیں۔ جن سے عالمِ فانی اور عالمِ باقی کے درمیان فرق واضح ہو جاتا ہے۔ مزید یہ کہ اس نظم میں امتِ مسلمہ کے زوال پر بھی علامہ اقبال کی بے چینی و اضطراب کا واضح اظہار ہے۔ شاعر نہایت ہی دکھ و درد کے ساتھ یہ کہتے ہیں کہ آج کا مسلمان نہ علم و عمل سے کافی دور ہو چکا ہے بلکہ وہ غلامی اور ذلت کی زندگی گزارنے پر بھی مجبور ہے۔ جس قوم و ملت نے کبھی دنیا کو علم و حکمت اور عمل و حرکت کا پیغام دیا تھا وہ آج کاہل اور سراپا بے عمل ہے۔

اقبال، نظم، خفتگانِ خاک سے استفسار، موت ،راز، ربِ ارنی و لن ترانی ،رخصت، قبرستان، جنت

علامہ اقبال (ولادت 9؍نومبر 1877ء وفات 21؍اپریل 1938ء) بیسوی صدی کے بلند پایہ شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بلند نگاہ فلسفی بھی تھے۔ انہوں نے اردو نظم کو کئی نئی جہات عطا فرمائی ہیں۔ علامہ اقبال نے مختلف موضوعات پر نظمیں لکھیں ہیں، شاید ہی کوئی ایسا موضوع ہو۔ جو ان کی دسترس سے باہر ہو۔ ان کی نظموں نے قوم میں اس وقت جوش و جذبہ پیدا کیا جب قوم مایوس کن حالات، ہندو مسلم اختلافات اور ملک پر انگریزوں کے تسلط کے باعث ملک و ملت بالکل مایوسی کے غار میں جا چکی تھی۔ ایسے حالات میں علامہ اقبال کی نظموں نے بلا تفریق مذہب و ملت ہندوستانی قوم میں آزادی کا صور پھونک دیا۔ آج بھی علامہ اقبال کی نظمیں خاص مواقع پر جوش و خروش کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں۔ ان کی بعض نظموں میں موت و حیات کے فلسفے کا خوبصورت اندازِ بیان ملتا ہے۔ جیسا کہ ان کی مشہور نظم ''خفتگان خاک سے استفسار'' کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عالمِ فانی اور عالمِ جاودانی کے احوال بالکل مختلف ہیں۔

یہ نظم ابتدا میں چالیس اشعار پر مشتمل تھی، لیکن جب 1924ء میں بانگ درا منظر عام پر آئی تو اس نظم پر نظر ثانی کی گئی تھی۔ جس کے نتیجے میں کچھ اشعار حذف کر دئے گئے۔ چنانچہ تصحیح کے بعد کل چھبیس اشعار کے ساتھ بانگ درا میں شائع ہوئی۔ پہلی مرتبہ یہ نظم رسالہ ''مخزن'' میں

1902 کے شمارے میں شائع کی گئی تھی۔ نظم تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں چھ اشعار مذکور ہیں، دوسرے حصے میں بارہ اشعار ہیں اور آخری تیسرے حصے میں آٹھ اشعار شامل ہیں۔

مندرجہ بالا نظم کے علاوہ بانگ درا میں علامہ اقبال کی کئی ایسی نظمیں ہیں۔ جن میں کئی اہم شخصیات کی وفات پر غم والم کا اظہار تو کیا گیا ہے لیکن مرنے والے یعنی مردے سے سوال وجواب یا اس کا عکس وجھلک نہیں ملتا۔ نظم ''ماں کا خواب'' میں ایک جگہ ضرور سوالیہ اور استفہامیہ انداز نظر آتا ہے اور نظم ''فلسفہ غم'' میں اس بات کا پیغام ضرور ہے کہ جو ہمہ جہت شخصیت دنیا سے گزر چکے ہیں۔ ان کی زندگی کو از بس غم کے دوران نقش قدم بنائیں تاکہ مصیبت سے نجات ملے۔

''مرزا غالب'' کے عنوان سے جو نظم ہے اس میں غالب کی شاعری کی خوبیوں کو بیان کیا گیا ہے لیکن ایک مقام پر اظہارِ تأسف اس طرح کیا ہے کہ غالب جس شہر میں زیر خاک ہیں وہ شہر اجڑا ہوا ہے لیکن اس کے برعکس گوئٹے جس شہر کے گلستاں میں اپنا گھر بنایا ہے وہ آباد ہے یعنی غالب جس قوم کا نابغۂ روزگار اور فکرِ روزگار ہیں وہ قوم زوال پذیر ہے لیکن گوئٹے جس قوم میں جنم لیا ہے وہ قوم ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

علامہ اقبال نے بیسویں صدی کے آغاز میں بچوں کے لیے کئی نظمیں لکھیں۔ ان نظموں میں آسان زبان استعمال کیا گیا اور فارسی وعربی کے مشکل الفاظ سے اجتناب بھی کیا گیا ہے۔ علامہ اقبال طلبہ کی نفسیات سے مکمل طور پر واقف تھے اور انھیں بچوں کی نفسیات سے بھی بے حد لگاؤ تھا ساتھ ہی بچوں کی درسی کتابوں نے بھی ان نظموں کو شامل کیا جاتا تھا۔ نظم ''ماں کا خواب اسی نظموں میں سے ایک ہے جو ان کی ابتدائی زمانے کی شاعری سے وابستہ ہے۔ علامہ اقبال کی شاعری کو ئی ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے لیکن عام طور پر ان کی شاعری کو تین ادوار میں پیش کیا گیا ہے۔ ابتدا سے 1905 عیسوی تک کی ان کی شاعری کا پہلا دور کہا جاتا ہے۔ نظم ''ماں کا خواب'' بھی اسی دور سے تعلق رکھتی ہے جو بانگ درا میں 1905 عیسوی تک کی نظموں میں یہ نظم بھی شامل ہے۔

مذکورہ نظم علامہ اقبال کی طبع زاد نہیں۔ مغرب کے بے شمار شاعروں کا مطالعہ انہوں نے کیا تھا انہیں شاعروں میں سے کسی ایک شاعر کی نظم سے یہ نظم ماخوذ ہے۔ علامہ اقبال نے اپنے خیالات وفن کا بیان اس طور سے کیا ہے کہ یہ ان کی اپنی ہی تخلیق معلوم ہوتی ہے۔ نظم کل پندرہ اشعار پر مشتمل ہے۔ علامہ اقبال نے اس نظم میں ماں کے ایک خواب کو بیان کیا ہے۔ در حقیقت اس نظم میں بھی انہوں نے ایک جگہ سوالیہ انداز واستفسار سے کام لیا ہے۔ ماں ایک دن خواب میں اپنے کم سنی میں فوت ہوئے اپنے بچے کو دیکھتی ہے کہ وہ اندھیری رات میں کہیں جارہی ہوتی ہے ایسی ہی کیفیت میں اسے تاریکی کے بنا پر کچھ شے دکھائی نہیں دے رہی تھی۔ بڑی ہی مشقت کے بعد انہیں لڑکوں کی ایک جماعت نظر آتی ہے۔ اس مجمع میں شامل تمام لڑکے بیش بہا قیمتی لباس سے آراستہ وپیراستہ تھے۔ ان جماعت کے تمام لڑکوں کے ہاتھوں میں ایک چراغ روشن تھا اس قطار میں اس کا لڑکا بھی نظر آیا لیکن اس کا لڑکا اس گروہ میں سب سے پیچھے تھا اور اس کے ہاتھوں میں جو چراغ تھا وہ جل نہیں رہا تھا۔ اسی حالت میں ماں نے اپنے بیٹے کو گلے لگا لیا اور ماں نے اپنے بچے سے سوال واستفسار کیا اور کہا! اے میرے لعل! مجھے چھوڑ کر تم کہاں آگئے ہو؟ اے میرے۔ بچے میں تمہارے بغیر جی نہیں سکتی، ہر وقت تمہارے بغیر بے قرار اور زار وقطار روتی رہتی ہوں کسی پل بھی مجھ کو قرار نہیں ملتا۔ ماں کے سوال سننے کے بعد اس کے بیٹے نے جواب اس انداز سے پیش کرتا ہے۔

اے میری ماں! میرے ہاتھوں کا اس چراغ کو ذرا بغور دیکھ کہ میرا دیا بجھ گیا ہے۔ تجھے کچھ معلوم ہے کہ یہ کیوں نہیں جل رہا ہے؟ اس لیے کہ اے ماں! تو جو میری یاد میں مسلسل روتی رہتی ہے اور آنسو بہاتی رہتی ہے تیرے اسی آنسوؤں نے میرے روشن چراغ کو بے منور کیا ہے۔ اگر تو صبر واستقامت سے کام لیتی اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے نظام پر یقین رکھتی تو آج میں ان لڑکوں کے مجمع میں سب سے پیچھے نہیں ہوتا بلکہ جماعت میں سب سے آگے ہوتا اور نہ ہی میرے ہاتھوں کا چراغ بجھ رہا ہوتا بلکہ میرے دست کا دیا منور ہوتا۔ دراصل اس نظم میں علامہ اقبال نے ایک ماں اور بیٹے کے سوال وجواب کے پردے میں ایک ماں کی ممتا اور بیٹے کی موت پر فطری رنج والم کو پیش کیا ہے۔

متذکرہ نظم سے قطع نظر اب جو نظم وفات پر غم کے اظہار کے موضوع پر جو اہم نظم ہے وہ نظم ''داغ'' کے عنوان سے ہے۔ اس نظم میں علامہ اقبال نے داغ کی شاعری کی فنی خصوصیات کا بیان مفصل طور پر کیا ہے۔ داغ کی شاعرانہ عظمت کا اظہار پوری نظم میں دکھائی دیتی ہے۔ ایک جگہ داغ کی موت پر اپنے گہرے دکھ درد کا بیان اس طرح پیش کرتے ہیں۔ داغؔ دہلوی رنگین ودلکش پھول کی طرح تھے جو پھول کی خوشبو کی مانند اس فانی دنیا سے باقی دنیا کی طرف رخصت کر چلے۔ یہ بڑے ہی تأسف کی بات ہے کہ جس کی وجہ سے اردو زبان کی دھوم پوری دنیا میں ہے لیکن اردو زبان کا گھر داغؔ دہلوی کے بغیر ویران سا ہے۔

نظم ''فلسفۂ غم'' کے آخری حصے میں علامہ اقبال یہ بیان کرتے ہیں کہ انسانی زندگی ایک عارضی زندگی ہے جو لوگ اس دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں وہ اس دنیا سے چلے تو ضرور جاتے ہیں لیکن فنا نہیں ہوتے۔ انسان مرنے کے بعد جہان باقی میں منتقل ہو جاتے ہیں اور وہاں دائمی زندگی کا آغاز کرتے ہیں۔ انسان جب دنیا کی آفتوں میں مبتلا ہو جائے اور صحیح اور غلط کا امتیاز نہ کر سکے اور اسے کوئی امید بر نہ آئے تو وہ ایسے غمگیں حالات میں انسان اس عظیم شخصیت کی زندگی سے سبق حاصل کرے جو اس دارِ فانی سے دارِ بقا کی طرف منتقل کر گئے ہیں۔ علاوہ ازیں ان کے کامیاب کارنامے اور صفتوں پر غور کرے اور ان کی نقش قدم پر چل کر انسان اپنی زندگی کو بہتر بنا سکتا ہے۔ دراصل اس نظم میں علامہ اقبال نے مردے سے سوالیہ انداز تو نہیں اپنایا ہے۔ لیکن یہ پیغام ضرور دیا ہے کہ جو بڑی شخصیت اس دارِ فانی سے گزر گئے ہیں۔ مصیبت کے وقت میں انسان کو ان کی زندگی کی طرف مڑ کر دیکھنا چاہیے۔

شبلی وحالی'' کے عنوان سے بانگ درا میں ایک نظم شامل ہے۔ یہ نظم مولانا شبلیؔ اور مولانا حالی دونوں کی ہمہ جہت شخصیت پر لکھی گئی ہے۔ اس نظم میں بھی علامہ اقبال نے دونوں کی وفات بے حد رنج وغم کے آنسوں بہائے ہیں لیکن نظم میں کہیں بھی مردے سے سوالیہ انداز یا استفسار کا عنصر نظر نہیں آتا۔ شبلیؔ وحالیؔ کی ادبی کار گزاری کو ہی ذکر کیا گیا ہے جس سے دونوں ادیبوں کی جامع شخصیت روشن ہو کر ہمارے سامنے آتی ہے۔

نظم ''والدہ مرحومہ کی یاد میں'' علامہ اقبال کی ایک عظیم ترین اور مشہور ومعروف نظم ہے۔ انہوں نے اپنی والدہ مرحومہ کی یاد میں ایسی نظم لکھی جو غم والم کا پیکر بن گیا۔ اندازِ بیان اتنا دلکش ہے کہ خود کا غم نہ رہ کر پوری کائنات کا غم بن گیا ہے۔ علامہ اقبالؔ کی اس نظم کو جاودانی شہرت حاصل ہوئی اور اس نظم کا ہر حصہ دکھ درد سے لبریز ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ماں سے بے پناہ محبت کی بنا پر نظم جا بجا والدہ مرحومہ کی یاد میں غم کا اظہار کیا گیا ہے لفظ 'ماں' دنیا کا سب سے حسین وخوبصورت لفظ ہے۔ ایک بیٹے نے ماں کی محبت میں جس طرح سے اپنے درد کی کیفیت کا بیان کیا ہے اس کی مثال دنیا کی ادبیات میں بے نظیر ہے۔

زیر بحث نظم ''خفتگانِ خاک سے استفسار''کا موضوع یہ ہے کہ موت انسان کے لئے ایک راز ہے اور ہر انسان اس راز کو معلوم کرنا چاہتا ہے کہ آخر یہ موت کیا شے ہے؟اس نظم کے پردے میں علامہ اقبالؔ نے موت اور موت کے بعد پیش آنے والے احوال کو سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ جس کے لئے سوالیہ انداز اپنایا ہے۔ مرنے کے بعد والی دنیا کیسی ہوگی؟اس دنیا کے جیسی یا اس سے بالکل جدا اور سب سے اہم سوال یہ ہے کہ اس دنیا میں تو کوئی بھی انسان خدا کو نہیں دیکھ سکتا۔ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے دیدار کی تمنا ظاہر کی تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب آیا" لن ترانی " یعنی تم مجھے ہر گز نہیں دیکھ سکتے۔ کیا آخرت میں بھی دیدارِ الٰہی کے لئے ''رب ارنی'' کہنا پڑے گا اور جواب میں" لن ترانی "فرمایا جائے گا یا وہاں دیدارِ رب کائنات نصیب ہوگا۔

علامہ اقبال اس نظم کے پہلے حصے میں شام کی منظر کشی فرمارہے ہیں کہ سورج غروب ہو چکا ہے اور شام کے چہرے سے نقاب اٹھ گیا ہے کہ جس کی وجہ سے ہر چیز پر اندھیرا چھا گیا گویا تاریکی نے اپنے بال ہر چیز پر پھیلا دئے ہیں اور ہر چیز سیاہ نظر آتی ہے۔ شاعر پوچھتا ہے کہ ہر چیز نے یہ سیاہ لباس جو زیبِ تن کیا ہے یہ کس کے غم کی تیاری ہو رہی ہے۔ کیونکہ عام طور پر سیاہ لباس غم کے وقت پہنا جاتا ہے۔ شاعر نے رات کی تاریکی کو سیاہ لباس سے تعبیر کیا ہے کہ یہ کس کے غم میں پہنا جارہا ہے۔ خود ہی جواب دیتے ہیں کہ سورج ڈھل چکا ہے گویا کہ سورج کی موت ہو گئی ہے اور اس کی موت کے غم میں پوری دنیا نڈھال ہے اور سیاہ لباس پہن کر دنیا کی ہر شے اپنے رنج و ملال کا اظہار کر رہی ہے۔ رات کی منظر کشی کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ آسمان نے ہونٹوں پر ایک جادو سا کر دیا ہے کہ لب ابھی تک گفتگو کر رہے تھے۔ وہ بولتے بولتے اچانک ایسے خاموش ہو گئے جیسے کسی نے ان پر جادو کر دیا ہو کہ اب بول بھی نہیں پا رہے ہیں۔ اسی طرح رات کو جادو گر کہاں گیا کیونکہ رات نے جاگنے والی آنکھ پر جادو کر دیا ہے جو آنکھ ابھی تک کھلی ہوئی تھی، اور جاگ رہی تھی وہ ایک دم سے بند ہو گئی ہے اور اس کے لئے جاگنا دشوار ہو رہا ہے۔ کوشش کے باوجود بھی آنکھ کھل نہیں پا رہی ہے۔ بار بار کوشش کے باوجود بند ہو رہی ہے جیسے کہ کسی نے جادو کر دیا ہو۔ رات کا منظر اتنا خاموش ہوتا ہے کہ ہوا کے چلنے کی بھی آواز سنائی نہیں دیتی گویا ہوا بھی خاموشی کے دریا میں غوطہ لگا رہی ہے۔ جس کی وجہ سے ہوا کے چلنے کی آواز بالکل بھی محسوس نہیں ہوتی۔ وجہ یہ ہے کہ رات کا ماحول بالکل خاموش ہوتا ہے۔ اتنا خاموش کہ اگر بہت دور کوئی ہلکی سی بھی گھنٹی بجتی ہے تو اس کی بھی آواز سنائی پڑ جاتی ہے۔ شاعر اپنے دل کی کیفیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میرا دل محبتِ الٰہی میں اتنا بے قرار ہو چکا ہے کہ اب دنیا سے نفرت کرنے لگا ہے۔ اس نفرت کے نتیجے میں مجھے دنیا سے نکال کر قبرستان میں کھینچ لایا ہے۔ دنیا میں بہت سی ناکامیوں اور محرومیوں سے واسطہ پڑا ہے اور میں نے خود اپنی محرومیوں کا تماشا دیکھا ہے۔ اپنی محرومیوں کے تماشائیوں میں گویا میں خود بھی شامل ہوں۔ اس لئے دنیا جہان سے میرا دل اچاٹ ہو گیا اور میں مردوں کا ساتھی اور ہم نشین بن گیا ہوں۔ اب میں نے زندوں کی ہم نشینی چھوڑ کر مردوں کی صحبت اختیار کر لی ہے۔ اب انھیں سے گفتگو ہوتی ہے اور انھیں میں بیٹھنا اٹھنا رہتا ہے۔ در حقیقت یہ کہ انہیں سے میں دلی کیفیت کا اظہار کرتا ہوں۔ میرے دل میں جو بھی سوال پیدا ہوتا ہے انہیں سے اس کا جواب معلوم کرتا ہوں۔ یہ اشعار ملاحظہ ہوں۔

دل کہ ہے بیتابیِ الفت میں دنیا سے نفور
کھینچ لایا ہے مجھے ہنگامۂ عالم سے دور

منظرِ حرماں نصیبی کا تماشائی ہوں میں

ہم نشینِ خفتگانِ کنجِ تنہائی ہوں میں

جو لوگ اس فانی دنیا سے رخصت ہو گئے ہیں۔ ان سے دوسری باقی دنیا کے احوال معلوم کرنا اس نظم کا مرکزی موضوع ہے۔ نظم کے دوسرے حصے میں اس باقی دنیا کے بارے میں ہی سوالات کئے گئے ہیں۔ شاعر مرنے والوں سے پوچھتا ہے کہ تم کہاں رہتے ہو ہمیں بھی اس دیس کے بارے میں کچھ بتاؤ جہاں تم رہتے ہو۔ ذرا بتاؤ کہ جس دنیا میں تم رہتے ہو وہاں بھی دن اور رات کا سلسلہ ہے۔ یعنی دن کے بعد رات اور رات کے بعد دن ہوتا ہے۔ دنیا کی طرح وہاں بھی اصلاح اور فساد اور بننے اور بگڑنے کا سلسلہ ہے یا نہیں۔ اس دنیا میں انسانوں کو بہت سارے غم گھیرے رکھتے ہیں۔ بہت سے مواقع پر انسان اپنے آپ کو مجبور پاتا ہے کہ اس کا دل کسی چیز کو چاہتا ہے مگر وہ چاہ کر بھی اسے حاصل نہیں کر پاتا۔ کیا اس دیس میں بھی انسان اسی طرح مجبور اور بے بس ہے۔ یہاں عاشق اپنے معشوق پر جان دے دیتا ہے۔ کیا اس دیس میں بھی ایسا ہوتا ہے؟ جس طرح دنیا میں انسان بہت سے تعلقات اور رشتہ داریوں میں بندھا ہوا ہے اور یہ رشتہ داریاں اس کے لئے وبالِ جان سے کم نہیں ہیں۔ یہ سلسلہ کیا وہاں بھی پایا جاتا ہے؟ دنیا میں انسان کو اللہ نے ایک چھوٹی سی زندگی دے کر بھیجا ہے لیکن پریشانیاں اور مشکلات بے شمار ہیں کہ ایک مشکل ختم ہوتی ہے اور دوسری شروع ہو جاتی ہے۔ انسان کی روح پوری زندگی غموں میں ہی گھری رہتی ہے۔ اسے کبھی رنج و غم سے آزادی نہیں ملتی۔ کیا اس ولایت میں بھی انسان کی روح غموں سے آزاد نہیں ہے۔ اس دنیا میں رہتے ہوئے انسان کو زندگی گزارنے کے لئے بہت سارے انتظامات کرنے پڑتے ہیں، کبھی روزی روٹی کی فکر، کبھی کپڑے و لباس کی فکر اور کبھی رہنے کے لئے گھر و مکان کی فکر۔ مکان بنانے کے لیے انسان اینٹ اور پتھر وغیرہ کی تلاش میں لگا رہتا ہے۔ کیا یہ ساری فکریں اس جہاں میں بھی پائی جاتی ہیں یا وہاں انسان ان فکروں سے آزاد ہے۔ اس دنیا میں رہ کر انسان اپنی اصلیت سے غافل و بیگانہ ہے اور غرور و تکبر میں مبتلا ہے۔ اگر انسان اصلیت پر غور کرے کہ میری پیدائش مٹی سے ہوئی ہے تو وہ کبھی تکبر میں مبتلا نہ ہو گا۔ لیکن انسان اپنی اصلیت کو بھلا بیٹھا ہے اور اسے اپنی برتری اور امتیاز کی ایک دُھن لگی ہوئی ہے کہ میں بڑا، میرا مذہب بڑا، میری حیثیت بڑی اور میرا قانون بڑا۔ اس جہاں میں اگر کوئی کسی کو رنج و تکلیف پہنچاتا ہے تو وہی اس کو بھگتنا پڑتا ہے کوئی اس کا شریکِ غم نہیں ہوتا۔ کوئی کسی کا دردِ دل محسوس نہیں کرتا۔ کیا وہاں بھی ایسا ہی ہوتا ہے یا مختلف حالات ہیں۔ اب چند اشعار پیش ہیں۔

تھم ذرا بیتا بی دل ! بیٹھ جانے دے مجھے

اور اس بستی پہ چار آنسو گرانے دے مجھے

اے مئے غفلت کے سرمستو! کہاں رہتے ہو تم ؟

کچھ کہو اس دیس کی آخر جہاں رہتے ہو تم ؟

وہ بھی حیرت خانۂ امروز و فردا ہے کوئی ؟
اور پیکارِ عناصر کا تماشا ہے کوئی

تیسرے حصے میں شاعر کچھ مزید سوالات فرماتے ہیں۔ مثلاً جنت جہنم اسی طرح انہوں نے اس جہاں کی بہت سی چیزوں کے بارے میں استفسار فرمایاہے کہ جس کی وضاحت تیسرے حصے کی تشریحات میں اس طرح ہیں۔ جنت کوئی باغ یا کوئی آرام کرنے کی جگہ ہے یا باری تعالیٰ کے حسن کے دیدار کو ہی جنت کہا گیاہے۔ جہنم میں گناہوں کو جلانے کے لئے انسانوں کو ڈالا جاتاہے یا جہنم کی آگ کے شعلوں کے ذریعہ انسان کو ادب سکھایا جاتا ہے۔یعنی جہنم میں ڈالنے کا مقصد کیاہے ؟انسان کے گناہوں کو جلانا یااس کو ادب سکھانا مقصد ہے۔اس دیس میں بھی انسان اسی طرح چلتے ہیں جیسے یہاں یاوہاں چلنے کے بجائے انسان اڑتے ہیں یعنی اپنے سفر کو پرندوں کی طرح پرواز کے ذریعہ طے کرتے ہیں۔ چونکہ موت وہ راز ہے جسے وہی سمجھ سکتاہے جو اس مرحلے سے گزر چکاہے۔اہل زمین موت کا نام تو لیتے ہیں مگر موت کی حقیقت سے واقف نہیں ہیں اس کی حقیقت بتاؤ کہ موت کا راز کیاہے۔انسان کا دل جب بے چین ہوتاہے تووہ دنیا کی چیزوں میں سکون تلاش کرتاہے اور انسان کا علم بہت محدود ہے۔ کیاآخرت میں بھی انسان کا علم محدود ہی رہے گا یالا محدود۔انسان کا مغموم دل کیااس جہان میں اللہ کے دیدار سے تسکین پاتاہے یاوہاں بھی اسے دیدار کی تمنا کرنے پر وہی جواب ملتاہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دنیامیں دیا گیا کہ " لن ترانی" تم مجھے ہر گز نہیں دیکھ پاؤ گے۔ آیاآخرت میں اللہ تعالیٰ اپنادیدار کراتے ہیں یا نہیں۔

مصر ایک ملک کا نام ہے جو افریقہ براِعظم میں ہے لیکن یہ دیس عرب ممالک میں شمار ہوتاہے۔ فلسطین مصر کا ہمسایہ ملک ہے مصر میں سینا ایک جگہ ہے جہاں کوہِ طور واقع ہے اس کوہِ طور کے اعلیٰ ترین چوٹی پر چڑھ کر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے مخاطب ہو کر " رب ارني انظر اليك" اے میرے رب میں آپ کا دیدار کرناچاہتاہوں۔تاکہ میں اپنے دل کو تسکیں دے سکوں اور آپ کے دیدار سے اپنی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچا سکوں لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ جلّ جلال سے جواب ملا" لن ترانی " تم مجھے ہر گز نہیں دیکھ سکتے۔ اگر تمہیں میرے دیدار کا اتناہی شوق ہے تو میں اس پہاڑ پر اپنی تجلی ڈال دیتاہوں۔ اگر یہ پہاڑ اپنی جگہ قائم ودائم اور صحیح وسالم رہا تو تم مجھے ضرور دیکھ سکو گے ورنہ قطعاً نہیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے کوہِ طور پر اپنی تجلی فرمائی تو یہ بلند ترین پہاڑ اللہ تعالیٰ کی تجلی کے نور کی شدت سے ریزہ ریزہ ہو گیا۔ یہ منظر دیکھ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر بھی بے ہوشی کی کیفیت طاری ہو گئی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے۔

یہ اللہ تعالیٰ کے نور کی تجلی تھی جسے دنیا کی کوئی چیز بھی برداشت نہیں کر سکتی کیونکہ پہاڑ دنیا کی مخلوقات میں قوی ترین مخلوق ہے۔ جب وہی رب کی تجلی برداشت نہ کر سکا تو دوسری مخلوق تو بدرجہ اولیٰ برداشت نہیں کر سکتی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے جو"لن ترانی "فرمایاہے۔ یہ صرف اس دنیا کے لئے ہے۔ قیامت میں اہلِ ایمان (اہل جنت)اللہ تعالیٰ کو دیکھیں گے اور جنت میں بھی اہل جنت کو اپنادیدار کرائیں گے۔ آخرت میں اللہ تعالیٰ آنکھ میں

اتنی قوت وطاقت فرمائیں گے کہ روبرواللہ تعالیٰ کے دیدار سے لطف اندوز ہوں گے دیدارِالٰہی جنت کی نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت ہے۔ یہ ایسی نعمت ہے کہ جس کے سامنے جنت کی تمام نعمتیں بے حیثیت معلوم ہونگی۔

اس دنیا میں انسان سکون کے لئے مسلسل جدوجہد کرتا رہتا ہے۔ کیا وہاں بھی یہی کیفیت ہوگی۔ یہ دنیا بہت سی تاریکیوں اور اندھیروں سے بھری ہوئی ہے، کہیں جہالت کا اندھیرا، کہیں ظلم کا اندھیرا۔ وہ دنیا بھی اسی طرح تاریکیوں سے بھری ہوئی ہے۔ یااللہ تعالیٰ کی تجلی کے نور سے روشن اور سراپانور بنی ہوئی ہے۔ اہل زمین آج تک موت کے راز کو سمجھ نہیں پائے۔ یہ راز اہل آسمان ہی جانتے ہیں۔ اس لئے بتاؤ کہ یہ کیا راز ہے کیونکہ موت وہ راز ہے جو شروع سے انسان کے دل میں کانٹے کی طرح چبھتا اور کھٹکتا ہے۔ لہذا اس راز سے تم ہی پردہ اٹھاؤ اور ہمیں بتاؤ کہ موت کی کیا حقیقت ہے؟ مثال کے طور پر ذیل میں تیسرے حصے کا ایک شعر پیشِ تحریر ہے۔

دید سے تسکین پاتا ہے دل مہجور بھی ؟
لن ترانی کہہ رہے ہیں یا وہاں کے طور بھی ؟

جیسا کہ اس نظم کے سلسلے میں پروفیسر یوسف سلیم چشتی رقمطراز ہیں کہ :

''موت انسان کے لئے ایک معمہ ہے اور ہر انسان اس کا راز معلوم کرنا چاہتا ہے کہ مرنے کے بعد جو دنیا ہوگی وہ کیسی ہوگی؟ اس دنیا کی طرح یا اس سے مختلف ہوگی؟ اس نظم کی خوبی یہ ہے کہ اس میں اقبال نے اس دنیا کی زندگی کا صحیح اور مؤثر نقشہ کھینچ دیا ہے اور سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ یہاں تو ہم خدا کو نہیں دیکھ سکتے تو کیا اس دنیا میں اس کی دید سے دل مہجور کو تسکین حاصل ہو سکے گی۔ یا وہاں بھی دیدار کے سوال کے جواب میں '' لن ترانی ''ہی سنیں گے؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالی سے کہا تھا'' رب ارنی '' اے رب تو اپنے آپ کو مجھے دکھادے تو اللہ نے جواب دیا'' لن ترانی ''یعنی مجھے ہر گز نہیں دیکھ سکتا ''۔

(بانگ درا مؤلف مع شرح-پروفیسر یوسف سلیم چشتی ص۔102)

مزید ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی مندرجہ بالا شعر کی روشنی میں رقمطراز ہیں:

''کیا وہاں بھی ہجر کا مارا ہوا دل دید سے تسکین پاتا ہے؟ یہاں جب ایک عاشق کو محبوب کا دیدار نہیں ہوتا تو وہ بے قراری، اضطراب کا شکار ہو جاتا ہے اور جب محبوب کا دیدار ہو جائے تو اسے بے حد سکون حاصل ہو جاتا ہے۔ اسی حوالے سے ایسا کہا ہے یا وہاں کے طور بھی لن ترانی کہہ رہے ہیں۔ مراد یہ کہ کیا

تمہیں اس محبوبِ حقیقی کا دیدار ہوتا ہے یا اس سے دوری ہی ہوتی ہے اور وہی حضرت موسیٰ والا واقعہ دہرایا جاتا ہے۔"

(شرح بانگ درا—شارح ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی۔ ص۔46)

الغرض،اس نظم میں علامہ اقبال نے موت کے بعد پیش آنے والے حالات کو دنیا میں پیش آنے والے احوال سے موازنہ کر کے کچھ سوالات ان لوگوں سے کئے ہیں جو اس دنیا کو الوداع کہہ کر دارِ باقی کی طرف کوچ فرما چکے ہیں۔ موت کیا ہے؟ اور زندگی کیا ہے۔؟ ان سوالات کے ذریعے دونوں کے احوال و کوائف کو بخوبی بیان کیا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان سوالات کا جواب مردے تو دے نہیں سکتے۔ لہٰذا خود ہی ان سوالات کا جواب تلاش کرنا پڑے گا اور جواب وہی ہے۔ ایک دین دار اور قرآن و حدیث کا تھوڑا سا بھی علم رکھنے والا آدمی ان سوالات کے جوابات پر بخوبی قدرت رکھتا ہے۔ علامہ اقبال کی شاعری کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ وہ عموماً قرآن و حدیث ہی کو اشعار میں بیان کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوہِ طور پر جو سوال و جواب کا واقعہ پیش آیا تھا۔ اسی واقعہ کو انہوں نے اشعار کے قالب میں بیان فرمایا ہے۔ مزید یہ کہ انھوں نے اس نظم کے پردے میں ملتِ اسلامیہ کے زوال پر بھی نہایت ہی بلند آہنگ میں اپنے غم والم کا اظہار ہے جو ایک بے مثال فن ہے اور انہیں کے ساتھ خاص ہے۔ نظم کا اختتام مندرجہ ذیل شعر پر ہوا ہے جو زندگی اور موت کے راز پر اساس رکھتا ہے۔

تم بتا دو راز جو اس گنبدِ گردوں میں ہے موت ایک چبھتا ہوا کانٹا دلِ انساں میں ہے

☆☆☆

دردر گا سہائے سرور جہان آبادی کی شاعری میں وطنیہ عناصر

محمد رضوان

ریسرچ اسکالر-شعبہ اردو مہاتما جیوتبہ پھلے روہیل کھنڈ یونیورسٹی بریلی

تلخیص: مغربی اتر پردیش کے ضلع پیلی بھیت میں ایک چھوٹا سا قصبہ جہان آباد ہے جو موجودہ وقت میں کسی بھی ایسی خصوصی اہمیت کا حامل نہیں ہے جو کہ قابل ذکر ہو-لیکن گزشتہ زمانے میں یہ قصبہ شعر و سخن اور علم و ہنر کا گہوارہ تھا-دراصل جہان اباد کا پرانا نام بلئی تھا جو راجہ بل کے نام پر بسایا گیا تھا کہا جاتا ہے کہ بلئی کا ذکر پرانوں میں آیا ہے، اکبر کے زمانے میں یہ پرگنہ محل کا صدر مقام تھا اس کے بعد جب شاہ جہاں کا دور آیا تب بادشاہ نے درباری امراء ورؤسا کو یہاں پر جاگیریں عطا کیں، جن میں ہندو و مسلمان سبھی شامل تھے یہ لوگ دہلی سے نقل مقامی کر کے بلئی میں بس گئے صوبے دار نے بادشاہ کے نام پر اس جگہ کا نام جہان آباد رکھا- کسی زمانے میں جہان آباد میں علم و ادب کا بہت چرچا تھا اور یہاں پر شعر و سخن کی محفلیں خوب سجتی تھیں، اپنے زمانے کے بڑے فارسی شعراء جن میں منشی تیج رائے، کشتہ منشی کرامت حسین بہار، منشی ریوتی لال بے جان، حکیم رگھوویر سہائے بریاں، ضامن حسین گویا، آنند سروپ بسمل، اندر، ہنر وغیرہ کا تعلق اسی سرزمین سے رہا ہے۔ جن میں منشی تیج رائے کشتہ نے اپنی شہرت کا ڈنکا ایران تک بجایا انہوں نے حافظ شیرازی کی غزلوں پر غزلیں کہیں شاہ ایران ان کے فارسی کا کلام سے اتنا متاثر ہوا کہ اس نے خوش ہو کر ایک زربفت خرقہ اور نقد انعام ایران سے ہندوستان حضرت کشتہ کو بھیجے تھے-درگا سہائے سرور جہان آبادی اسی سرزمین جہان آباد میں پیدا ہوئے تھے اور آپ کشتہ کی اولادوں میں سے تھے گویا کہ شعر و سخن کا خزانہ سرور کو وراثت میں ملا تھا- سرور جہاں آبادی کا نام اردو نظم کے اولین معماروں میں لیا جاتا ہے اگرچہ انہوں نے مختصر سی عم عمر پائی اور عالم شباب میں ہی اس دنیا سے رخصت ہو گئے لیکن انہوں نے اپنے کلام کا جو سرمایہ چھوڑا وہ انہیں اردو دنیا میں ہمیشہ زندہ رکھے گا- سرور نے اپنی شاعری میں وطن اور ملحقات وطن کو کچھ اس طرح سے بیان کیا جو دیگر شعرا کے یہاں ندارد ہے، جدید شاعری کی تحریک کے بعد عام طور سے وطن پر نظمیں لکھی جانے لگی تھیں لیکن سرور سے پہلے کسی بھی اردو شاعر نے وطن کا تصور ''ماں'' اور ''دیوی'' کی حیثیت سے نہیں کیا- سرور کو اردو شاعری میں اس امر میں اولیت حاصل ہے کہ انہوں نے وطن کا تصور ماں اور دیوی کی حیثیت سے کیا اور اردو شاعری کے پہلے قومی شاعر کہلائے- سرور کی نظم خاص طور پر عروس حب وطن، چشم وطن، پھولوں کا کنج، سرزمین وطن، خاک وطن، مادر ہند، یاد وطن خاص طور پر قابل ذکر ہیں، جو براہ راست وطن اور ملحقات وطن سے تعلق رکھتی ہیں-اور ان کی دیگر نظمیں جن میں گنگا جمنا، پریاگ کا سنگم، نور جہاں کا مزار، پدمنی، امید طفلی، بیر بہوٹی، حسرت شباب، سیتا جی کی گریہ وزاری، ماتم آرزو، گل فردوس، لکشمی جی ستی، لالہ صحرا، فریاد آدم، شیون عروس، فضائے برشگال، ایک حسینہ اور جگنو، بے ثواتی دنیا وغیرہ موضوعات کے اعتبار سے ان کے ایک الگ تخلیقی مزاج کا پتہ دیتی ہیں—

کلیدی الفاظ: جناں#کنج#بسالت#کماں کش#خم#خرد#بیداد خوں# گزند#شوالا

زمانہ قدیم سے لے کر موجودہ زمانہ تک وطن اور ملحقات وطن دنیائے شعر و ادب کا خاص موضوع رہا ہے دنیا کا کوئی بھی ادب ہو اس ادب میں حب الوطنی کا عنصر ضرور شامل ہوگا، لیکن جیسے جیسے زمانہ اور وقت گزرتا گیا ویسے ویسے وطن کے معنی و مفہوم اور تصور میں بھی تبدیلی آتی گئی زمانے قدیم میں انسان

گروہ اور قبیلوں میں رہتا تھا اس وقت وطن کے معنی و مفہوم اور تصور کچھ اور تھے آج دنیا جبکہ گلوبل ولیج بن گئی ہے اج وطن کے معنی و مفہوم اور تصور کچھ اور ہیں۔

ڈاکٹر حکم چند نیر لکھتے ہیں۔ قوم اور قومیت کا تصور بھی دیگر سماجی تصورات کی طرح انسان کے سماجی شعور کے تاریخی ارتقا کی ایک کڑی ہے اور اس کا ارتقا مختلف خارجی اور داخلی عوامل کا مرہون منت ہے، قوم ایک ایسی تہذیبی گروہ کو کہا جاتا ہے جس کے بعض افراد مشترک اغراض و مقاصد کی بدولت ایک دوسرے سے وابستہ ہوں یوں تو دنیا میں زمانہ قبل از تاریخ سے کئی قومیں موجود رہیں لیکن جدید معنوں میں قومیت ماضی قریب کی چیز ہے، جدید قومیت کے اجزائے ترکیبی میں حب الوطنی کو وہی حیثیت اور اہمیت حاصل ہے جو اعتقاد کو مذہب میں حاصل ہے۔ا۔

حب الوطنی کا جذبہ دنیا کی دیگر محبتوں سے الگ تھلگ اور مقدس ہے اسی جذبے کے تحت شعرا اپنی شاعری میں وطن سے محبت کا اظہار کرتے ہیں، اردو شاعری میں سرور جہان آبادی اردو کے پہلے شاعر نہیں تھے جنہوں نے اپنی شاعری میں وطن کو جگہ دی ان سے بھی بہت پہلے بہت سے اردو شعراء کی شاعری میں وطن کا ذکر ملتا ہے جیسے قلی قطب شاہ نظیر اکبر آبادی وغیرہ لیکن جو تصور سرور کی شاعری میں ملتا ہے وہ انفرادی اہمیت کا حامل ہے وطن کا جو تصور سرور نے پیش کیا وہ دیگر شعراء کے یہاں ندارت ہے۔

گوپی چند نارنگ لکھتے۔ ہیں جدید دور کی شاعری سے پہلے 1857 کے غدر کے بعد مبہم ہی سے ہی ایک امید کی روشنی دکھائی دی جس کی بدولت وطن کے مصلحین مدبرین اور اہل وطن میں حریت اور بیداری کا شعور جاگنے لگا جیسے جیسے وقت گزر رہا تھا حریت اور بیداری کا شعور بھی پروان چڑھ رہا تھا اور بیسویں صدی آتے آتے اب یہ شعور اپنی عروج کو پہنچ چکا تھا اب وطن کا تصور علاقائی نہیں رہ گیا تھا جیسا کہ قلی قطب شاہ اور نظیر اکبر آبادی کے دور میں تھا بلکہ اب وطن کے تصور میں سیاسی وسعت پیدا ہو چکی تھی ہندوستان کی اصلاحی تحریکیں اب سیاسی تحریکوں کے ساتھ باہمی تعاون کر رہی تھیں جس سے عوام و خواص کے بیچ کی دوریاں کم ہوئیں۔۲۔

اب مکمل ہندوستان آزادی، انقلاب اور سیاسی جدوجہد کے دور میں داخل ہو چکا تھا، انقلاب اور آزادی کا مکمل جذبہ ہندوستان کو اپنی لپیٹ میں لے چکا تھا۔

سرور جہاں آبادی اسی دور کے شاعر ہیں۔ درگا سہائے سرور جہان ابادی کی ولادت 1873 کو بمقام جہان آباد ضلع پیلی بھیت میں ہوئی اپ کے والد ماجد حکیم پیارے لال ایک شریف النفس ماہر حکیم تھے اور عربی و فارسی کے زبردست عالم تھے گویا کہ علم و فن اور شعر و سخن کا خزانہ سرور کو وراثت میں ملا تھا، سرور نے ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی آگے کی تعلیم کے لیے سرور کے والد نے ان کو جہان آباد کے مڈل اسکول میں داخل کرا دیا جہاں مولوی کرام حسین بہار بریلوی درس و تدریس کے فرائض انجام دے رہے تھے بہار صاحب جیسے مشفق و مہربان استاد کی صحبت نے سرور کی طبیعت کو اور بھی جلا بخشی اور اپ زمانہ طالب علمی ہی سے شاعری کی طرف متوجہ ہو گئے اور شعر کہنے لگے۔ سرور نہایت ہی ذہین اور محنتی طالب علم تھے اردو و فارسی شعرا کے کلام کو بہت دلچسپی سے پڑھتے تھے ذہانت و ذکاوت کی بدولت تھوڑے ہی عرصے میں اردو و فارسی زبان پر مہارت حاصل کر لی اور 1890 میں اردو مڈل امتحان امتیازی نمبر سے پاس کیا اور اسکول میں اول رہے۔ سرور کے والدین چاہتے تھے کہ وہ اعلی تعلیم حاصل کریں اور سرور خود بھی اعلی تعلیم حاصل کرنا چاہتے تھے آپ کو انگریزی زبان و ادب سے گہرا لگاؤ تھا اور آپ انگریزی تعلیم حاصل کرنا چاہتے تھے لیکن مشکل یہ تھی کہ جہان آباد میں انگریزی تعلیم کا کوئی اسکول نہیں تھا سرور کی لگن نے انہیں چین سے بیٹھنے نہ دیا اور آپ نے منشی شب سہائے سے اپنی دلی خواہش کا اظہار کیا منشی صاحب اس وقت جہان ابادی میں سب پوسٹ ماسٹر کے عہدے پر فائض تھے اور انگریزی تعلیم یافتہ تھے انہوں نے سرور کی لگن دیکھ کر انگریزی پڑھانے کی حامی بھر لی۔

سرور نے دو سال میں انگریزی کا مڈل بھی پاس کر لیا اور ذاتی طور پر بھی مطالعہ جاری رکھا اپ نے انگریزی زبان پر اتنی مہارت حاصل کر لی کہ انگریزی کی

بہت سی نظموں کو اردو کا جامہ کچھ اس طرح سے پہنایا کہ ترجمہ ہوتے ہوئے بھی طبع زاد کا گمان ہوتا ہے۔اپ کیٹس، شیلی، براؤننگ سے حد درجہ متاثر تھے کیٹس اور شیلی کے مقبرے پر ''بکائے انگلستان'' کے عنوان سے ایک بے حد رقت آمیز نظم لکھی۔

سرور کو خدا نے متعدد صلاحیتوں سے نوازا تھا سرور کے والد جہان آباد اور قرب وجوار کے مشہور طبیب تھے سرور جہاں ایک طرف شعر و سخن میں طبع آزمائی کر رہے تھے تو وہیں دوسری طرف اپنے آبائی پیشہ طبابت میں بھی دلچسپی لینے لگے جب آپ کے والد نے طبابت میں آپ کی دلچسپی کو دیکھا تو آپ کو یونانی اور آیورویدک کی تعلیم کے ساتھ ساتھ سنسکرت کی بھی تعلیم دینے لگے کیونکہ آیورویدطب کے لیے سنسکرت زبان کا جاننا لازمی ہے نہایت ہی کم عرصے میں سرور نے فن طبابت میں بھی خاصہ مہارت حاصل کر لی قدرت نے سرور کے ہاتھ میں بے حد شفا رکھی تھی دق اور سرسام کے علاج میں آپ خاصہ مہارت رکھتے تھے لیکن طبابت کو کبھی آپ نے کبھی ذریعہ معاش نہیں بنایا۔

جہان آباد کی زرخیز مٹی نے بڑے بڑے ادباء وشعراء کو پیدا کیا ایک زمانے میں جہان آباد باذوق لوگوں کا مسکن تھا جن میں مولوی کرامت حسین بہار، منشی ریوتی لال بے جان، حکیم رگھوویر سہائے بریاں، ضامن حسین گویا، آنند سروپ بسمل، اندر، دراور کشتہ وغیرہ اسی سرزمین میں پیدا ہوئے۔ان میں فارسی کے شاعر کشتہ بین الاقوامی شہرت رکھتے تھے کشتہ نے حافظ شیرازی کی غزلوں پر شاندار غزلیں کہیں شاہ ایران کشتا کے فارسی کلام سے اتنا متاثر ہوا کہ اس نے خوش ہو کر ایک ضربفت خرقہ اور نقد انعام ایران سے ہندوستان حضرت کشتا کو بھیجے تھے جناب کشتہ سرور جہاں آبادی کے بزرگوں میں سے تھے گویا کہ شاعری سرور کی گھٹی میں شامل تھی۔

انیسویں صدی کا آخیر آتے آتے انگریزی ظلم واستبداد اپنی انتہا کو پہنچ چکا تھا انگریزوں کی ''بانٹو اور راج کرو'' والی پالیسی کے زد میں پورا ہندوستان آچکا تھا۔ اونچ نیچ، ذات پات، ہندو مسلم فرقہ وارانہ فساد اور سیاسی اتھل پتھل ان سب کو سرور اپنی انکھوں سے دیکھ رہے تھے اور محسوس بھی کر رہے تھے جہالت اور نفرت میں دہکتے ہندوستان کی اگ کو صرف ایک ہی طاقت بجھا سکتی تھی اور وہ طاقت تھی وطن اور قوم سے محبت! سرور نے اسی طاقت کا سہارا لیا اور اس دور میں وطن اور ملحقات وطن کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا۔سرور بہت ہی حساس وسیع المشرب انسان تھے ان کی دیش بھگتی میں سبھی مذہب وملت ،رنگ ونسل اور ذات پات کے لوگ شامل ہیں، جب وہ وطن کی بات کرتے ہیں تب جہاں ایک طرف ہندو مذہبی پیشواؤں راجپوت راجاؤں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں تو وہیں دوسری طرف اسلامی پیشواؤں اور رہنماؤں کو بھی خراج عقیدت پیش کرتے ہیں انہوں نے اپنی نظم ''پھولوں کا کنج'' میں ایسے وطن کا تصور پیش کیا ہے جس میں ہر سو امن وامان ہو، خوشحالی اور ترقی کا دور دورہ ہو، سبھی مذہب وملت، رنگ ونسل کے لوگ مل کر وطن کو ایک ایسا چمن بنائیں جس میں نہ گلچیں کا ڈر ہو، نہ صیاد کا کھٹکا۔

پھولوں کا کنج دل کش بھارت میں اک بنائیں
حب وطن کے پودے اس میں نئے لگائیں

پھولوں میں جس چمن کے ہو بوئے جاں نثاری
حب وطن کی قلمیں ہم اس چمن سے لائیں
خون جگر سے سینچیں ہر نخل آرزو کو
اشکوں سے بیل بوٹوں کی آبرو بڑھائیں

ایک ایک گل میں پھونکیں روح شمیم وحدت
اک اک کلی کو دل کے دامن سے دیں ہوائیں
فردوس کا نمونہ اپنا ہو کنج دل کش
سارے جہاں کی جس میں ہوں جلوہ گر فضائیں
چھایا ہوا ابر رحمت کاشانۂ چمن میں
رم جھم برس رہی ہوں چاروں طرف گھٹائیں
مرغان باغ بن کر اڑتے پھریں ہوا میں
نغمے ہوں روح افزا اور دل ربا صدائیں
حب وطن کے لب پر ہوں جاں فزا ترانے
شاخوں پہ گیت گائیں پھولوں پہ چہچہائیں
چھائی ہوئی گھٹا ہو موسم طرب فزا ہو
جھونکے چلیں ہوا کے اشجار لہلہائیں
اس کنج دل نشیں میں قبضہ نہ ہو خزاں کا
جو ہو گلوں کا تختہ تختہ ہو اک جناں کا
بلبل کو ہو چمن میں صیاد کا نہ کھٹکا
خوش خوش ہو شاخ گل پر غم ہو نہ آشیاں کا
حب وطن کا مل کر سب ایک راگ گائیں
لہجہ جدا ہو گرچہ مرغان نغمہ خواں کا
ایک ایک لفظ میں ہو تاثیر بوئے الفت
انداز دل نشیں ہو ایک ایک داستاں کا
مرغان باغ کا ہو اس شاخ پر نشیمن
پہنچے نہ ہاتھ جس تک صیاد آسماں کا
موسم ہو جوش گل کا اور دن بہار کے ہوں
عالم عجیب دل کش ہو اپنے گلستاں کا
مل مل کے ہم ترانے حب وطن کے گائیں
بلبل ہیں جس چمن کے گیت اس چمن کے گائیں

اہل وطن انگریز حکومت اور انگریزوں سے کچھ اس قدر مرعوب ہو چکے تھے کہ انہیں اپنی تہذیب، بود و باش ہیچ نظر آنے لگے تھے وہ ہر معاملے میں انگریزوں کی پیروی کو باعث افتخار سمجھنے لگے تھے ہر طرف حسرت و یاس اور ناامیدی کے بادل چھائے ہوئے تھے سرور اس وقت اپنی شاعری سے وطن کی عظمت رفتہ کی داستانیں کچھ اس طرح رقم کر رہے تھے۔

خاک میں تیری بسالت کے وہ جوہر ہیں کہاں
سرنگوہیں اب زمین پر تیری عظمت کے نشاں
رزمگہ میں باندھ اپنی ہوا دو چار دن
کھول کر کیوں تو نے رکھ دی اپنی تیغ خون فشاں
خون رلاتی ہے تیری نوک سنا کی دل کو یاد
بن کے نشتر لیتی ہے اب تک جگر بھی چٹکیاں
او کماکش یاد کر کے کارناموں کو تیرے
روتی ہے رکھ رکھ کہ پلہ تیر کا منہ پر کماں
کارناموں کو تیرے بھولی نہیں یہ سرزمیں
تیری عظمت کی ہے اب تک ان لبوں پر داستاں
(چتوڑ کی گزشتہ عظمت)

سرور نے وطن عزیز کے عروج و زوال کی کہانی کو کچھ اس طرح سے سنایا جس سے ہندوستانی قدیم تہذیب و تمدن کے نقوش ابھرائے۔ ہندوستان کی تہذیب دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں سے ایک ہے جہاں یونان، مصر، روما کی تہذیبیں مٹ کر قصہ ماضی بن چکی تھیں مگر ہندوستان کی قدیم تہذیب کے تن مردہ میں ابھی بھی زندگی کی رمق باقی تھی اور سرور اپنی شاعری سے اسی تن مردہ میں جان پھونک رہے تھے۔

اہ خاک بطن اے سرمہ نور نظر
اہ اے سرمایہ ارائش جان و جگر
تیرے دامن میں شگفتہ تھے کبھی قدرت کے پھول
گندھ رہے ہیں تیری چوٹی میں کبھی وحدت کے پھول
بادہ تہذیب سے خالی تھا جب یورپ کا خم
ایشیا کا آہ جب بیڑا تھا تاریکی میں گم
جب نہ تھی یونان میں علم و ہنر کی روشنی
جلوہ افروز خرد تھی تیرے گھر کی روشنی
(خاک وطن)

بیسویں صدی کی ابتدا ہو چکی تھی وطن کے مصلحین مدبرین کی کوششیں رنگ لائیں، فرزندان وطن دستوری مراعات سے نکل کر سوراجیہ کی مانگ کرنے لگے تھے دھیرے دھیرے ہی سہی اب ملک میں حریت اور سیاسی بیداری کا جذبہ پیدا ہو رہا تھا یہ سیاسی بیداری اس وقت کے انگریز حکمرانوں کو بالکل بھی راس نہ آئی اور انہوں نے تخریبی کاروائی کا سہارا لیتے ہوئے 1905 میں بنگال تقسیم کر دیا وہی پرانی پالیسی بانٹوں اور راج کرو کا سہارا لیتے ہوئے لارڈ قرزن نے ڈھاکہ میں مسلمانوں کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بنگال کی تقسیم کا مقصد مسلم اکثریت صوبہ بنانا ہے کچھ بھولے بھالے مسلمان اس دام فریب میں اگئے اور تقسیم بنگال کی حمایت کرنے لگے جبکہ اکثریت مسلمانوں کی اس سے الگ تھلگ تھی پھر کیا تھا ہر طرف فرقہ وارانہ فسادات کی اگ بھڑک اٹھی اور فرزندان وطن اپس میں ہی دست و گریباں ہونے لگے سرور یہ سب اپنی انکھوں سے دیکھ رہے تھے ان کی انکھیں خون کے آنسو رو رہی تھیں آپ بڑی حساس طبیعت کے مالک تھے خاموش کیسے رہ سکتے تھے جبکہ اس وقت بہت سے ادباء و شعراء حیلہ جوئی کا سہارا لے کر خود کو الگ تھلگ دکھانے کی کوشش کر رہے تھے لیکن سرور نے سامراجی حکومت کی کھل کر مخالفت کی اور ان کے ظلم و ستم کے خلاف اواز بلند کی۔

اہ اے بنگال آلام و مصائب کے شکار
آہ اے کرزن کی پالیسی کے صید بے قرار
آہ اے نخچیرے ناوک خردہ دست ستم
آہ اے خونی جگر خونی کفن خونی مزار
کر کے دو ٹکڑے کلیجے کہ یہ تیرے کون آہ
چل دیا تجھ کو تڑپتا دیکھ کر بیگانہ وار
کرزن بیداد خوں اہل پولیس حکام وقت
تو ہوا اف اف یہ کس کس کی جفاؤں کا شکار
(بدنصیب بنگال)

سرور نے اپنی زندگی میں عملی سیاست میں کبھی حصہ نہیں لیا لیکن جب بھی وطن کے سیاسی نظام نے وطن کی فضا کو زہر آلودہ کرنے کی کوشش کی تب انہوں نے اپنے قلم سے جواب ضرور دیا۔ تقسیم بنگال کی وجہ سے جب پورا ملک خانہ جنگی کا شکار ہو گیا ہر طرف فسادات کا بازار گرم تھا نفرت و حسد کا زہر پورے وطن کی فضا کو مسموم کر رہا تھا یہ دل خراش منظر سرور کے لیے ناقابل برداشت تھا، سرور کو مشترکہ تہذیب سے پیار تھا اور وہ اسی مشترکہ تہذیب کا جنازہ نکلتے ہوئے اپنی انکھوں سے دیکھ رہے تھے تب انہوں نے شہر آشوب لکھ کر وطن کی حالت زار کا ماتم کیا اور وہ اس شہر آشوب میں کسی ذاتی یا شخصی نقصان کا ماتم نہیں کر رہے ہیں بلکہ اس مشترکہ تہذیب اور ہندوستانی قومیت کا ماتم کر رہے ہیں جو صدیوں کے میل و ملاپ اخوت و محبت سے وجود میں آئی تھی آج وہ تہذیب سیاسی بھیڑیوں اور اقتدار پرستوں کے نشانے پر تھی۔

یہ انقلاب ہے کیا آسمان ناہنجار
کہ سارا ملک ہے اب خانہ جنگیوں کا شکار
نفاق و ظلم و حسد آہ قوم کا ہے شعار
کہ ہیں عروج کے بدلے زوال کے اثار

ہر ایک دیار میں بازار رستخیز ہے گرم
ہر ایک شہر میں ہنگامہ ستیز ہے گرم
مئہ نفاق ہے لبریز آبگینوں میں کہ جوش حب وطن اب کہاں مکینوں میں
کدورتیں ہیں دلوں میں عناد سینوں میں
کہ تفرقہ ہے قیامت کا ہم نشینوں میں
نفاق و کینہ ہے ایمان و قوم واویلا
کہ فرد فرد ہیں ارکان قوم واویلا
جگر فگار جدا دل ہے دردمند جدا
کہ قومیت کے ہیں پتلے کا بند بند جدا روش جدا ہے طریقہ جدا پسند جدا
کہ ایک ایک کے ہیں در پہ گزند جدا
یہ غیرت میرے پروردگار کیسی ہے
روش یہ قوم نے کی اختیار کیسی ہے
(شہر آشوب)

سرور نے جس مٹی سے جنم لیا اور جس مٹی میں وہ پل کر بڑے ہوئے اس مٹی کے ذرے ذرے سے انہیں بے پناہ لگاؤ تھا، مادر وطن کا جو تصور سرور نے پیش کیا وہ منفرد اور اچھوتا ہے۔

گوپی چند نارنگ لکھتے ہیں۔ جدید دور کی شاعری سے پہلے حب وطن کا جذبہ علاقائی اور انفرادی تھا آزادو حالی کی جدید شاعری کی تحریک کے بعد حب وطن پر عام طور سے نظمیں لکھی جانے لگی تھیں اور ہندوستان کو شاعروں نے بحیثیت مجموعی پیش کرنا بھی شروع کر دیا تھا لیکن سرور کا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے وطن کا تصور ماں اور دیوی کی حیثیت سے کیا۔ ۳۔

سرور نے اپنی نظم مادر ہند جو کہ بنکم چند چٹرجی کی بندے ماترم کا ترجمہ ہے، اس میں مادر وطن کی شفقت و محبت، ناز و نعم اس کی خوبصورت گود میں پل رہے حسین چرندوں، پرند لہلہاتے سبزے اچھلتی کودتی ندیوں اور دیگر اشیاء کا ذکر نہایت ہی خوبصورتی کے ساتھ اپنے منفرد انداز میں کیا ہے۔

واہ یہ جہاں بخش پانی یہ ہوائے خوشگوار
یہ تر و شاداب و شیری میوہائے خوشگوار
ٹھنڈی ٹھنڈی عطر میں ڈوبی ہوئی باد جنوب
سبز کھیتوں کی فضائیں اور یہ میدانوں کی دوب
ضل شفقت ہو تیرا اے مادر مشفق دراز
خاک پر کیا کیا تیری ترے مکینوں کو ہے ناز
تیرا دیوا ستھاں دیوی دل کے کاشانے میں ہے

تیری تصویر مقدس ہر صنم خانی میں ہے
لکشمی ہے تو زمانے میں اجالا ہے تیرا
ہر کنول کا پھول پانی میں شوالہ ہے تیرا
سرسوتی کا روپ ہے درگا کا ہے اوتار تو
نطق و دانش کی ہے دیوی مادر غم خوار تو
اف یہ سندر چھب تیری یہ سانولی صورت تیری
دل کے مندر کی ہے زینت موہنی مورت تیری
(مادر ہند)

سرور کی شاعری کا منبع و مصدر ہی عشق ہے اور اس عشق میں وطن کا مقام سب سے ارفع و اعلی ہے۔
بقول حکم چند نیر۔ جن شاعروں نے متحدہ ہندوستانی قومیت کی تعمیر و تشکیل اور ازادی کی جدوجہد میں حصہ لیا ہے سرور جہاں ابادی کا نام ان میں یقینا سر فہرست آتا ہے بقول رام بابو سکسینہ سرور اردو کا واحد شاعر ہے جو ہمارا قومی شاعر کہلانے کا مستحق ہے۔۴۔

حواشی

۱: سرور جہان آبادی حیات اور شاعری: ڈاکٹر حکم چند نیر: ادارہ فروغ اردو لکھنو ۱۹۶۸ صفحہ ۱۸۷، ۱۸۸
۲: ہندوستان کی تحریک ازادی اور اردو شاعری گوپی چند نارنگ قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان ۲۰۰۳ صفحہ ۲۵۷
۳: ہندوستان کی تحریک ازادی اور اردو شاعری گوپی چند نارنگ قومی کونسل برائے فروخت اردو زبان ۲۰۰۳ صفحہ ۴۹۷
۴: سرور جہان ابادی سرور جہان ابادی حیات اور شاعری ڈاکٹر حکم چند یہ ادارہ فروغ اردو لکھنو ۱۹۶۸ صفحہ ۱۸۷، ۱۸۸

☆☆☆

ALGEBRA AND ALGORITHMS : A NEW STAGE IN THE DEVELOPMENT OF MATHEMATICAL SCIENCE.

DR. JAWAID AHMAD, ASST. Prof.

Dept. of Education, R.K. College

MADHUBANI-847211, Bihar, INDIA

Abstract : In the 11th century, the Arab mathematical foundation was one of the strongest in the world. The Muslim Mathematician had invented geometrical algebra and had taken it to advanced level, capable of solving third and fourth degree eqations. The world witnessed a new stage in the development of Mathematical sciences driven by the numerous translated works from Arabic into European languages.

Key Words :- Geometrical Algebra, Arithmetic, Mathrmatics

Introduction : Al- khwarizmi was very infuluential with his methods on arithmetic and algebra which were translated into much of southern Europe. Again the translations become popular as algorismi – a term which is derived from the name of Al-khwarizmi. Not all went smoothly none the less. The Arabic numerals introduced by Al-khwarizmi, like much of new mathematics, were not welcomed whole heartedly. In fact in the year 1299, there was a law in the commercial centre of Florence (Italy) for bidding the use of such numerals. Initially, only universities dered use them, but later they become popular with merchants and eventually became commouly used.

In time, Europe realised the great potential value of Arab mathematical contributions and put into popular use all that secmed practicle. The sciences with mathematics as their essence, flourished and developed into the discipline we know today.

None would have been the same though, had it not been for that book on restoration, or had the zero not been invented, of had the Arabic numerals not made their way to Europe. That fondness of science which inspired an early Arab mathematician to propose calculating by al-jabra and al-muqabala did much to make the world run as we know it today.

